Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم !!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روشن مستقبل

از قلم

شہریار قریشی

یہ ہے شیر یار قریشی اپنے نام کا ایک۔زمانے کا بگڑا ہوا انسان۔ایک وقت تھا جب اس کی شرافت کی مثال دی جاتی تھی مگر پھر حالات نے پلٹا کھایا اور یہ لڑکا بدنامی کی دنیا میں ضرب المثل بن گیا۔سگریٹ۔اور کبھی شراب کا جام بھی اس کے ہاتھوں میں ہوتا تھا۔ایک کمزور اور ڈرپوک لڑکا جسے چلنے بھی نہیں آتا تھا کوئی نہیں جانتا تھا کہ یہ اتنا پرفیکٹ ہوگا زمانے کی گردشوں نے اسے لوہے جیسا سخت بنا دیا۔پیار نام کی کوئی چیز اس کی ڈکشنری میں نہیں تھی۔لڑکیوں کے ساتھ عیاشی اس کا معمول تھا۔اسے فائٹ کا جنون کی حد تک شوق تھا۔فائٹ سے قبل جس کھیل یا کام سے اسکا واسطہ پڑتا اس میں اپنے جھنڈے گاڑ دیتا اس کے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا اس خداداد ذہانت بڑوں بڑوں کو حیرت میں ڈال دیتی تھی۔گھر میں ماں نہیں تھی اور باپ کا خواب تھا بیٹا عالم بنے اور وہ کچھ حد تک کامیاب بھی ہوا تھا بلکہ کامیاب ہی تھا ہر شخص اس سے امید لگا کر بیٹھا تھا۔مگر اسے کسی کی فکر نہیں تھی۔اس نے فائٹر بننے کا سوچا اور ایک کلب کے پاس پہنچ گیا۔رات کا پہر تھا اور کلب

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس بند ہو چکا تھا اور جانے والے اپنی راہ کا تعین کر چکے تھے سوائے ایک جیپ کہ اس میں کوئی ایک ہی وجود تھا۔جب اس نے گاڑی کا شیشہ بجایا تو سامنے ایک عبایا پہنے لڑکی جلوہ گر تھی۔کیا آپ ادھر فائٹ سیکھتی ہیں ؟شہری نے سوال کیا تھا۔نہیں مختصر جاب دیکر بڑی بیزاری سے اسنے گاڑی اسٹارٹ کی۔اچھا تو آپ سکھاتی ہونگی۔اپنے سوال کا خود جواب دیتے وہ گویا ہوا تھا۔نہیں پھر وہی مختصر آیا تھا۔شہری آگ بگولا ہو گیا کیا ایک دفعہ نہیں بول سکتی یہ اس نے دل میں سوچا تھا۔پھر آپ کونسا کام سرانجام دیتی ہیں۔میں تمہارے سوال کا جواب دینے کی پابند نہیں۔اس نے گویا دھماکا کر دیا تھا۔اب شہری آپے سے باہر ہو کر بولا۔ تمہیں تمیز نہیں ہے کیا ایک بندہ تم سے معلومات لیتا ہے اور تمہارے نخرے ہی ختم نہیں ہوتے تم لڑکیاں ہوتی ہی ایسی ہو ادائیں دکھانے کے علاوہ تمہیں دوسرا کام آتا نہیں۔وہ جب بولا تو بولتا چلا گیا۔اس کی باتیں سنکی زینب کو آگ لگ چکی تھی وہ نہیں جانتا تھا وہ کس سے مخاطب ہے شہر کی امیر ترین ارب پتی لڑکی تھی یہ اپنے باپ کی اکلوتی وارث اور ساتھ ساتھ بڑے بڑے فائٹروں کی استاد تھی وہ کسی کی سننے کی عادی نہیں تھی تو اب بولنے کی باری اسی کی تھی۔میں اس کلب کی مالک زینب شاہ ہوں بڑے سپاٹ لہجے میں بول کر۔دھماکہ کر چکی تھی شہری کا سر چکرا چکا تھا وہ اپنا کام خود ہی بگاڑ چکا تھا۔کیا کام ہے تمہیں بیزاری سے وہ بولی تھی۔میں فائٹ سیکھنا چاہتا ہوں اس نے بڑی مشکل سے اپنا اعتماد بحال کر کے کہا تھا۔کل آجانا مینیجر کے پاس وہ تمہیں سب بتائے گا۔مس نے اسطرح نہیں سیکھنی۔اوہ مسٹر ہمارے فائٹر گھر سکھانے نہیں جاتے۔وہ دھاڑی تھی۔تو کیا ہوا میں خود آپکے گھر سیکھنے آجائونگا۔اس کی قسمت خراب تھی یا قسمت مہربان تھی۔مگر زینب بھڑک

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چکی تھی۔اس کے فائٹر بھی کسی کوپروٹوکول نہیں دیتے تھے اور زینب کسی کوپروٹول دے یہ ناممکن تھا اور ایک لڑکے کے متعلق ایسا سوچ بھی نیہیں سکتی تھی۔کیا مطلب تمہارا میرے گھرآوگے زینب نے اسکا کالر پکڑلیا تھا اور قریب تھا کہ اس کا سر شیشے میں مارتی اچانک ایک آواز آئی تھی رکو زینب۔سیٹھ کے پیچھے ایک لڑکی کی آواز تھی شہری نے اسے دیکھا تو بس دیکھتا رہ گیا۔بلیک جینز بلیک پینٹ اور بلیک گلاسز اور بلیک کیپ چاند سا چہرا تھا شہری مبہوت ہوکررہ گیا آج کل اس کی جو گرل فرینڈ تھی بلا کی حسین تھی اور شہری کو یقین تھا کہ لاہور میں اس جیسی نہ ہوگی مگر اس لڑکی کو دیکھ کر اسکا یقین کا شیشہ کرچی کرچی ہوگیا تھا وہ اپنی عادت سے مجبور اس کے حسن میں مستغرق ہوچکا تھا۔پہلے اسکی بات اچھی طرح سن لو یہ کیا کہنا چاہتا ہے۔شہری اسی بلیک جینز والی سے گویا ہوا۔مجھے اس طرح سیکھنے میں وقت لگے گا اگر کوئی اکا مجھے سکھائے تو میں جلدی سیکھ سکتا ہوں اس نے اپنا اندیشہ بیان کرتے ہوئے کہا اگر زینب میم نہیں سکھا رہی تو آپ سکھادو اس کی اس بات پر دونوں کا منہ کھلا رہ گیا۔یہ میری میم ہیں انہوں نے ہی مجھ سے کہا تھا کہ لڑکوں کو نہیں سکھانا اور می نے بھی فائٹ سکھانا چھوڑدی ہے اس لئے اب تم یہاں سے نکلو۔زینب غصے سے بولی۔وہ جو یہ سوچ کر بیٹھا تھا کہ یہ بلیک جینز والی حسینہ نرم دل ہے اسی سے سیکھونگا اور کچھ وقت گزارونگا یہ اسکی خام خیالی تھی۔وہ جانے کیلیئے مڑا اور کہنے لگا معاف کیجئے گا میں نے آپ کا وقت ضائع کیا آپ میرا نمبر رکھ لیں اگر آپ کو لگے میرے لئے کوئی راہ نکل سکتی ہے تو مجھے فون کردیجئے گا دونوں لڑکیاں حیران تھی یہ لڑکا یا تو پاگل تھا یا بلا کا ذہین۔اصولا اسے نمبر لینا چاہیے تھا اور وہ کلب کا مگر یہ لڑکا اپنا نمبر دینے پر تلا ہوا تھا۔ایسا ڈھیٹ ذھین لڑکا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انھیں پہلی بار ٹکراتھا۔اس سے پہلے زینب کچھ بولتی میم نے کہا لیلو نمبر۔ نمبر نوٹ کرانے کے بعد اس نے ایک اور فرمائش کی مجھے مسکال کر دیں تاکہ آپ کو یاد رہ جائے اور اس کا تیر نشانے پر لگ چکا تھا کمال مہارت سے اسنے دونوں کا نمبر لیکر جا چکا تھا۔

نمبر لینے کے بعد وہ ابھی کچھ آگے چلا ہی تھا کہ ایک دم اس کے کان میں آواز آئی۔ میم آپ سیالکوٹ جائینگی یا ادھر ہی رکیں گی۔ایک لڑکی بڑے ادب سے بولی تھی۔ نہیں میں سیالکوٹ جاؤنگی اس نے بڑے سپاٹ لہجے میں کہا تھا۔ شہری نے یہ سنکر اپنا پلان بنانے لگا اور آہستہ چلنے لگا۔ابھی گاڑی زینب نے اسٹارٹ ہی کی تھی کے بڑی پھرتی سے وہ آیا اور بولا میم آپ سیالکوٹ جا رہی ہیں؟ وہ بڑی آس سے بولا تھا۔ تمہیں اس سے مطلب؟ زینب نے تفتیشی نظر سے اسے دیکھا تھا وہ اصل میں مجھے شاہدرے کام ہے اور اس وقت گاڑی بھی نہیں ملے گی اور آپ لوگ شاہدرہ گزر کر جاؤ گے۔ تو زینب نے مٹھی بھینتے ہوئے کہا۔آپ مجھے راستے میں ڈراپ کر دیں پلیز۔۔زینب کا غصے سے برا حال تھا مگر کچھ کر نہ سکی کیونکہ میم موجود تھی۔بٹھالو اسے ۔میم نے بغیر اس کو دیکھے کہا تھا پر میم ہم اس لڑکے کو نہیں جانتے کہیں کچھ؟ زینب بولی یہ لڑکا ہمارا کچھ نہیں کر سکتا بٹھالو اور پلیز بحث مت کرو اس حسینہ نے جواب دیا تھا۔شہریار گاڑی میں بیٹھ گیا اس کا کام ہو گیا تھا اور ویسے بھی وہ حسینہ تھی ہی ایسی۔ تھوڑی دیر بعد گاڑی چلنے لگی ابھی کچھ دیر چلی ہی تھی کہ شہری کو کال آنے لگی جب اوپر اسکرین پر نمبر دیکھا تو گھبرا گیا یہ اس کی گرل فرینڈ کی کال تھی مگر شہری اس حسینہ میں گم تھا کال اس نے کاٹ دی تھی۔ تھوڑی دیر بعد شہری نے آغاز گفتگو کیا میم آپ کا کیا نام ہے۔اس حسینہ نے جس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

طرح کے چہرے بنا کر شہری کو دیکھا تھا اس کا اوپر کا سانس نیچے اور نیچے کا اوپر رہ گیا تھا وہ میم آپ کا نمبر سیو کرنا تھا اس لئے وہ ڈرتے ڈرتے گویا ہوا۔ ہبہ اسکے چہرے سے نظر ہٹا کر بولی تھی۔ ہبہ شہری نے یہ نام کئی بار اپنے دل میں دل کی تختی پر لکھا تھا۔ اچھا واہ اسکا مطلب مجھے آپ سے بہت سارے گفٹ ملیں گے واہ واہ شہری مسکراتے ہوئے بولا۔ وہ کس خوشی میں؟ ہبہ تفتیشی انداز میں گویا ہوئی اس لئے آپ کا نام ہبہ ہے اور ہبہ تحفے کو کہا جاتا ہے۔ ایک نظر اس پر ڈال کر ہبہ نے رخ موڑ لیا اور اپنے بیگ سے دو ڈبے نکالے جس میں بریانی تھی۔ بریانی ہمیشہ شیری کی کمزوری تھی۔ میم مجھے بھی بھوک لگی ہے۔ تو ہم کیا کریں زینب غصہ سے بولی۔ میم مجھے بھی کھلا دیں۔ دونوں ہی حیران ہوئیں۔ آج ایک گھنٹے مجھے مہمان سمجھ لیں۔ نہ چاہتے ہوئے بھی زینب مسکرا کر بولی میم میرے والا اس کو دے دیں۔ نو زینب تم میرے والا دے دو۔ میم ہم دونوں ایک ہی میں کھا لیتے ہیں شہری نے مسئلہ حل کیا۔ تو یہ دونوں تم ہی کھا لو ہبہ چڑ کر بولی۔ اب میں اتنا برا بھی نہیں کہ اپنے میز بانو کو بھوکا رکھوں۔ اس سے اچھا تو یہ ہے کہ میں خود بھی نہ کھاؤں دنیا بھر کی اچھائی اپنے چہرے پر لا کر بولا۔ زینب تو ساتھ مر کر بھی نہ کھاتی پر ہبہ ساتھ کھانے کیلئے تیار ہو گی اور دونوں کھانے لگے۔ اب کھانے کے دوران شہری نے جاسوسی شروع کر دی۔ میم آپ سیالکوٹ رہتی ہیں؟ ہمم۔ میم ہمارے بھی بہت سارے رشتے دار ہیں۔ میم آپ کی قوم؟ قریشی۔ میم میری بھی یہی ہے۔ میم آپ لوگ انڈیا سے ہجرت کر کے آئے تھے؟ ہمم میرے دادا آئے تھے۔ گڈ میم میرے بھی دادا ہی آئے تھے۔ میم ہماری قوم بھی ایک ہے ہو سکتا ہے ہماری آپس میں رشتے داری ہو وہ اظہار خیال کرنے لگا۔ کاش میرے دادا سیالکوٹ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہ جاتے تو کتنا اچھا ہوتا میں بھی آپ کے ساتھ ہوتا اور آپ کی طرح فائٹر ہوتا وہ دکھ بھرے لہجے میں بولا

۔ مگر ہبہ سپاٹ چہرا لئے خاموش رہی اور پھر بولی تم کراچی سے ہو۔ نہیں جی میم بس وقت ادھر گزارا ہے وہ

دکھ بھرے لہجے میں بولا۔ ہمم۔ ہبہ کولڈرنک کا ایک سپ لیتے بدلی۔ تم فائٹ کیوں سیکھنا چاہتے ہو؟ اب

کی بار زینب بولی تھی۔ میرا شوق ہے میم اور کیا شوق ہے تمہارا۔ میم اب صرف فائٹ کا شوق ہے

۔ اچھا پہلے کس چیز کا شوق تھا۔ پڑھائی کا۔ وہ گویا ہوا

اور کیا کیا کھیلا تھا تم نے۔ میم ہر گیم ہی کھلی ہے اور سب میں اول رہا ہوں اور شاعری بھی کرتا ہوں۔ اچھا ہبہ

حیران ہوتے بولی۔ اور اسے دیکھنے لگی نین نقش تو ٹھیک ہیں پر رنگت گندمی تھی۔ میم میرا رنگ سرخ سفید

تھا لڑکیاں کیا لڑکے بھی میرے پیچھے پاگل تھے وہ فخر اور دکھ سے ملے جلے تاثر لئے بولا۔ اچھا ویسے لڑکیاں تو

اب بھی مرتی ہیں تم پر۔ کیا مطلب میم وہ ڈرتے ہوئے بولا ابھی کس معشوقہ کی کال تھی؟ وہ گڑ بڑا گیا۔ کسی

کی نہیں۔ اس سے پہلے لفظ نہیں پورا ہوتا ہبہ دھاڑی تھی کبھی مجھ سے جھوٹ مت بولنا زندہ گاڑ دو نگی۔

سوری میم آئندہ نہیں ہو گا وہ گویا ہوا۔ ہبہ نے اپنی نظر پھر لی اور بولی فائٹنگ پر توجہ دو یہ لفظ سننا تھا شہری چیخ

کر بولا واہ۔ مطلب آپ مجھے ایکسیپٹ کر چکی ہیں۔ زینب اسے تم فائٹ سکھاؤ گی۔ میم میں کیوں ہر گز نہیں

۔ زینب ایک پردے والی لڑکی تھی جبکہ ہبہ کردار کی اچھی ضرور تھی پر پردہ کم ہی کرتی تھی۔ میم میں کسی اور

کو کہہ دیتی ہوں وہ سکھا دے گا۔ نو زینب تم ہی سکھاؤ گی بٹ میم۔ زینب تم پردے میں رہ کر بھی یہ سب

کر سکتی ہو۔ اب۔ زینب کے پاس کوئی جواب نہیں تھا۔ اور خرچہ سارا تم کرو گی۔ جی میم زینب سر ہلا کر رہ گئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔میم آپ سکھادیں نا۔اب شہری بولا تھا۔نہیں میں لاہور کبھی کبھی آتی ہو اور زینب میری ہونہار پہلی اور آخری شاگرد ہے وہ سکھائے گی۔ج میم اور ضرورت پڑنے پر میں بھی سکھادونگی۔ہبہ بوتل ختم کرکے بولی تھی خیر شہری کا کام ہو گیا تھا۔شاہدرہ قریب آچکا تھا ہبہ نے پرس سے سیگریٹ نکالے تھے اور ایک سلگا لیا تھا جبکہ شہری کو آگ لگ گئی تھی مگر پھر شہری نے بھی سگریٹ لگالی ہبہ کو بہت غصہ آیا تھا پر کچھ کہنا سکی

شاہدرے پر گاڑی روک کر شہری اترنے لگا تو ہبہ 5000 اسے پکڑا دیئے شہری میں اس حسینہ کا حکم ٹالنے کی ہمت نہیں تھی لہذا چپ چاپ لیکر چلا گیا اور زینب نے گاڑی سٹارٹ کردی۔

راستے میں زہنب بولی میم مجھے سمجھ نہیں آئی آج تک ہم نے کسی لڑکے گھسنے نہیں دیا اور آپ نے اسے فائٹ سکھانے کی بات کی اور وہ بھی مجھے آرڈر جاری کیا بلکہ آپ نے اپنا رول بھی توڑ دیا۔

زینب میں کچھ نیا چاہتی ہوں ہم بہت بڑی فائٹر ہیں مگر آج تک ہم نے کوئی کپ نہیں جیتا کیونکہ ہم پردے والے لوگ ہیں اسی لئے ہم نے ٹورنامنٹ نہیں کھیلے

مگر میں چاہتی ہوں کہ ہم کسی اور کو تیار کریں جو یہ سب جیتے اگرچہ ہمیں ان سب چیزوں کی ضرورت نہیں ۔مگر پھر بھی پروفیشل یہی ہے ہبہ اپنی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے بولی۔بٹ میم سارا پاکستان جانتا ہے اس وقت سب سے بڑی فائٹر آپ ہو اور دوسرے نمبر پر میں۔ان کپوں کی کیا اوقات ہے۔زینب بولی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم حجاب کو کیسے بھول گئی ہو اس وقت ٹاپ فائٹر وہ ہے۔ حجاب کا نام سنتے ہی زینب کے اندر آگ بھڑک چکی تھی بے خیالی میں وہ حجاب کو بھول چکی تھی اور حجاب اسکی ازلی دشمن تھی۔ حجاب کی فوج نے زینب کی فوج کا نقصان کیا تھا حجاب عمر میں ان دونوں سے چھوٹی تھی مگر نہ حجاب کو ان دونوں نے دیکھا تھا اور نہ ان دونوں نے حجاب کو مگر ٹاپ فائٹر حجاب ہی تھی۔ اسے تو میں چھوڑونگی نہیں اس نے آپ کے ساتھ بھی بد تمیزی کی تھی زینب سرخ آنکھوں کے ساتھ بولی تھی۔ کوئی بھی جلد بازی مت کرنا زینب تم ہی میرا مان ہو۔ ہبہ نے کش لیتے ہوئے کہا تھا۔ اوکے میم

توکیا شہری ہماری امیدوں پر پورا اترے گا کیا وہ آپ کے خواب پورے کر سکے گا۔ زینب بولی تھی

امید تو ہے۔ میں نے اس کے ارادے مضبوط دیکھے ہیں آگے دیکھو کیا ہوتا ہے ہبہ آخری کش لیتے ہوئے پر تجسس لہجے میں بولی تھی ۔

ہبہ کی بات سن کر زینب خاموش ہو چکی تھی۔ ہبہ کی بات وہ ٹال نہیں سکتی تھی۔ مگر زینب کیلیئے یہ سب بہت مشکل تھا۔ تھوڑی دیر بعد زینب نے گاڑی ایک بنگلے کے سامنے اتری اور دونوں بنگلے میں چلی گئی ۔ شہری نے سیگریٹ نکالی اور دکان سے کولڈرنک لی اور کش پہ کش لگانے لگا اور سوچنے لگا میم کو مجھ پر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹرسٹ ہے جبھی انہوں نے اتناپروٹوکول دیا۔ میم نے ضرور کوئی کام مجھ سے لیناہے مگر میم میری آزادی نہ چھین لیں وہ آخری کش لیتے ہوئے سوچنے لگااور پھر داتادربار پراس نے حاضری دی اور صبح آٹھ بجے اپنی گرل فرینڈ سے ملنے آگیا۔ تم نے میری کال کیوں کاٹی تھی نور غصے سے بولی۔ ایم سوری میں بزی تھااس نے معزرت کرتے ہوئے کہا۔ اچھااوکے بٹ بتادیناتھانور سپاٹ لہجے میں بولی۔ پھر وہ دونوں ایک دوسرے میں کھوگئے۔

چھٹی کے وقت شہری گھر پھونچاآج اس نے مدرسے میں حاضری نہں دی تھی بلکہ سارادن آوارا گردی میں گزارا۔ اور شام کو کلب پہنچ گیااور جاتے ہی میم کو کال کر دی۔ ہیلو میم میں شہری کلب پہنچ گیاھوں۔ اوکے میں آتی ہوں بڑی بیزاری سے بولی تھی۔ تھوڑی دیر بعد زینب آئی اور تمام اسٹوڈنٹ کواپنی طرف متوجہ کیا یہ ہمارانیااسٹوڈنٹ ہے شہری۔ میم زینب کی بات کرکے ہر لڑکی حیران تھی اسٹوڈنٹ وہ بھی لڑکا۔ میں جانتی ہوں کہ آپ سب کو حیرانی ہوگی بٹ یہ میم ہبہ کا حکم ہےاوراس کو صرف میں گائیڈ کرونگی۔ دھماکے پردھماکا کرکے زینب جاچکی تھی۔

وہ

ڑکیاں ایک کے بعد ایک شہری سے تعارف لے رہی تھی اور شیری بیحد خوش تھاسب لڑکیاں ہی کیوٹ تھیں۔ تھوڑی دیر بعد ایک لڑکی آئی اور بولی آپ کو میم زینب بلارہی ہیں۔ شہری ہاں میں سر ہلاتے چل دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔اندر داخل ہوا تو سامنے زینب جلوہ گر تھی اور نقاب ہی میں تھی۔ شہری اب تک صرف اس کی آنکھیں ہی دیکھ سکا تھا۔ تم نے خود محنت کرنی ہے اور تمہارا ٹارگٹ سب سے بڑا فائٹر بننا ہے کسی بھی چیز کی ضرورت ہو بے جھجک بتانا۔ جی میم تابعداری سے سر ہلایا تھا۔ اور ہاں اہم بات اپنی آوارا گردی اور عیاشی کے اثرات باہر تک محدود رکھو تو بہتر ہو گا انگلی سے وارن کرتے ہوئے وہ غصے سے بولی تھی۔ کیا مطلب میم؟ بڑے معصوم انداز میں بولا۔ زینب نے شیشہ آگے کر دیا شیشہ دیکھتے ہی شہری کا منہ شرم سے جھک گیا کیونکہ ہونٹ پر لپسٹک کا نشان اور گردن پر ناخن کے نشان بتا رہے تھے کہ وہ کونسا کارنامہ انجام دیکر آیا ہے۔ ایم سوری میم ۔دفعہ ہو جاؤ ذلیل انسان۔ زینب دھاڑی تھی

شیری نے جلدی جا کر منہ صاف کر لیا مگر گردن پر نشان ہنوز باقی تھے

کٹ پہن کر وہ تیار تھا زینب نے اسے سمجھانا شروع کیا۔ اسے فائٹ کے اصول سمجھانے لگی اور کچھ کچھ اس کو ککس کے بارے میں بھی بتایا۔ سمجھ تو وہ سب گیا تھا مگر پریکٹیکل نہیں کر پا رہا تھا ٹائم ختم ہوا تو اس نے گھر کی راہ لی مگر آج زینب اس سے مخاطب تھی سگریٹ بوتل وغیرہ تم نہیں پیو گے اور کھانا ناشتہ سب تمہیں میں سرو کرونگی۔ اس حکم پر شہری پریشان ہو گیا مگر اس کو ہمت کرنی تھی کچھ پانے کیلئے کچھ کھونا تو پڑتا ہے۔

رات مدرسے پہنچ کر صبح اٹھ گیا ابھی منہ دھو کر بھی نہیں آیا تھا کہ راشد بولا بھائی تمہارا ناشتہ آیا ہے۔ واٹ شہری حیران رہ گیا۔ میم زینب اس کا ناشتہ بھیج دیا تھا۔ ناشتے کا ٹفن کھولا تو حیران رہ گیا اتنا سرا آملیٹ جوس اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پتا نہیں کیا کچھ تھا ابھی وہ سوچ ہی رہا تھا کہ یہ سب کیسے کھائے گا اچانک موبائل پر میسج آیا تھا۔ یہ سب تم نے کھانا ہے خبر دار جو کسی کو ایک نوالہ بھی دیا اور ایک لقمہ بھی ضائع نہیں ہونا چاہیے میں نے خود بنایا ہے۔ خیر شہری نے ناشتہ کرنا شروع کیا اور ساتھ دوا بھی استعمال کی جس سے کھانا سارا ہضم ہو گیا۔ اور ساری کلاس اس کی کاروائی دیکھ رہی تھی اور حیران تھی کہ سب کچھ کھا گیا اور پوچھا تک نہیں۔

پھر یہ روز کا معمول بن گیا آخر کار انچارج کو یہ بات پہنچ گئی کہ یہ لڑکا باہر سے کھا رہا ہے۔ یہ ناشتہ کہاں سے آتا ہے۔ انچارج صاحب بولے۔ جی وہ میرے فرینڈ کے گھر سے۔ کل سے یہ سب نہیں ہونا چاہیے کیونکہ بچے احساس کمتری کا شکار ہوتے ہیں آپ میری بات سمجھ لیں۔ شہری جانتا تھا کہ کچھ نہیں ہو سکتا اور اصل وجہ یہ تھی کہ لڑکے شہری سے خار کھاتے تھے کہ ہمیں نہیں کھلاتا۔

خیر اس نے یہ معاملہ زینب کے سامنے رکھا اور اس کا ایک ہی حل تھا کہ شہری کو الگ روم دے دیا جائے

تاکہ سب کچھ جاری رکھ سکے بڑے سوچ بچار کے بعد زینب نے اسے کلب کے اندر ایک روم دے دیا اور چابیاں بھی۔ شہری کی خوشی کا ٹھکانہ ہی نہیں تھا کیونکہ اب شہری آزاد تھا اس روم میں اسموکنگ۔ ڈرنکنگ سب کچھ ہو سکتا تھا اور اسے فکر بھی نہیں تھی۔

وقت گزرتا جا رہا تھا شہری کک اور پنچ سیدھے کر چکا تھا اور دو مہینے اس کو ہو چکے تھے۔ مگر زینب جیسا چاہتی تھی ویسا نہیں تھا۔ آج وہ پریکٹس کے دوران زینب کو مار رہا تھا کہ اچانک زینب نے اس کو ہلکا سا ہاتھ مارا۔ ہاتھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مارتے ہی کڑک کی آواز آئی اور زینب گھبرا گئی اتنا سا بھی اس سے برداشت نہیں ہوا تھا اور زینب نے فوراً ڈاکٹر کو بلایا۔ڈاکٹر نے آکر چیکپ کیا اور کہا اس کا ایکسرے کروائیں۔

زینب اسے اسپیشلسٹ کے پاس لے گئی۔اسپیشلسٹ نے سب ٹیسٹ اور ایکسرے کر کے بتایا میم اس لڑکے کی ہڈیاں کمزور ہیں۔پہلے ہڈیاں اور جسم بنے گا پھر ہی یہ کچھ کر سکے گا اور ہڈی ٹوٹی نہیں بلکہ مڑ گئی ہے

شکر ہے زینب نے تھکے ہوئے لہجے میں کہا۔زینب اسے لیکر آگئی تھی۔اور رات کو سب باتیں ہبہ کو بتا دی۔اگلے دن ہی ہبہ لاہور میں موجود تھی۔ تم ٹھیک ہو۔ہاں۔شہری مسکراتے ہوئے بولا۔میم مجھے نہیں لگتا شہری سیکھ لے گا۔زینب نے اپنا اندیشہ بتایا۔اسے ہم سپلیمنٹ یوز کرواتے ہیں جس سے ہڈیاں مضبوط ہوں اور جسم بھر جائے اور اس کی کِکس اور پنچ میں پاور آجائے۔ویسے اتنی ہڈیاں کیسے کمزور ہوئیں؟ ہبہ تفتیشی لہجے میں بولی۔ میم کمزور تو پہلے ہی تھی مگر اسکی عیاشیاں ختم نہیں ہو رہی لڑکیوں سے تو موصوف پرہیز نہیں کرتے۔ میم آپ جھوٹ بول ابھی شہری بول بھی نہیں پایا تھا کہ ہبہ نے رکھ کر تھپڑ مارا تھا اور شہری کے گال پر نشان پڑ چکے تھے کہا تھا اور خون کا فوارا نکلا تھا جو سامنے بیٹھی زینب کے منہ پر پڑا تھا

تم سے کہا تھا نہ کے میرے سامنے جھوٹ مت بولنا ہبہ سرخ چہرے کے ساتھ بولی تھی۔زینب اسے ایک مہینے کا اسٹے دیدو اسے کھلاو پلاو اور فائٹ وغیرہ مت کروانا۔جی جی زینب کانپ کر بولی تھی اور ہبہ کمرے سے نکل گئی اور زینب بھی ساتھ ہی نکل گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حجاب نے باہر آتے ہی سگریٹ لگالیااور کش پہ کش کھینچنے لگی اور زینب خاموش کھڑی تھی کرے تو کیا کرے ۔میم پر ہنوز خاموشی تھی میم زینب نے پھر پکارا۔اب بک بھی دو کیا کہنا ہے۔ہبہ دھاڑ کر بولی تھی۔میم آپ کو شہری کو نہیں مارنا چاہیے تھا۔اچھاتو کیا کرتی اسے ایک لڑکی اور منگوا کر دیتی۔میم وہ بہت کمزور ہے میری برداشت نہیں کر سکتا تو آپ کی کیسے کریگا۔تمہارا عاشق ہے کیاجو اسکی سائیڈ لے رہی ہو۔ہبہ نے طنز کرتے ہوئے کہا۔توبہ میم کیا ہو گیا آپ کو اتنا غصہ کرنے والی کیا بات ہے میں تو یہ سوچ رہی تھی کہ اسے رکھ کر کیا کرنا ہے چلتا کرتے ہیں۔زینب اپنی بات کی وضاحت کرتے ہوئے بولی۔اپنی سوچ اپنے پاس رکھو۔ہبہ دھاڑی تھی اسے پسند ہی نہیں تھا کوئی اسکے کام میں دخل دے پھر وہ چاہے زینب ہی کیوں نہ ہو۔میم یہ ہمارا مقابلہ بھی نہیں کر سکتا حجاب کے سامنے کیسے ٹکے گا۔زینب افسردہ لہجے میں بولی۔لگتا ہے تمہارا دماغ خراب ہے۔تمہیں کس نے کہا میں اسے حجاب کے مقابلے میں یوز کرونگی لگتا ہے حجاب سے بہت ڈرتی ہو تم۔اب ہبہ نے طنز کیا تھا۔میم میں کیوں حجاب سے ڈرونگی فخریہ لہجے میں بولی تھی۔ہم اس کا تو میں وہ حال کرونگی کہ اس کو دنیا میں آنے پر افسوس ہو گا اس کے اندر جو غرور اور انا ہے سب توڑ دونگی ہبہ دوسرا سگریٹ لگاتے بولی تھی۔میم میرا حصہ بھی رکھ لیجیئے گا۔زینب آنکھ مارتے بولی تھی جبکہ ہبہ کو یہ انداز بھایا نہیں تھا۔سنا ہے اس کا بھائی معیز اس کا رشتہ ڈھونڈ رہا ہے ہبہ حقارت سے بولی تھی۔بٹ اس نے شادی نہیں کرنی۔زینب پر یقین ہو کر بولی تھی۔ویسے میم آپ کب اپنے ہاتھ پیلے کر رہی ہیں بائیس کی آپ ہو چکی ہیں۔زینب جھکتے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوئے بولی۔ بکواس بند کرلو ورنہ یہ تھپڑ تمہیں بھی پڑے گا ہبہ چلا کر بولی۔ میم آپ سگریٹ چھوڑدیں پردہ کیا کریں۔ زینب بولی تھی۔ تمہیں میں نے بولا ہے اس ٹاپک پر بات مت کیا کرو۔ تو کیا میم آپ اپنی زندگی ایسے ہی گزارو گی۔ تم تو جیسے تین بچوں کی ماں بن چکی ہو۔ ہبہ پلٹ کر بولی تھی۔ میم میرا ابھی دل نہیں ہے شادی کا بیس سالہ زینب بولی تھی۔ ہمم۔ ہبہ نے سر ہلا کر کہا تھا۔ اوہ شٹ تم جاؤ روم میں اس خبیث کے پاس اور اسکی مرہم پٹی کرو۔ ہبہ نے آرڈر دیا تھا۔ نو میم اچھا میں جاتی ہوں۔ ویسے میم لڑکیوں کی جیسا نازک ہے یہ آپ کو کیا لگتا ہے رو رہا ہو گا۔ نہیں ہبہ سپاٹ چہرے سے بولی تھی۔

تھوڑی دیر میں ہبہ کمرے میں آئی اور اسکا منہ دھلوایا۔ ہبہ کا لمس اپنے چہرے پر محسوس کر کے وہ اپنا ہر دکھ بھول گیا تھا۔ سوری شہری یہ پہلا سوری تھا زندگی کا جو ہبہ کی زبان سے نکلا تھا۔ اٹس اوکے میم شہری ناراضگی سے بولا تھا۔ دیکھو شہری مجھے جھوٹ نہس پسند میں تمہیں پہلے بھی بتا چکی ہوں تم اپنے کام پر دھیان دو مجھے تمہاری پرسنل لائف میں کوئی دخل نہیں دونگی۔ اوکے میم شہری مسکرا کر بولا تھا۔ گھر والوں کو بتا دینا ہاتھ پر چوٹ کیسے لگی۔ جی۔

اور ہاں اب ایک مہینے آرام کرو اور اپنی ہیلتھ بنالو۔ وہ نصیحت کرتے ہوئے بولی تھی۔ میم آپ کی شادی تو نہیں ہوئی۔ شہری نے اپنا سوال پیش کیا اور جواب سننے کیلیئے اس کارواں رواں بیقرار تھا۔ نہیں تیر کی تیزی سے جواب آیا تھا۔ ہبہ اسکی ہاتھ کی پٹی چیک کر رہی تھی اچانک ہبہ نے نظر اٹھا کر دیکھا تو شیری دنیا جہان سے بے خبر اسے دیکھے جا رہا تھا۔ کیا مسئلہ ہے ہبہ دوبار بولی تھی پر شہری کو ہوش نہیں تھا۔ شہری اب ہبہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دھاڑ کر بولی تھی۔جی جی میم یہ سب کیا تھا گھٹیا انسان اپنی نظر قابو میں رکھو ورنہ یہ آنکھیں نکال لو نگی۔ ہبہ اتنی زور سے چیخی تھی کہ زینب دوڑتے ہوئے آئی تھی۔ کیا ہوا میم۔ تم اپنا تھوپڑا تو دھولو پھر بکواس کرنا۔ ہبہ اب بھی چیخی تھی زینب نے شیشہ دیکھا تو اپنے نقاب اور کچھ خون کے چھینٹے پڑے تھے شرمندگی سے زینب واپس چلی گئی۔

میرا سامان پیک کردو ہبہ نے آرڈر دیا۔بٹ میم آپ نے تو تین دن رکنا تھا۔اور شہری کی بھی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔زینب افسردہ لہجے میں بولی تھی۔وہ کمینہ میرے ہاتھ سے قتل ہو جائے اس سے پہلے میں نکل جاتی ہوں۔

سامان لیا اور ہبہ اپنے سفر کی طرف چل پڑی۔

آج تک جس لڑکے نے بھی ہبہ کو بری نظر سے دیکھا تھا وہ مر چکا تھا ہبہ کسی کو بھی نہیں چھوڑتی تھی اور یہی سبق اس نے زینب کو دیا تھا۔

مگر شہری کو وہ کچھ بھی نہیں کہہ سکی تھی۔دوسری طرف شہری پریشان تھا کہ میم ناراض ہو گئی ہے۔بٹ وہ دل کے ہاتھوں مجبور ہو چکا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زینب کو اس قصے کہانی میں کوئی غرض نہیں تھی۔ دن پر لگا کر گزرتے جا رہے تھے اور شہری کے چہرے کی رونق بحال ہو رہی تھی اور ٹھیک ایک مہینے بعد تو وہ پہچانا ہی نہیں جا رہا تھا۔ سرخ سفید رنگ گلابی ہونٹ اور قد بھی بڑھ چکا تھا بائیس کی عمر بھی پوری ہو چکی تھی۔ ٹھیک ایک مہینے بعد ہبہ لوٹی تھی اور جب کلب میں انٹر ہوئی تو سامنے سے شہری آ گیا۔ بلیک شرٹ بلیک ہی پینٹ بلیک کیپ اور بلیک گلاسز ہبہ تو اسے پہچان بھی نہ سکی اور دیکھتی رہ گئی اس کی چال ڈھال بتا رہی تھی کہ وہ اب پرانا شہری نہیں رہا۔ لڑکیاں اسکے ارد گرد تھیں اور کمال کی بات یہ تھی کہ ہبہ نے بھی بلیک ہی ڈریسنگ کی تھی۔ بلیک فراک بلیک کیپ بلیک ہی گلاسز وہ کسی پرستان کی پری لگ رہی تھی۔ ہبہ آگے بڑھ گئی اور اندر جا کر زینب سے ملی۔ ہیپی برتھ ڈے ٹو یو زینب گلے لگ کر بولی تھی۔ مگر ہبہ کے چہرے پر کوئی مسکراہٹ نہیں تھی اور ہبہ صرف زینب کی فرمائش پر آئی تھی۔ تھوڑی دیر بعد سب ہال میں جمع ہو چکے تھے۔ کیک کاٹا گیا اور سب سے پہلے زینب کو ہبہ نے کھلایا اور پھر ہبہ کی نگاہ بلا اختیار ہال میں گھومنے لگی۔ سب پریشان تھے میم کس کو ڈھونڈ رہی ہیں حلانکہ دوسرے نمبر پر کھانے والی فائقہ تو ساتھ کھڑی تھی۔ شہری کدھر ہے۔ اس نے لرزتے لہجے میں پوچھا تھا۔ میم ادھر ہی کہیں ہو گا۔ میم اب کھلا بھی دیں فائقہ بولی تھی۔ ہبہ نے باری باری زب کو کیک کھلایا۔

سب کیک کھا چکے تھے مگر شہری نہیں آیا تھا اور نہ چاہتے ہوئے بھی ہبہ بے خیالی میں اسکی منتظر تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زینب پوری بات سمجھتے شہری کو ڈھونڈنے لگی۔

اور تھوڑی دیر بعد شہری مل ہی گیا۔ زینب قریب آئی اور شہری کو بلایا۔ شہری۔ جی میم۔ وہ رخ پھیر کر بولا۔ مگر زینب اس میں کھو چکی تھی یہ کوئی پرانا شہری نہیں تھا اور سگریٹ سلگا کر پی رہا تھا۔ کوئی کام ہے۔ وہ مودبانہ لہجے میں بولا۔ تمہیں میم بلا رہی ہیں زینب اس کے چہرے سے نظر ہٹا کر بولی تھی۔ ہمم۔ کرنا کیا ہے سوال کرتے ہوئے بولا۔ کیک نہیں کھانا کیا۔ زینب اس کی عقل پر ماتم کرتے بولی۔ دل تو نہیں کر رہا پر جانا تو پڑیگا وہ دکھ بھرے لہجے میں بولا۔ شہری گلاسس لگاتے ہوئے بولا۔ دونوں ایک ساتھ آئے تھے۔ اسے دیکھ کر ہبہ کو سکون محسوس ہوا تھا جبکہ وہ تو سمجھ رہی تھی وہ نیں آئیگا۔ ہبہ نے اسے کیک کھلایا اور شہری واپس جانے لگا ہی تھا کہ اپنی بولی شہری گھومنے چلتے ہیں۔ جبکہ شہری نے ایک نظر ہبہ کو دیکھا تو ہبہ نے اپنا رخ موڑ لیا

اس سے پہلے شہری ہاں نا کرتا زینب غصے سے بولی اس وقت رات کو کہاں جانا ہے؟ آج زینب خلاف معمول بولی تھی۔ کیونکہ ہبہ اور زینب کا اصول تھا کسی کو ایک بار ہی سمجھاتے تھے اس کے بعد بھی کوئی نہ سمجھے تو اسکی مرضی۔ مگر آج زینب نے ٹانگ اڑا دی تھی۔ میم نے درست کہا وقت ٹھیک نہیں مگر شہری ہم تو رات 2 بجے بھی انجوائے کرنے جاتے ہیں اور ابھی تو 11 ہی بجے ہیں اپنی اسکا ہاتھ پکڑ کر بولی جبکہ شہری نے شرم سے ہبہ کی طرف دیکھا تو ہبہ کی آنکھیں لال ہو چکی تھی۔ یہ کیا ڈرامے بازی ہے جانا ہے تو دفع ہو شور کیوں کر رہے ہو ہبہ چیخی تھی جبکہ وہاں پر موجود ہر کوئی کانپ اٹھا تھا۔ سوری سوری میم اپنی کہتے ہی بھاگ گئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔جبکہ ہبہ اوپر چلی گئی اور زینب خوش ہو گئی اچھا ہوا نہیں گیا۔سب اپنے اپنے کام میں لگ گئے۔جبکہ شہری کو اپنی پر غصہ آیا تھا اس نے سارا ماحول خراب کر دیا۔شیری نے نظر دوڑائی اور ہبہ کو ڈھونڈنے لگا۔اور آخر کار ہبہ کو ڈھونڈ لیا۔ایم سوری میم۔ہبہ نے کہا کس بات پر وہ اس دن پر۔بس بس ٹھیک ہے ہبہ جلدی جلدی بولی اور سگریٹ لگا لیا۔اور ہبہ کی تقلید میں شہیری نے بھی۔میم آپ کی طبیعت کیسی ہے شہری نے سوال کیا۔ٹھیک۔میم کتنے دن رو کیں گی آپ ادھر۔دیکھو کوئی پتا نہیں۔میم۔زیادہ دن اسٹے کیجئے گا۔کیوں تمہاری نوکر ہوں ہبہ چیخ کر بولی۔میم یہاں پر میم زینب کے پاس تو صرف فائٹ ہی سیکھتا ہوں اور آپ ہو نگی تو؟ابھی یہ بات پوری بھی نہیں ہوئی تھی کہ ہبہ چیخ پڑی تھی تو کیا شہری صاف بولو نہ کہ تم کو گندی نظریں ڈالنی ہے اور زینب کے پاس تمہیں یہ موقع نہیں ملتا کیونکہ وہ پردے والی ہے اور میں ماڈرن ہوں مجھ سے ٹائم پاس کرو گے اور اگر ٹائم پاس نہ بھی ہو تو کم سے کم دیکھ کر اپنی ہوس پوری کرو گے۔کلب کی لڑکیاں تمہیں کافی نہیں ہیں کیا جواب تم ہم پر بھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہبہ کے الزامات نے شہری کو توڑ کر رکھ دیا تھا۔میم میری بات سنیں میں اوارہ ہوں ہر برا کام کرتا ہوں مگر آپ کے اور زینب میم کے بارے میں میرے ایسے خیالات ہر گز نہیں ہیں یہ آپ اپنے دماغ میں بٹھالیں۔اس سے زیادہ میں کچھ نہیں کھونگا اور میں بس اس لڑکی سے واسطہ رکھتا ہوں جو خود میرے قریب آئے یا پھر مجھے نا روکے زبردستی میں کسی کے ساتھ نہیں کرتا۔اگر میں اتنا ہی برا ہوں تو پھر مجھے ہیاں سے چلے جانا چاہیے۔کہا سنا معاف۔اور اگر آپ کے کچھ پیسے نکلتے ہوں تو بتا دیں؟ بائے اور شہری وہاں سے چلا گیا اور اپنے کمرے میں آگیا اور غصے سے بوتل پکڑی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور اپنے ہاتھ میں د بالی کانچ کے اندر جاتے ہی خون نکلنے لگا۔اور شہری ایک ہاتھ سے ہی اپنا سامان پیک کرنے لگا۔دوسری طرف ہبہ پاگل ہو رہی تھی یہ میں نے کیا کر دیا کیوں میں نے اس پر غصہ کیا میری طرف سے وہ جہاں مرضی جائے اور آج اس نے مجھ سے غصے سے بات کی میں نے اسے کیوں چھوڑ دیا یہ کیا ہو رہا ہے مجھے اونوشٹ کہیں یہ لڑکا مجھ پر حاوی نہ ہو جائے وہ جب مجھ سے بات کرتا ہے تو میں چاہتی ہوں۔کہ کوئی اور یہ باتیں نہ سنے۔ہبہ اپنے خیالات کا نتیجہ نکالنے لگی۔دوسری طرف زینب شیری کے کمرے سے گزر رہی تھی کہ شہری کو دیکھا ہاتھ خون سے بھرا ہے اور دوسرے ہاتھ میں بیگ ہے۔شہری کہاں جارہے ہو اور یہ خون ۔زینب کا دل کٹ گیا۔میم جارہا ہوں میں کہاسنا معاف ارے ایسے تم پاگل ہو کپڑا کوئی نہیں تھا اور بکھلاہٹ میں زینب نے اپنا نقاب اتار کر پھاڑا اور اسکا ہاتھ صاف کرنے لگی جبکہ شہری کی نظر اس کے چہرے پر جم چکی تھی۔زینب کی صرف آنکھیں ہی نہیں چہرہ بھی بہت خوبصورت تھا شہری کیلئے فیصلہ مشکل تھا کہ ہبہ زیادہ کیوٹ ہے یا زینب۔شہری نے اپنی نظر فوراً ہٹالی۔کیسے ہوا یہ سب۔ابھی شہری نے جواب بھی نہیں دیا تھا کہ کوئی تیسری آواز آئی تھی۔زینب۔ہبہ چیخ کر بولی تھی کیا ہے یہ سب اور تمہارا نقاب۔

آگے بڑھتے ہی ایک تھپڑ زینب کو پڑا تھا اس سے پہلے زینب کو دوسرا پڑتا کسی نے ہبہ کا ہاتھ پکڑ لیا تھا۔اور ہبہ حیرانی سے یہ سب دیکھ رہی تھی بس میم بہت ہو گیا۔آپ بات سنیں کمرے میں کپڑا نہیں تھا اور میم زینب نے بکھلاہٹ میں اپنا نقاب پھاڑ کر لگا دیا اور میں نے اپنا منہ دوسری طرف کر لیا تھا اور آپ میرے نجی معاملے میں کیوں بول رہی ہیں شہری آگ بگولا ہو کر بولا تھا۔شہری یہ کس طرح میم سے بات کر رہے ہو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زینب نے شہری کے منہ پر مارا تھا شہری نے کچھ بھی نہیں کہا اس پر دونوں حیران تھی او کے میم میں چلتا ہوں کہا سنا معاف۔ شہری بات سنو زینب چیخی تھی ناراض مت ہو میں تم سے معافی مانگتی ہوں۔ میں تو آپ سے بلکل بھی ناراض نہیں میم آپ بہت اچھی ہیں۔

بٹ سارا معاملہ خراب ہو رہا ہے وہ جانے لگا اور زینب کا دل کٹ رہا تھا میم وہ جا رہا ہے اسے روکیں زینب جنونی انداز میں بولی تو ہبہ کو ہوش آیا۔ شہری رک جائو مگر شہری نہ رکا زینب ایک دم بھاگت ہوئی شہری کے سامنے گئی۔ مجھے ریجیکٹ کبھی مت کرنا برباد کر دو نگی۔ اس کلب سے تمہاری لاش ہی جائیگی اگر تم نے میری بات نہیں مانی۔ میں ڈرتا نہیں ہوں میم۔ اچھا ہبہ گن نکال چکی تھی جبکہ زینب کا برا حال تھا اسٹوپڈ میم اسٹوپڈ کیا کر رہی ہیں آج پہلی مرتبہ زینب آنکھ میں آنکھ ڈال کر بات کر رہی تھی تو پھر سمجھائو اسے مجھے یہ سب پسند نہیں ہے میم میں سمجھاتی ہوں زینب ڈرتی ڈرتی آئی اور شہری کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے ایک نس دبائی اور شہری بے ہوش ہو گیا اس سے پہلے وہ زمین پر گرتا ہبہ نے اپنی گن پھینک کر اس کو اپنی گود میں اٹھالیا

اور بڑی احتیاط سے کمرے میں لا کر بیڈ پر لٹا دیا اور اسکی نظر شہری کے ہاتھ پر پڑی لال خون سے لتپت تھا ۔زینب پانی لیکر آئو۔ ہبہ نے آرڈر دیا اور پھر خود اسکا ہاتھ دھویا پھر زینب سے پٹی بھی منگوائی مگر آج زینب کو ہبہ کا اس طرح چھونا اچھا نہیں لگا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میم آرام کرلیں تھوڑا میں ٹھیک ہوں ہبہ تھکے ہوئے لہجے میں بولی۔اوکے میم اور زینب واپس آگئی اور اپنی حالت پر غور کرنے لگی مجھے شہری کی اتنی فکر کیوں ہے خون ہی تو نکلا تھا میں نے اپنا نقاب پھاڑ دیا اور پھر آج میم سے بدتمیزی بھی کی میں نے آج تک میم سے مزاحمت نہیں کی میرے سامنے میم نے کتنے قتل کئے میں کسی پر رحم نہیں کھایا خود میں نے کتنوں کو ٹھکانے لگایا مگر اس کے سامنے ایسا کیوں ہے۔دوسری طرف ہبہ بھی الجھی گتھی سلجھا رہی تھی۔میں نے آج تک زینب پر ہاتھ نہیں اٹھایا اور میں نے زینب کو تھپڑ نقاب اتارنے پر تو نہیں مارا بلکہ اس سے آگے زینب سوچ نہیں سکتی تھی اور مجھے خود پر یقین تھا کہ میں گولی نہیں ماروں گی حالانکہ میں جس پر گن اٹھالوں اسکی موت یقینی ہوتی ہے۔آٹھ گھنٹے بعد شہری کو ہوش آچکا تھا اور اس کے ہاتھ میں ایک پٹی بندھی تھی کل کا واقعہ یاد آتے ہی شیری پریشان ہو گیا اور تھوڑی دیر بعد ہی ہبہ آئی اور شہری کو دیکھنے لگی اور شہری بھی بلکل مگن ہو کر دیکھنے لگا۔تمہاری آنکھیں نکال لونگی کسی دن۔ہبہ بولی تھی پر آج اسکا غصہ مصنوعی تھا۔شہری بھڈ سے اٹھ کر منہ ہاتھ دھو کر آیا اتنے میں زینب بھی آگئی ناشتہ تیار ہے۔چلو ناشتہ کرنے شہری کو آرڈر دیتے وہ بولی تھی۔اگر نہ کروں تو۔تو پھر تمہاری فاتحہ دلوادونگی ۔ہبہ سپاٹ چہرے سے بولی۔زینب اسکا دماغ درست کرو نہیں تو میرے ہاتھ سے قتل ہو گا یہ۔جی میم۔ہبہ جاچکی تھی۔تب زینب بولی دیکھو شہری میم تھوڑی غصے کی تیز ہیں اور اپنا ٹارگٹ پورا کرتی ہیں وہ تمہیں کچھ بنانا چاہتی ہیں اگر تم مجھے رسپونس نہیں دوگے تو سب الٹا ہو جائیگا اور میری بے عزتی الگ۔نو میم میں آپ کو بے عزت ہونے نہیں دونگا آپ کی ہر بات مانوگا جان بھی حاضر ہے کیونکہ آپ ایک عزت دار عبادت گزار

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پردے دار لڑکی ہو۔ شہری بولتا جا رہا تھا اور زینب کا دل بند ہو رہا تھا۔ شہری کی آواز بہت پیاری تھی اور وہ بولتا بولتا بھی اچھا تھا

چلو چلتے ہیں۔ جی سر ہلا کر بولا تھا اب تک تینوں ناشتے کی میز پر تھے اچانک ہبہ کی آواز آئی تھی آج سے تمہاری فائٹ مستقل شروع ہو رہی ہے دو مہینے ہیں خوب محنت کرو اگلا لاہور کا ٹورنامنٹ تمنے جیتنا ہے

میم اتنی جلدی کیسے سیکھے گا۔ زینب اپنا اندیشہ بیان کرتے بولی۔ کیونکہ اب میں بھی ساتھ ہوں اور شہری اب صحت مند ہو چکا ہے۔ دو نہیں تو چار سہی پر یہ ٹورنامنٹ لاہور کا تمنے جیتنا ہے شہری خوش بھی تھا اور پریشان بھی۔

بھائی خیر ہے کبھی تمہارا ہاتھ ٹوٹا ہوتا ہے اور کبھی کانچ لگا ہوتا ہے استاد صاحب پریشانی سے بولے۔ کچھ نہیں بس ہلکی سی چوٹ ہے۔ ایسی چوٹیں صرف محبت میں لگتی ہیں یا دشمنی میں اور مجھے پہلی چیز پر اندیشہ ہے ۔ارے نہیں استاد جی ایسا کچھ نہیں انسان سے بے احتیاطی بھی تو ہو جاتی ہے۔ ٹھیک ہے۔

وقت پر لگا کر اڑ رہا تھا اور شہری ترقی پر ترقی کر رہا تھا چار مہینوں میں شہری بہت اچھا فائٹر بن چکا تھا۔ کیونکہ یہ چار مہینے ہبہ اور زینب نے اسے دئے تھے ہبہ اور زینب نے کوئی کمی نہیں چھوڑی تھی اور شہری نے بھی دن رات ایک کر دیا تھا۔ جب دونوں طرف سے جوش ہو تو آگ بہت جلد بھڑکتی ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آج اسکا ٹورنامنٹ میں پہلا میچ تھا لہذا آج وہ خوب مشق کر رہا تھا۔کلب کا کوئی فائٹر لڑکی اسکا مقابلہ نہیں کر سکتی تھی۔اور یہ کلب پاکستان کا نمبر ون کلب تھا ملک کے بڑے بڑے فائٹر یہاں سے نکلے تھے۔ہیاں کے فائٹر کا مقابل کوئی نہیں تھا کیونکہ یہاں پر ایک نام چلتا تھا زینب شاہ۔اور زینب شاہ کا صرف ایک ہی استاد تھا ہبہ۔یہ دونام بڑے بڑوں کے رونگٹے کھڑے کروادیتے تھے۔سوائے ایک حجاب کے وہ اس وقت ٹاپ فائٹر تھی۔شہری رنگ میں اتر چکا تھا اور سامنے فائٹر بھی ریڈی تھا تھوڑی دیر بعد فائیٹ شروع ہوگئی۔دس پوائنٹ یازیادہ جس نے لئے وہ جیتے گا۔مقابلہ شروع ہوچکا۔دونوں پنچ مار رہے تھے اچانک سامنے والے فائٹر نے کیک ماری تھی اور بجائے اس کے کہ شیرہ بلاک کرتا ایک پھرتی سے پیچھے ہوکر آگے آیا تھا اور شہری نے لات کو جھٹکا دیا اور کڑاک کی آواز آئی تھی اور فائٹر ڈھیر ہوچکا تھا۔کلب کی سب لڑکیوں نے یاہو کہا تھا اور زینب خوشی سے پاگل ہوچکی تھی جبکہ ہبہ کا چہرہ آگ اگل رہا تھا۔واپسی پر سب خوش تھے اچانک ہبہ بولی تھی یہ غلطی آئندہ بادمت کرنا۔جس طرح تم فائٹ جیت کر آئے ہو تمنے ٹھیک نہیں کیا اپنے آپکو سنبھال کر رکھو اور لوگوں سے پروفیشل انداز میں لڑو تاکہ اگر تم ہارنے لگو تو اپنے نایاب وار سے اسے ختم کردو اگر تم اپنی نایاب چیزیں دکھاؤگے تو تمہاری پرائیویسی ختم ہوجائیگی آگئ سمجھ۔جی میم۔جو کچھ ہمنے سکھایا ہے اس کی قدر کرو اسی کی وجہ سے ہم ٹاپ پر ہیں۔جی اور زینب تمنے اسکو یہ سب کیوں نہیں بتایا۔ایم سوری میم زینب شرمندگی سے بولی۔آئندہ ایسی غلطی ہوئی تو تم لوگوں کو نہیں چھوڑنگی۔ہبہ غصے سے بولی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہبہ کی بات مکمل طور پر شہری سمجھ چکا تھا۔اس ایک فائٹ نے شہری کی دھاک بٹھادی تھی۔لڑکیاں اس سے اور زیادہ ایمپریس ہو چکی تھی۔آج اس کی دوسری فائٹ تھی مگر شہری عام۔انداز میں فائیٹ کر رہا تھا جس کی بنا پر فائیٹ لیٹ ہو چکی تھی دو دس کے مقابلے سے شہری یہ بھی جیت چکا تھااور آخر کا شہری سیمی فائنل میں پہنچ گیا تھا۔مگر ہبہ کے چہرے پر اب بھی کوئی خوشی نہیں ہوئی تھی۔پر زینب خوش تھی۔کیونکہ اس کی محنت رنگ لائی تھی یا پھر زینب کے جذبات بدل چکے تھے۔اور وہ شہری کو جیت کر دیکھنا چاہتی تھی ۔سیمی فائنل شروع ہو چکا تھا۔پر آج کا فائٹر بھاری تھا۔آج مقابلہ پانچ دس سے شہری جیتا تھا۔مگر ہبہ ہنعز خاموش ہی تھی۔شہری کلب پہنچ گیا تھا جبکہ ہبہ زینب اپنے روم میں جا چکی تھی۔واہ ہیر و کمال کر دیا فائنل میں پہنچ گئے ہو ٹریٹ تو بنتا ہے۔کرن بولی تھی۔اچھا شہری اسکا سراپا دیکھتے بولا تھا۔یار مجھے ایک بات سمجھ نہیں آئی میم ہبہ کیوں خاموش ہے۔شہری گویا ہوا۔یہ سب عام بات ہے مین چیز فائنل جیتنا ہے اور وہ ہم نہیں جیت پاتے۔رمشہ نے شہری کے کندھے پر ہاتھ پر ہاتھ رکھتے ہو کہا تھا۔کیا مطلب۔شہری نے سوال کیا۔تین سالوں سے اسلام آباد کی گل جیت رہی ہے جو کہ حجاب کی اسٹوڈنٹ ہے جس سے دو دن بعد تمہارا فائنل ہے۔حجاب کون ہے شہری نے سوال کیا۔ہماری دشمن ٹاپ فائٹر وہ ہر سال گل کو لاہور میں فائیٹ کرواتی ہے۔اور گل ہی جیت رہی ہے۔اگر میں فائنل جیت گیا تو کیا میم ہبہ خوش ہو نگی۔ہاں نہ کیوں نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔نور شہری کے چہرے پر ہاتھ پھیرتے بولی۔اچھا چلو روم میں چلتے ہیں۔نور آنکھ مار کر بولی۔شہری نے سر ہلایا۔کیونکہ آج اسکا ارادہ نور سے انجوائے کرنے کا تھا۔روم میں جاتے ہوئے شہری یہ بھول گیا تھا کہ ہبہ اسے دیکھ چکی ہے اور ہبہ کے اندر آگ لگ چکی تھی مگر وہ مجبور تھی اپنی پسنیلیٹی اور رولز نہیں توڑ سکتی تھی لہذا سگریٹ پینے لگی۔اور آنکھیں غصے سے لال تھی۔زینب ہبہ کے پاس آئی۔میم کیا خیال ہے شہری جیت جائے گا گل سے۔زینب مجھے اکیلا چھوڑ دو آج ہبہ کا لہجہ دکھی تھا۔اوکے میم۔زینب چلی گئی۔جبکہ دوسری طرف نور اور شہری ایک دوسرے کی باہوں میں تھے۔نور۔ہاں ڈارلنگ۔نور پیارے انداز میں بولی۔یہ حجاب والا قصہ مجھے پورا بتاؤ۔یار حجاب کو کون نہیں جانتا بہت دکھ پہنچائے ہیں میم زینب کو اور میم ہبہ نے زینب کا ساتھ دیا ہے۔ہر سال تکلیف ہوتی ہے جب گل ہماری زمین پر آکر جیت کر جاتی ہے۔سارے فساد کی جڑ معیز ہے حجاب کا بھائی بہت بڑا فائٹر ہے اس نے حجاب اور ہمارے درمیان لڑائی کروائی ہے۔وہ نہ حجاب کا ہمدرد ہے نہ ہمارا۔اس نے میم زینب کو پرپوز کیا تھا پر میم نے ریجیکٹ کر دیا۔اس نے اپنا بدلہ لینے کیلئے ہمارے کلب کے لوگوں سے مار پیٹ کی۔بدلے میں ہم نے بھی مارا مگر حجاب کے کئی اسٹوڈنٹ مارے گئے۔جس کی وجہ سے آگ بھڑک گئی۔حجاب نے معاملے کی چھان بین کروائی مگر اپنے بھائی کے جھانسے میں آگئی۔اس نے مکاری سے حجاب کو جھوٹ باتیں کی۔اور ہماری ان سے مستقل لڑائی ہوگئی۔اور اب تک یہ سب جاری ہے۔حجاب کی اس وقت سترہ سال ہے۔اور جب ہماری جنگ چھڑی تو وہ پندرہ سال کی تھی ۔انتہائی ذھین پاور فل لڑکی اور اس سے زیادہ خوبصورت ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیاہبہ سے زیادہ خوبصورت ہے۔ہاں بہت زیادہ۔کیاتم نے اس کو دیکھا ہے۔شہری نے سوال کیا۔ہاں ایک بار بس وہ بھی پردہ کرتی ہے۔اوکے۔چلویار اب اپنا کھیل شروع کرتے ہیں۔نور آنکھ مار کر بولی اور پھر یہ دونوں ایک دوسرے میں کھو گئے۔

دودن بھی گزر گئے اور آج شہری کا فائنل تھا۔شہری دس جیپوں کے ساتھ موجود آگیا تھا اور اس کے ساتھ زینب اور ہبہ اور ساتھ کلب کی لڑکیاں تھی۔اور آج کی خاص بات یہ تھی کہ ہبہ نے عبایہ اور نقاب پہنا تھا اور شہری کو یہ تبدیلی بہت پسند آئی تھی۔ابھی یہ لوگ کلب سے اندر جانے ہی لگے تھے کہ تین جیپیں آئی تھی اور اس میں سے ایک لڑکی کے ساتھ کئی لڑکیاں تھی۔مغرورانہ انداز میں چل کر شہری کی طرف آئی تھی۔

اوہ تو تم ہو جس سے میرا فائنل ہے۔ارے واہ تم شونوں ایک ساتھ لگتا ہے آج پھر تم اپنی بے عزتی کرانے آئی ہو کیونکہ چوتھا فائنل بھی میں جیتوں گی۔اور تم اپنا منہ لٹکا کر جاؤ گی۔اور ایک دن آئیگا تمہیں میری میم حجاب برباد کرے گی اور زینب تمہیں تو معیز اٹھالے جائیگا۔اور ہبہ تم نے کب سے پردہ شروع کردیا۔وہ زہر اگل رہی تھی اچانک اس کے منہ پر شہری کا تھپڑ پڑا تھا۔باسٹرڈ تمہاری ہمت کیسے ہوئی زینب اور ہبہ کے بارے میں بات کرنے کی۔تم نے میری زینب کے بارے میں اتنا گھٹیا لفظ یوز کر کے اپنی موت کو دعوت دی ہے۔تورنگ میں آ پھر دیکھتے ہیں کون جیتتا ہے۔دعامانگ کے تورنگ سے زندہ واپس نہ آئے کیونکہ اگر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو واپس آئی تو تجھے اٹھا کر لے جاؤ نگا میں پھر کسی کس منہ دکھانے قابل نہیں رہے گی۔ شہری دھاڑا تھا۔ اس سے پہلے کچھ اور ہوتا انتظامیہ آگئی تھی چلیں جی فائیٹ کا وقت شروع ہو چکا تھا۔ دونوں منہ موڑ کر آگے بڑھنے لگے اچانک ہبہ کی آواز آئی تھی جوش میں مت آنا اور اپنے ہوش قائم رکھنا۔ مگر شہری نے بات نہیں سنی تھی جبکہ زینب شہری کے الفاظ میں گم تھی۔ زینب جی میم شہری کو سمجھاؤ کوئی گڑ بڑ نہ کرے ایسا نہ ہو شہری اسے قتل کر دے اور مقدمہ ہو جائے زینب جلدی آگے آئی اور بولی شہری صرف فائیٹ کرنی ہے بدلہ نہیں لینا۔ سوری میم مگر وہ زندہ نہیں بچے گی۔ جان چھڑانے والا انداز تھا۔ دیکھو شہری مقدمہ بھی ہو سکتا ہے۔ میم یہ فائیٹ ہے یہاں پر ایسا ہونا ممکن ہے کوئی مقدمہ نہیں ہو گا۔ آپ جائیں بس۔ زینب نے دکھ سے اسے دیکھا۔

فائیٹ شروع ہو چکی تھی دونوں ایک دوسرے کو مار اکر بلاک کر رہے تھے۔ اچانک گل نے کک ماری مگر یہ اس کی غلطی تھی شہری نے لات پھرتی سے موڑ دی تھی اور گل کی ہڈی مڑ چکی تھی۔ گل نے پھر وار کیا مگر شہری نے بلاک کر کے اس کے سر میں اپنا سر مارا اور دو پوئنٹ حاصل کر لیئے۔ تیسری بار گل بڑی پھرتی دے فائیٹ کر رہی تھی کیونکہ وہ جان چکی تھی کہ یہ کوئی عام فائیٹر نہیں ہے اچانک گل نے مکا مارا شہری نے روک لیا اس نے دوسرا پنچ مگر شہری نے سر نیچے کر کے الٹا ہاتھ گل کے دل والی جگہ پر پورے زور سے مار کر اپنے لات سلپ کر دی۔ ایک خوفناک چیخ گل کے منہ سے نکلی اور ڈھیر ہو گئی۔ چیخ سنتے ہی زینب بے سدھ ہو چکی تھی جبکہ ہبہ جو سر جھکائے بیٹھی تھی اس نے بھی سر اٹھا دیا تھا وہ جان چکی تھی کہ شہری اپنی بات

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پوری کر چکا ہے مگر شہری کو گرا دیکھ اسکو حیرت ہوئی۔ شہری کھڑا ہو کر فائیٹ والا اسٹائل بنا رہا تھا گویا کہ کچھ ہوا ہی نہ ہو اچانک جج نے جب دیکھا کہ گل نہیں اٹھی تو اس کے قریب آیا دیکھا تو گل کا جسم بے جان تھا اور وہ مر چکی تھی۔ فائنل شہری جیت چکا تھا پولیس آچکی تھی۔ ججز نے کہا آپ سکیورٹی انجام دیں ہم دیکھ رہے ہیں۔ فائیٹ میں ایسا ہونا ممکن ہے فیصلہ ویڈیو کرے گی۔ ویڈیو شہری کے حق میں تھی کیونکہ جس بے ڈھنگے انداز میں وہ گرا تھا سب لوگ یہی سمجھے کہ یہ ایک ایکسیڈینٹ ہے۔ کپ شہری کے ہاتھ میں تھا جبکہ کلب کی لڑکیاں خوشی سے پاگل تھی اور زینب بھی خود خوش تھی مگر ہبہ کو کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا۔ سب لوگ ان دونوں کو مبارکباد دے رہے تھے۔ سب نے گھر کی راہ لی کلب میں آج جشن ہی جشن تھا سب ڈریسنگ کر چکے تھے۔ ہبہ آج لال کلر کے فراک میں تھی لال کیپ لال ہی کیچر لگا کر آئی تھی۔ آج زینب بھی ڈریسنگ کر کے آئی تھی۔ اور پھر شہری بھی آگیا۔ ریڈ شرٹ بلیک پینٹ میں وہ غضب ڈھا رہا تھا۔ ہبہ کے چہرے پر اس کو دیکھ کر مسکراہٹ آگئی۔ اور زینب دل ہی دل میں اسکی نظر اتار رہی تھی۔ واہ واہ شہری کمال کر دیا حجاب کے گھر میں صف ماتم بچھی ہو گی اس کی ہونی والی نند ٹھکانے لگ گئی ہے ہاہا۔ لڑکیاں اپنی رائے چھک چھک کر بتا رہی تھی۔ ایک دن حجاب کا بھی یہی حال کرونگا میں۔ شہری آگبگولہ ہو کر بولا۔ مگر شہری اسے زندہ ہونا چاہیے تھا۔ نور بولی تھی نونو اس نے جسقدر گھٹیا الفاظ زینب اور ہبہ میم کیلیئے یوز کئے تھے اسے مرنا ہی تھا دل تو کر رہا تھا اسی وقت اسے گھاڑ دوں زمین میں۔ شہری لال آنکھوں سے بولا تھا۔ شٹاپ ہبہ کی آواز آئی تھی یہ ہماری لڑائی ہے تم اس میں دخل نہ ہی دو تو اچھا ہے ہے آئی سمجھ۔ اور زینب تم نے اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کو روکا نہیں تم سے مجھے یہ امید نہیں تھی۔ میم میں نے روکا تھا پر یہ نہیں مانا زینب نے ڈر کر جواب دیا۔اور تم نور اسے شیری دے رہی ہو حجاب سے لڑنے کی۔ تمہیں تو میں زندہ نہیں چھوڑ نگی۔ ہبہ نے نور کا گلا دبا دیا اور قریب تھا کہ نور بھی مرتی شہری اور زینب نے چھڑوایا سب میری نظروں کے سامنے سے دور ہو جائو۔ نکل جائو۔سب ڈر کر جا چکے تھے۔ سوائے زینب اور شہری کے۔ ہبہ کرسی پر بیٹھ چکی تھی۔ میم پانی پی لیں ۔شہری نے پیش کیا اور ہبہ پانی پینے لگی۔ تھوڑی دیر بعد شہری بولا میم ہم سب ایک ہیں۔ میں آپ اور زینب میم۔ ہم حجاب سے اچھی نمٹ لیں گے۔ابھی تو شروعات ہے۔ شہری مسکرا کر بولا۔ تم کس حق سے ہمارے ساتھ ہو۔ کیوں فکر ہے تمہیں ہماری ہم حجاب سے نہیں ڈرتے تم اپنا دماغ دوڑانا بند کرو اور زینب اس کی وجہ تم ہو تم نے کہا تھا نہ کہ یہ حجاب کے مقابل کھڑا ہو گا تو دیکھو تمہاری خواہش پوری ہو گئی اور ہبہ دھکا دیتی

ہبہ زینب کو دھکا دیکر چلی گئی بغیر اس بات کی پرواہ کئے کہ زینب کے ماتھے سے خون بہ رہا ہے۔اور اگر شہری کو کچھ ہوا نہ تو میں کسی کو بھی زندہ نہیں چھوڑ نگی۔ ہبہ کی اس بات پر شہری اور زینب دونوں کا منہ کھل گیا جبکہ کے زینب کے دل پر یہ الفاظ تلوار کی طرح لگے تھے۔ میم آپ کا نقاب گیلا ہے کیا ہوا۔ شہری پریشانی سے بولا اچانک ایک قطرہ خون کا فرش پر گرا اور شہری سب سمجھ گیا۔ایک لمحے میں قریب آکر اس نے زینب کا نقاب ہٹا دیا اور نقاب کے دو حصے کئے ایک سے خون صاف کیا اور دوسرا پیشانی پر باندھ دیا۔ جبکہ زینب بس اس کے چہرے کو دیکھے جا رہی تھی جب شہری فارغ ہوا تو زینب بولی۔ کم کو تمہاری بہت فکر ہے وہ نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چاہتی تمہیں کوئی تکلیف ہو حجاب کے معاملے سے دور رہو۔ شہری اس حجاب نام کو سن کر تنگ آگیا تھا۔ میم آپ مجھے حجاب سے کمزور سمجھتا ورنی ہیں۔ شہری ناراض ہوتا بولا۔ ہاں حجاب کے سامنے تم کچھ نہیں ہو۔ تم نہیں جانتے اسے وہ کیا چیز ہے اگر اسکے جیسا بننا ہے تو پھر تمہیں اور فائیٹ سیکھنی ہو گی۔ تو سکھائیں۔ شہری پر عزم لہجے میں بولا۔ کیسے سکھاؤں اور اب میم ہبہ بھی ہماری مدد نہیں کرینگی تم نے سب ختم کر دیا کیا ضرورت تھی اسے ٹھکانے لگانے کی۔ اس نے جو کہا تھا مجھے کہا تھا میں جواب دے دیتی تم کیوں بیچ میں آئے ۔ زینب غصے سے بولی تھی۔ میم اسکی ہمت کیسے ہوئی تھی آپ کے بارے میں اسقدر بکواس کرنے کی۔ میم میں آپکی آنکھوں میں آنسو نہیں دیکھ سکتا۔ اگر کسی نے بھی آپ کو ہرٹ کرنے کی کوشش کی میں اسے برباد کر دونگا چاہیئے وہ کوئی بھی ہو۔ شہری جنونی انداز میں بول رہا تھا جبکہ زینب کو اپنا دل بند ہوتا محسوس ہو رہا تھا

میم آپ سکھائینگی نا مجھے۔ ہاں میم ہبہ نہ بھی سکھائیں میں سکھاؤنگی۔ چلو چلتے ہیں زینب اپنے جذبات پر قابو پاتی بولی۔

ہبہ اپنے کمرے میں اپنی سوچوں میں مگن تھی۔ حجاب چپ نہیں بیٹھے گی وہ ضرور تحقیق کروائیگی اور اگر شہری کا جرم ثابت ہوا تو وہ شہری کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس سے آگے ہبہ ایک لفظ بھی نہیں سوچ سکتی تھی۔ کچھ سوچتے ہوئے ہبہ نے کال ملائی دوسری طرف سے کال پک ہو گئی۔ جی میم بولیں۔ شہری کی کوئی تصویر ویڈیو میں نہیں آنی چاہیئے سب کٹ کر دو۔ اوکے میم اگر کوئی لینے آئے تو مت دینا اور اگر دو تو شہری کی پک نہ آئے۔ ہبہ آرڈر دیتے بولی۔ اب کیا کرنا ہے کیا شہری کو واپس بھیج دوں یا پھر مزید سکھاؤں۔ واپس بھیجنے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کا سوچ کر ہبہ کا دل بند ہو رہا تھا۔ سوچتے سوچتے ہبہ نیند آغوش میں چلی گئی۔ دوسری طرف زینب اپنی سوچ میں گم تھی۔ کیا میں میم کے خلاف بات کرونگی کیا میم برداشت کرلینگی۔ پہلی بات یہ ہے کہ میم شہری سے پیار کرتی ہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ میم کو حجاب کا ڈر ہے۔ تیسری بات یہ کہ نہیں پتا شہری میم کو کاٹ کرتا بھی ہے یا نہیں۔ لہذا میں اپنی رائے کا اظہار کرونگی جب میم کر سکتی ہیں تو میں بھی کر سکتی ہوں اور میرے لئے شہری سے بڑھ کر کچھ نہیں ہے۔ جبکہ شہری خوش تھا ایک طرف ہبہ کے اقرار نے تو دوسری طرف زینب کی حمایت نے اسکی خوشی دو بالا کردی تھی۔

بنگلے کے باہر گاڑیاں رکنے آواز آئی تھی۔ میم گل جیت کر آگئی ہے۔ مریم کی آواز سنتے ہی حجاب نے اپنی آنکھیں کھول دی تھی۔ جشن کا ساں تھا سب کو یقین تھا اس زبردست فائٹر کو جو کہ حجاب کی ہونی والی نند ہے جیت کر ہی آئیگی۔ جیسے سب دروازے پر پہنچے تو گل کی ڈیڈ باڈی سامنے تھی۔ لڑکیوں کی چیخ نکل گئی مگر حجاب نے تفتیشی لہجے میں پوچھا کیا ہوا گل کو۔ حجاب ایسی ہی تھی اپنے آپ پر قابو رکھنے والی بارہ سال کی عمر میں فائیٹ شروع کی تھی اور پندرہ کی عمر میں ٹاپ پر تھی اس نے فائیٹ اپنے سوتیلے بھائی سے سیکھی تھی جو باہر سے اچھا اور اندر سے منافق تھا پھپھو نے حجاب کی پڑھائی کروائی اور گھر میں ہی ٹیچر رکھا اپنی ذہانت کی بنا پر یہ لڑکی سب کچھ جلدی سیکھ جاتی تھی دین و دنیا کی تعلیم کا حسین امتزاج اس کے پاس تھا BF ماں باپ بچپن میں ہی فوت ہو گئے تھے۔ میم گل ہار گئی۔ نمل افسوس سے بولی۔ کتنے پوائنٹ سے۔ 2: 0 سے اور اس کے بعد نمل نے جملہ ادھورا چھوڑا۔ اور کیا۔ حجاب غصے سے بولی۔ میم پھر فائیٹر نے اس پر وار کیا اور اسکی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لات سلپ ہوئی اور مکا دل پر جا کر لگا اور گل ہمیں ہمیشہ کیلئے چھوڑ کر چلی گئی۔ نمل روتے ہوئے بولی۔ واٹ کیا بکواس ہے یہ ایسا کیسے ہو سکتا ہے گل اتنی آسانی سے ہار جائے۔ اور پھر گل کی موت۔ کیسے ہو سکتا ہے حجاب چیخ کر بولی تھی۔ جو کہانی حجاب نے سنی اس کے مطابق یہ ایکسیڈنٹ تھا۔ مگر حجاب آخر حجاب تھی ویڈیو چاہیے مجھے۔ حجاب نے آرڈر جاری کر دیا۔ میم بہت کوشش کی پر ویڈیو نہیں ملی اور میم ویڈیو کا کیا لینا ہے سب نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے فائیٹر سلپ ہو گیا تھا۔ نمل بولی تھی۔ مگر آگے حجاب کی جارحانہ محققانہ گفتگو سن کر سب کا منہ کھل گیا۔ بیوقوف لڑکی سلپ ہوتے ہوئے اتنا پاور فل مکا کیسے لگ گیا یا تو فائیٹر نے دھوکا دیا ہے یا پھر وہ واقعی بہت بڑا فائیٹر ہے۔ میم اتنی ہیوی فائیٹ صرف گنتی کے لوگوں کو آتی ہے اور جن کو آتی ہے وہ کسی کو نہیں سکھاتے۔ نمل جواب دیتے بولی۔ اگر کسی نے سکھا دی ہو تو۔ حجاب کے اس سوال کا جواب کسی کے پاس۔ نہیں تھا۔ مجھے وہ ویڈیو چاہیے بس۔ حجاب آرڈر دیکر نکل گئی۔

گل کو مری آج تیسرا دن تھا۔ اور حجاب اپنے کمرے میں آنسو بہا رہی تھی بلاشبہ گل اسکی بہنوں کی طرح تھی اور اسکے بھائی کی ہونے والی بیوی بھی۔ اگر اس کا جرم ثابت ہوا تو بہت بھیانک موت دونگی اسے حجاب بے دردی سے اپنے آنسو پوچھ رہی تھی۔ میم ویڈیو مل گئی ہے۔ مریم بولی تھی۔ بلاشبہ مریم اسکے سب سے قریب تھی اپنے بھائی معیز کے بعد سب سے زیادہ پیار اسے مریم سے ہی تھا اور مریم کو وہ اپنے جیسا بنانا چاہتی تھی۔ اوکے۔ اور حجاب ویڈیو دیکھنے لگی۔ آخر کار وہ اپنے مطلوبہ سین تک پہنچ چکی تھی۔ مگر ایک چیز حجاب کو پریشان کر رہی تھی وہ یہ تھی کہ فائیٹر کو چہرہ نہیں دکھایا گیا تھا بلکہ اسکی کمر والی سائیڈ دکھائی جا رہی تھی جس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں وہ گل پر اپنے وار کر رہا تھا۔ مطلوبہ سین وہ بار بار دیکھ رہی تھی وہ دیکھنا چاہتی تھی کہ لات اگر پہلے سلپ ہوئی تو مجرم قصوروار نہیں تھا اور اگر بعد میں سلپ ہوئی تو وہ قصوروار ہے۔ مگر وہ حیران تھی دونوں چیزیں برابر سلپ ہوئی تھی اور حجاب اس صفائی پر حیران تھی

طویل وقت سے دیکھنے کے بعد حجاب نے نتیجہ نکالا کہ یہ ایکسیڈینٹ ہی ہے اتنی صفائی تو مجھ میں بھی مشکل سے آتی ہے یہ ایک اتفاق ہے اور پھر شہری ایک نیا فائیٹر ہے اس سے یہ سب ناممکن ہے اور آج حجاب پہلی بار دھوکا کھا چکی تھی یہ شہری کا ذہانت کا کمال تھا۔ سنو مریم مجھے اس لڑکے کی تمام ویڈیو چاہئے۔ حجاب کی اس انوکھی خواہش پر مریم کا منہ کھل گیا مگر وہ انکار نہ کر سکی۔ شہری کا انداز حجاب کو کسی کی یاد دلا رہا تھا۔

میم وہ لڑکی شہری کی ساری ویڈیو مانگنے آئی ہے۔ ہاں دے دو مگر شہری کا چہرہ نہیں آنا چاہئے۔ اوکے میم۔

ہبہ کے چہرے پر مسکراہٹ تھی اور زینب و شہری بہت

خوش تھے تینوں ناشتے کی ٹیبل پر جمع تھے۔

حجاب نے شہری کی ویڈیو مانگی تھی جبکہ زینب کے حلق میں نوالہ اٹک گیا۔ تو پھر میم آپ نے کیا کیا۔ زینب پریشانی سے بولی۔ ڈفر کرنا کیا ہے شہری کا چہرہ نہیں آیا تم اتنی بے وقوفی والی بات کر رہی ہو۔ سوری میم۔ زینب شرمندہ ہو کر بولی۔ وہ شہری کے بارے میں فکر مند تھی اس لئے یہ احمقانہ سوال کر گئی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حجاب دھوکا کھا گئی ہے۔ ہبہ مسکرا کر بولی تھی۔ واہ کمال کر دیا میرے شہزادے نے حجاب کو بھی پزل کر دیا ۔یاہو۔ جس طرح بچوں کی طرح ہنستے وہ بولی تھی

شہری اور ہبہ بڑی ادا اور پیار سے اسے دیکھ رہے تھے۔

اس نے باقی ویڈیو بھی مانگی ہے مگر اب وہ کچھ نہیں کر سکتی مگر کیوں مانگی ہے اسکا پتہ نہیں چل رہا۔

ہبہ سپاٹ لہجے میں بولی۔ زینب تمہارا نقاب کہاں ہے دو دن سے تم بغیر نقاب کے نظر آ رہی ہو۔ ہبہ غصے سے بولی۔ میم میں گھر پر نقاب اتارتی ہوں باہر تو نہیں۔ اور گھر میں شہری ہے مجھے اس پر پورا بھروسہ ہے ۔آج زینب نے ڈھٹائی سے جواب دیا تھا۔ جبکہ ہبہ کے دماغ میں خطرے کی گھنٹی بجی۔ اوہ واہ تمہیں شہری پر بھروسہ ہے۔ ہر تیسری لڑکی سے اسکے ناجائز تعلقات ہیں۔ پانچ دن پہلے یہ نور کے ساتھ روم میں تھا جو ہر دوسرے دن کسی لڑکی کے ساتھ ہو وہ تمہیں کیا چھوڑ دیگا۔

شہری کا سر شرم سے جھکا ہوا تھا اور وہ یہ جان چکا تھا کہ ہبہ اسکی ہر حرکت پر نظر رکھتی ہے۔ میم آپ بھی تو شہری کے سامنے آ جاتی ہیں اور وہ بھی بغیر دوپٹے کے۔ زینب طنز کرتے ہوئے بولی تھی۔ جبکہ ہبہ کو آگ لگ چکی تھی۔ مسئلہ کیا ہے تمہارا زینب۔ اب تم مجھے جواب دینے لگی ہو آج تک تمنے مجھ سے اسطرح بات نہیں کی آج کل تم بہت بد تمیز ہو رہی ہو اور یہ سب تب سے ہوا ہے جب سے تم شہری سے ملی ہو۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہبہ شہری کے عیب کھول رہی تھی وہ جانتی تھی زینب کے دل میں اگر شہری کیلیئے کچھ ہے تو نکل ائے زینب ایک باکردار پردہ دار لڑکی تھی۔وہ شہری کو ایکسیپٹ نہ کرے اور ہبہ یہ بھی جانتی تھی شہری آگے جاکر سدھر جائیگا۔لہذا ہبہ اپنا پتا پھینک رہی تھی۔آخر چل کیا رہا ہے تمہارے دماغ میں۔ہبہ چیخ کر بولی تھی۔

میم آپ نے بھی مجھے کبھی نہیں ڈانٹا ہمیشہ پیار ہی دیا۔مگر جب سے شہری آیا آپ بلکل بدل گئی ہیں کل آپ نے مجھے جان سے مارنے کی دھمکی دی تھی۔اگر شہری کو کچھ ہوا تو میں کسی کو نہیں چھیڑونگی۔میم آپ کے دماغ میں کیا چل رہا ہے۔شہری کیا کرتا ہے مجھے پتا ہے مگر آپ شہری کی لائف میں کیوں دخل دے رہی ہیں۔زینب پر سکون لہجے میں بولی تھی۔

دور رہو شہری سے۔ہبہ پھر چیخی تھی۔وجہ۔زینب حقارت بھرے لہجے میں بولی۔محبت ہے میری۔ہبہ پھر چیخی۔میری بھی ہے۔اب زینب چیخ کر بولی تھی۔

جبکہ شہری کا دماغ چکرا گیا تھا شہری یہ سب سننے کا عادی تھا مگر آج کی جنگ محبت کی جنگ تھی۔

زینب یہ کیا بکواس ہے تم جانتی تم کیا کہہ رہی ہو۔ہبہ اپنے راستے میں کانٹے برداشت نہیں کرتی اور اپنی چیزیں شیئر نہیں کرتی اگر مرنا ہے تو بتادو۔

میم بکواس نہیں حقیقت ہے اگر آپ جذبات کا اظہار کرسکتی ہیں تو میں کیوں نہیں اس بار زینب کی آواز میں لرزہ طاری تھا آنسو ٹوٹ کر گر رہے تھے۔اور زینب کے آنسو دیکھ کر شہری کا دل کٹ کر رہ گیا تھا جبکہ ہبہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھی پریشان ہو گئی تھی اس وقت ہبہ منجدھار میں پھنسی تھی ایک طرف اسکی محبت تھی اور دوسری طرف اسکی بہن جیسی اسٹوڈنٹ زینب کی محبت تھی۔یہی وجہ تھی کہ بار بار ہبہ کا ہاتھ اس کی گن پر جا کر واپس آرہا تھا۔ٹھیک پھر شہری فیصلہ کرے گا ایم سوری زینب مجھے تمہارے جذبات کو سمجھنا چاہیے تھا ہبہ ہارے ہوئے لہجے میں بولی۔ہبہ کو ڈر تھا شہری اسے ریجیکٹ نہ کردے کیونکہ کردار بیشک اسکا اچھا سہی بٹ کچھ کمی اس میں تھی۔جبکہ زینب خوش تھی کیونکہ ہر مرد چاہے کتنا ہی بد کردار ہو بیوی ولیہ مانگتا ہے۔ٹھیک ہے میم مجھے منظور ہے۔زینب پرسکون لہجے میں بولی۔میں میم ہبہ سے پیار کرتا ہوں۔شہری اس فیصلے نے زینب کو توڑ دیا تھا اس میں کھڑے ہونے کی ہمت نہیں تھی مگر۔شہری نے جملہ ادھورا چھوڑا۔کیا شہری۔ہبہ پریشانی سے بولی۔میم زینب کی عزت میرے دل میں زیادہ ہے اور ان کی آنکھ میں ایک آنسو نہیں دیکھ سکتا۔شہری نے آگے بڑھ کر زینب کا ہاتھ تھام لیا تھا اور اس کے آنسو صاف کردئے تھے جبکہ زینب کو ایسا لگا جیسے نئ روح اس کے بدن میں آئی ہو۔یہ منظر دیکھ کر ہبہ جا چکی تھی۔

ہبہ کے جانے کے بعد زینب نے چہرہ اٹھا کر شہری کو دیکھا تو وہ مسکرا رہا تھا زینب بھی مسکرانے لگی۔

شہری جب تم میم ہبہ سے پیار کرتے ہو تو ان کا انتخاب کیوں نہیں کیا۔یہ سنتے ہی شہری کی مسکراھٹ غائب ہو گئی۔میم میں نے زندگی میں بہت سے طوفان دیکھے ہیں بہت سے لوگوں سے دھوکا کھایا ہے جن کو اپنا مانا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انہوں نے پیٹھ پر چھرا گھونپا جن سے مدد مانگی وہ منہ موڑ گئے۔ جن کو چاہا دور ہو گئے۔ انا پرست لوگوں نے میری دنیا برباد کر دی زندگی میں جب بھی کچھ اچھا ہوتا نظر آیا کسی نہ کی وجہ سے ختم ہو گیا۔ میم میں نے کبھی سکون نہیں پایا۔ مجھے افسوس ہوتا ہے اپنے پیدا ہونے پر۔ اب مزید کوئی دکھ برداشت کرنے کی ہمت نہیں ہے مجھ میں۔ نفرت ہے مجھے رشتوں سے محبت سے۔ میں کیا تھا اور کیا بن گیا۔ میم میرے اندر ایک لاوا ابل رہا ہے پر میں اسے باہر نہیں لا سکتا۔ میں اپنا غم دکھ کسی سے نہیں کہہ سکتا۔ اتنا بے بس ہوں۔ میم میں زندگی گزار رہا ہوں۔ یہ انسان جو عیاشی کرتا ہے بدکردار ہے ہنستا مسکراتا ہے اس کے اندر ایک ٹوٹا ہوا انسان ہے وقت نے کیا سے کیا کر دیا۔ بخت کے تخت سے یک لخت ہارا ہوا شخص۔ تم نے دیکھا ہے جیت کر ہارا ہوا شخص۔

وہ کونسا دن ہے جب جو میرا چین سے گزرا ہو وہ کونسی رات ہے جب مجھے چین نیند آئی ہو۔ ہر وقت وہ آوازیں وہ دکھ میرا پیچھا نہیں چھوڑتے۔ میں چاہتا ہوں میرا حافظہ چلا جائے تاکہ میں ماضی کا سب کچھ بھول جائوں۔

یاد ماضی عذاب ہے یارب۔ میرا حافظہ مجھے بھلا دے

میم میں جل رہا ہوں پر کوئی پانی مجھے ٹھنڈا نہیں کر سکا۔ میم مجھے اپنے سوالوں کے جواب چاہیئے پر افسوس کوئی دینے والا نہیں۔ خود سے جواب دیکر میری عقل بند اور سینہ تنگ ہو چکا ہے رہی بات میم ہبہ کو ریجیکٹ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کرنے کی تو بات یہ ہے کہ میم اگر مجھ سے پیار کرتی ہیں تو انھیں قربانی دینی ہو گی۔انھیں آپ کو برداشت کرنا ہو گا میں نے آپ کو ایکسیپٹ کیا ہے کیونکہ آپ کے اندر انا نہیں ہے۔کل کو اگر میں کوئی اور لڑکی اپنی زندگی میں لیکر آتا ہوں تو آپ برداشت کرلو گی مگر میم ہبہ یہ سب نہیں کر سکتی تم نے دیکھا نہیں کتنی بار انہونے اپنی گن اٹھانے کیلئے ہاتھ بڑھایا۔

وہ کسی اور کیساتھ شیئر نہیں کر سکتی۔میں جھک جھک کر تنگ آگیا ہوں زبردستی مجھے بہت بری لگتی ہے۔بس یہی وجہ ہے میم ہبہ کو ریجیکٹ کرنے کی۔اور آپ بھی اچھی طرح سوچ لیں اگر کوئی تیسرا چوتھا پانچواں تو کیا آپ برداشت کرلینگی اگر جواب نہیں ہے تو پھر ایم سوری میم۔غصے سے لال ہوتے شہری بول رہا تھا۔اور زینب آج حیران ہوئی تھی۔یہ شخص جو ہنستا مسکراتا ہے اندر سے اتنا ٹوٹا ہوا ہو گا اسے اندازہ نہیں تھا۔میں تمہارے ساتھ ہوں ہر جگہ پر ہر وقت پر ہر مشکل میں۔تمہاری طرف بڑھا ہر ہاتھ میں توڑ دونگی جس نے تمہیں تکلیف دی اسے برباد کرکے رکھ دونگی۔مگر ایک

تمہاری ایمانداری کی بنا پر میں سب برداشت کرونگی۔

مگر ایک وعدہ کرو کبھی مجھے چھوڑو گے نہیں میرے ساتھ زیادتی نہیں ہو گی۔زینب نم لہجے میں بولی۔

یہ سنتے ہی شہری کے ہونٹ پر مسکراہٹ آگئی قیک جھٹکے سے زینب کو اپنی طرف کھینچا زینب کٹتی پتنگ کی طرح اسکے سینے سے آلگی اپنے ہاتھ سے زینب کا چہرہ اوپر کرکے اس پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بولا۔ایسے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خوبصورت چہرے کو جو چھوڑ دے اس سے زیادہ بے وقوف کوئی نہیں ہو گا۔زینب کا دل بند ہو رہا تھا۔یہ سب ٹھیک نہیں ہے شادی سے پہلے زینب اسے لرزتے ہوئے بولی۔سوری زینب ماتھے پر مہر ثبت کرتے بولا۔ایک نمبر کے لوفر لفنگے ہو۔زینب غصے سے بولی۔اب چلتے ہیں ورنہ مجھ سے قابو نہیں ہوتا۔شہری آنکھ مارتے ہوئے بولا۔دونوں کمرے سے نکلے تو دیکھا ہبہ سپاٹ لہجہ لئے دیوار سے ٹیک لگا کر سگریٹ پی رہی تھی۔دونوں دیکھتے ہی ڈر گئے مطلب وہ انکی سب باتیں سن چکی تھی۔کیونکہ۔ایک ڈر اب بھی باقی تھا کہیں ہبہ دونوں کو ہی نہ مار دے۔کیونکہ ہبہ کا مقابلہ وہ ملکر بھی نہیں کر سکتے تھے۔زینب تم جاؤ میں ہبہ سے بات کرنا چاہتا ہوں۔نہیں میں اکیلا چھوڑ کر نہیں جا سکتی۔زینب نے جان چھڑانے والے انداز میں کہا۔کیونکہ اسے ڈر تھا شہری کو کھو دینے کا۔میں نے کہا نا جاؤ۔ایک شرط پر

میم اپنی گن ادھر میرے حوالے کر دیں۔زینب سپاٹ لہجے میں بولی۔شہری نے افسوس سے زینب کو دیکھا

جبکہ زینب کی اس مجرمانہ سلوک پر ہبہ کے کش لگاتے ہونٹ رک گئے اور نتیجہ میں دھواں اندر نہ جانے کی بناپر ہبہ نے بری طرح کھانسنا شروع کر دیا۔شہری آگے بڑھ کر ہبہ کو تھامنے لگا جبکہ زینب آگے اور بولی میم آپ ٹھیک ہیں۔ہمم۔تھکے ہوئے لہجے میں ہبہ بولی تھی۔میم میرا وہ مطلب نہیں تھا میں ڈر گئی تھی۔اپنی دوست جیسی میم کھو چکی ہوں اپنی محبت نہیں کھونا چاہتی زینب زمین پر بیٹھ کر رونے لگی۔شہری کا دماغ ابل رہا تھا۔شٹاپ زینب یہ کیا بچگانہ حرکت ہے تم اتنی بے وقوف بن گئی ہو اندازہ نہیں تھا۔پہلی بات ہم دونوں میم کے خاص اسٹوڈنٹ ہیں دوسری بات میں میم کی محبت ہوں تیسری بات میم اندر وعدہ کر کے آئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہیں وہ دخل اندازی نہیں کرینگی میم اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتی۔ تمنے میم کو تکلیف دیکر مجھے تکلیف دی ہے۔ چلو معافی مانگو میم سے۔ شہری ایک جھٹکے سے زینب کو کھڑا کرکے بولا۔ زینب ہبہ کے سامنے آئی اور بولی سوری میم۔ ہمم۔ کہکر زینب کو ہبہ نے اپنے گلے سے لگالیا میں سمجھ سکتی ہوں زینب میں تمہیں ہمیشہ خوش دیکھنا چاہتی ہوں۔ تمہارے علاوہ میرا ہی کون۔ رونا بند کرو تمہارے لئے سب برداشت کرلونگے میں زینی۔ پہلی بار زینب کو کسی نے نک نام سے پکارا تھا۔ مگر زینب روئے جارہی تھی ہبہ کا یہ پیار کافی دن بعد محسوس کررہی تھی۔ ارے واہ مزا آگیا میں تو سمجھا تھا. یہ بلیاں ایک دوسرے کو کاٹ کھائینگی۔ مگر یہ تو صلح کرچکی ہیں۔ شہری نے ماحول خوشگوار بنایا۔

زینب مسکراتے ہوئے ہبہ سے الگ ہوئی مگر ہبہ بھڑک گئی۔ یہ بلی کسے کہا ہے۔ تمہیں کہا ہے دیکھو جنگلی بلی کی طرح مجھے گھور رہی ہو۔ شہری اب بھی باز نہ آیا۔ میری میم تو شیرنی ہے زینب فخریہ انداز میں بولی۔ اچھا مگر دم تو نظر نہیں آرہی۔ شہری ہنستے ہوئے بولا۔ ہبہ نے گھوم کر ایک کک شہری کو لگائی اور شہری اپنا ہاتھ سہلانے لگا۔ اگر میں بلی ہوں تو پھر زینب کیا ہے ہبہ چیخ کر بولی کیونکہ شہری ہبہ کو نشانہ بنارہا تھا۔

زینب تو خوبصورت ہرنی ہے جسکے شکار الگ ہی مزا ہے۔ شہری اب بھی موڈ میں تھا۔ کمینہ لفنگا لوفر زینب شرم سے سر جھکا کر بولی۔ ہم سب ایک ساتھ رہینگے۔ زینب چہکتے ہوئے بولی۔ ہمم۔ ہبہ پر عزم لہجے سے بولی

۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تینوں ایک ساتھ اپنا ہاتھ دیا۔ مگر ایک مسئلہ ہے شہری پریشان لہجے میں بولا۔ کیا۔ ہبہ اور زینب دونوں بولی۔

ہم تینوں ایک ساتھ روم میں نہیں رہ سکتے۔ شہری ہاتھ چھڑوا کر بھاگ گیا۔ بڑے بڑے کمینے دیکھے مگر اس جیسا نہیں دیکھا زینب شرم بھرے لہجے میں بولی۔ ایک منٹ بھی نہیں گزرا تھا شہری پھر آ گیا۔ تم نکلو یہاں سے ورنہ مجھے کچھ اور کرنا پڑیگا زینب اسے خونخوار نظروں سے دیکھتی بولی۔ ایک اہم بات بتانی ہے۔ ہمارے بچے بھی ایسے ہی رہینگے۔ شہری مسکرانے لگا۔ یہ کمینہ نہیں جائیگا ہم ہی چلتے ہیں زینب نے مکا شہری کو مارتے ہوئے کہا۔ یہ تو معیز سے بھی بڑا کمینہ ہے ہبہ افسوس سے بولی جبکہ زینب کا منہ معیز کا نام سنتے ہی اداس ہو گیا جبکہ ہبہ نے فورا کہا سوری زینب۔ شہری پریشان ہو گیا۔ یہ معیز تو حجاب کا بھائی ہے کیا مسئلہ ہے اسکا زینب شہری تفتیش بھرے لہجے میں بولا۔ چھوڑو۔ زینب کا جان چھڑانے والا انداز تھا نہیں بتاؤ۔ شہری ضد میں آ گیا ۔معیز نے زینب کو پرپوس کیا زینب نے ریجیکٹ کر دیا تو اس نے زینب کے ساتھ زبردستی کی کوشش کی مگر ہمنے اس کی کوشش ناکام کر دی ہوا کچھ یوں تھا۔ ابھی ہبہ مزید تفصیل کرتی۔ بس۔ شہری چیخا تھا۔

زندہ نہیں چھوڑ نگا اس کتے کو۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دونگا اس کمینے کے۔ شہری لال آنکھوں سے بولا۔ کہاں ملیگا وہ۔ شہری غصے سے پوچھتے ہوئے بولا۔ صبر کرو ابھی تم اسکا مقابلہ نہیں کر سکتے ابھی تمہیں اور آگے سیکھنا ہے۔ ہاں پنجاب ٹورنامنٹ میں تم اسکا سامنا کروگے۔

اور جان سے مارنے کی ضرورت نہیں ہمنے حساب چکتا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کر دیا تھا۔ تمنے بس اس سے فائیٹ جیتنی ہے۔ ہبہ شہری

سمجھاتے ہوئے بولی۔ شہری سمجھ گیا اور ہبہ کے ماتھے پر اپنی مہر ثبت کرتا چلا گیا زینب کا منہ جھکا ہوا تھا

اس لئے وہ دیکھ نہیں سکی۔ چلو زینب ہبہ کو لیکر چلی۔

حجاب کتاب کا مطالعہ کر رہی تھی اچانک مریم روم میں آئی۔ میم ساری ویڈیو لے لی ہے۔ اوکے گڈ۔ مریم چلی گئی اور حجاب ساری ویڈیو دیکھنے لگی۔ پہلی ویڈیو میں حجاب نے دیکھا ایک ہی وار میں گیم ختم ہو گئی۔

حجاب ساری ویڈیو دیکھنے لگی۔ مگر آگے کی ویڈیو مختلف تھی۔ حجاب حیران ہو رہی تھی اس لڑکے کا لڑنے کا انداز مختلف تھا کبھی کسی فائیٹر کے روپ میں کبھی کسی کے۔ اور زینب اور ہبہ کے انداز بھی اسکے اندر تھے۔ یہ بات حجاب کو پریشان کر رہی تھی۔ زینب اور ہبہ کا انداز یہ کیسے اختیار کر سکتا ہے ان کا انداز اتنا آسان نہیں تھا ۔ حجاب سوچ کر بولی۔ حجاب کی کی تیز نظریں دیکھ ہی تھی یہ لڑکا جان کر سامنے والے فائیٹر کو موقع دیتا ہے اگر چاہے تو ایک ہی وار میں فائیٹر کو

ختم کر دے۔ پھر حجاب نے اسکی فائنل اور فرسٹ میچ کی ویڈیو ایک ساتھ دیکھی دونوں میں وہ فائیٹر کی ہڈی موڑ دیتا ہے مگر فائنل میں یہ شخص اتنی زور سے ہڈی نہیں موڑی اور دوسری چیز اس نے فائنل بڑے جارحانہ انداز میں لڑا۔ فائیٹر کو موقع ہی نہیں دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہیں اس نے گل کو جان سے مارنے کیلیئے اتنا سخت لڑا۔ مگر ایسا بھی تو ہو سکتا ہے فائنل میں یہ کوئی رسک ہی نہ لینا چاہتا ہو۔ یہ ایکسیڈنٹ ہے۔ مگر اس لڑکے کا چہرہ کیوں نہیں دکھایا جارہا۔ حجاب سوچتے ہوئے بولی۔ خیر مجھے کیا لینا اسکے چہرے سے اگر لاہور میں جیت گیا تو کیا۔ پنجاب ٹورنامنٹ میں اگر یہ پہنچا تو بھائی معیز سے نہیں جیت پائیگا۔ حجاب کے چہرے پر یہ سوچتے ہوئے مسکراہٹ آگئ۔ بٹ بھائی معیز کو کیا جواب دونگی ۔حجاب یہ سوچ کر پریشان ہوگئی۔

میم بھائی معیز آگیا ہے۔ مریم نے آکر حجاب کو خبر دی۔ اوکے حجاب خوش بھی ہوئی اور دکھی بھی۔ کیسی ہو ۔معیز نے پوچھا ٹھیک اور آپ بھائی۔ میں بھی ٹھیک معیز بیزاری سے بولا۔ گل نظر نہیں آرہی۔ معیز نے پوچھا۔ بھائی وہ اب نہیں رہی فائنل میں وہ قتل ہو چکی ہے۔ واٹ کیا بکواس ہے گل اور قتل اور وہ بھی فائیٹ میں۔ کون تھا فائیٹر۔ معیز چیخ پڑا بھائی فائیٹر کی غلطی نہیں یہ ایکسیڈنٹ ہے میں نے کھوج لگالی ہے۔ حجاب نے جلدی جلدی بولا۔ اوہ تو پھر تمہاری غلطی ہے۔ تمنے میری منگیتر کو مروادیا۔ تم ہو ہہ منحوس۔ تم پکدا ہوئی تو ماما اور اس کے بعد پاپا چلے گئے۔ تم کب دفع ہو رہی ہو۔ شادی کیوں نہیں کر لیتی۔ بس بہت ہو گیا اب بہت جلد تمہاری شادی ہوگی حجاب کو دھکا دیتی معیز باہر نکل گیا۔ جبکہ حجاب روتی ہوئی مریم کے روم میں آئی کیا ہوا میم اس کو روتے دیکھ مریم نے کہا۔ بھائی نے ڈانٹا ہے حجاب روتے ہوئے بولی۔ مت رویا کرو اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

معصوم چہرے پر آنسو اچھے نہیں لگتے اس چہرے کیلئے تو لوگ خون کی ندیاں بہا سکتے ہیں۔اور تمہارے بھائی بہت برے ہیں ان کا رویہ ٹھیک نہیں ہے تمہارے ساتھ۔

ایسے مت بولو میرا ایک ہی بھائی ہے حجاب نم لہجے میں بولی۔ مگر وہ کچھ غلط نہ کر دیں ان کی وجہ سے کافی نقصان ہوا ہے اور ہبہ زینب بھی ہماری دشمن بن گئی ہیں۔ مریم نے اسے اسکے بھائی کی اصل حقیقت بتائی ۔تم میرے بھائی کو بد کردار کہہ رہی ہو۔ حجاب غصے سے بولی۔ آپ اپنے بھائی کی محبت میں اندھی ہو چکی ہیں مریم نے حجاب کو افسوس سے دیکھ کر

باہر جانا ہی مناسب سمجھا جبکہ حجاب بھی نکل گئی۔

کہاں ہو تم فائیٹ پر توجہ دینے کے بجائے گلچھرے اڑا رہے ہو۔ ہبہ غصے سے بولی۔ کیا ہو گیا ہے گھر مدرسہ سب جگہ وقت دینا پڑتا ہے۔ ہمم فائیٹ پر بھر پور توجہ دو۔ پنجاب ٹونامنٹ میں بس دو مہینے ہیں آج سے اپنا نیا اسٹیپ شروع کرو۔ جی میم۔ شہری نے سر ہلایا۔

کیا ہو رہا ہے زینب نے آکر سوال کیا۔ زینب آج سے اسکو اگلے اسٹیپ دکھاؤ۔ جی میم میں اسی کے بارے میں ہوئے حسیں بات کرنے آ رہی تھی۔ اچانک ہبہ کے فون پر کال آئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمم ٹھیک ہے خیریت سے جائو۔ ہبہ نے بیزاری سے فون بند کرتے ہوئے کہا۔ معیز آگیا ہے اور آتے ہی حجاب کو برا بھلا کہا ہے مریم آج اپنے شہر جا رہی ہے۔ ہبہ سپاٹ لہجے میں بولی۔ میم یہ مریم کون ہے ۔۔۔شہری نے سوال کیا۔ حجاب کی سب سے خاص دوست اور ہماری بھی۔

اوہ لگتا ہے گل کے جانے کا افسوس ہے معیز کو۔ شہری سوچتے ہوئے بولا۔ وہ کمینہ کسی چیز کا افسوس نہیں کرتا ۔بس حجاب کو ذلیل کرنے کے بہانے ڈھونڈتا ہے۔ حجاب کما کر دے رہی ہے اسے اور عیاش ہے ساری دولت اپنے نام کرنا چاہتا ہے۔ ہبہ سپاٹ لہجے میں بولی۔

میرا بھائی ایسا ہوتا کب کا اوپر پہنچا دیتی۔ اب زینب نے بھی اپنا حصہ ڈالا۔ میم ہم مریم سے کیوں تعلق رکھتے ہیں جبکہ وہ حجاب کی دوست ہے۔ وہ صلح کروانا چاہتی ہے اس کے مطابق حجاب بے قصور ہے مگر ہمارے نزدیک حجاب جان کر ایسا کرتی ہے اسے اپنے بھائی کے کرتوتوں کا پتہ ہے بس وہ ہر دہ ڈالتی ہے۔ ہبہ نے اپنی رائے بتائی۔ میم ہو سکتا ہے یہ لڑکی کوئی کھیل کھیل رہی ہو اور یہ بھی ہو سکتا ہے معیز نے حجاب کو بے وقوف بنادیا ہو اور حجاب اسکی باتوں میں آگئی ہو آخر اکلوتا بھائی ہے اسکا۔ اور صلح جنگ سے بہتر ہے کیا ہماری حجاب سے صلح نہیں ہو سکتی۔ اگر حجاب ہماری بات مانے اور اپنے بھائی کو ہمارے حوالے کر دے تو ہم بھی صلح کر لیں۔ ہمم صحیح کہا مگر حجاب یہ سب مر کر بھی نہیں کریگی۔ ہبہ پر یقین لہجے میں بولی۔

وہ معیز کو چھوڑے نہ چھوڑے میں نہیں چھوڑ نگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر حجاب کو بھی دیکھ لینگے اگر قصور وار نکلی تو اسکا حال بھی معیز جیسا ہو گا ورنہ چھوڑ دینگے۔

کیا کہتی ہو تم دونوں شہری نے دونوں کو دیکھتے ہوئے کہا۔ بلکل معقول بات ہے مگر حجاب کیلئے ہمارے دل میں کوئی ہمدردی نہیں ہے اس نے بہت دکھ دئے ہمکو۔ ہمارے کئی فائیٹر بے قصور مارے گئے۔ ہبہ غصے سے بولی۔ مانا کہ وہ ذہین۔ تجربہ کار حسینہ ہے مگر اس نے ہمارے ساتھ اچھا نہیں کیا۔ بس سگریٹ پینے اور جینز پہننے کے جرم میں مجھے پتا نہیں کیا کیا بول دیا حالانکہ مجھے شہری کے علاوہ کسی لڑکے نے اس حالت میں نہیں دیکھا۔ ہبہ افسردہ لہجے میں بولی۔ کاش حجاب ہمارے ساتھ ہوتی تو ہماری طاقت کچھ اور ہی ہوتی۔ مگر ہم چاہ کر بھی حجاب کیلئے نرم رویہ اختیار نہیں کر سکتے۔ زینب افسوس بھرے لہجے میں بولی۔ میم اگر مریم معیز کی کاروائی جانتی ہے کہیں ایسا نا ہو معیز بھی مریم کے بارے میں جانتا ہو ورنہ وہ مریم کو نہیں چھوڑیگا۔ شہری نکتہ دانی کرتے اپنا اندیشہ بتانے لگا۔ ہاں یہ تو ہمنے سوچا نہیں جو اپنی بہن کو قتل کرنا چاہتا ہو وہ مریم کو بھی نہیں چھوڑیگا۔ ہبہ سپاٹ لہجے میں بولی۔ میم ہمیں مریم کا کیا فائدہ۔ زینب بیزاری سے سوال کرتے بولی ۔ ہمیں یہ تو پتا رہتا ہے وہاں کیا ہو رہا ہے۔ ویسے زینب شہری تمسے زیادہ سمجھدار ہے۔ ہبہ زینب کو چڑا کر بولی ۔ اور آپ سے بھی۔ زینب نے لٹ مار جواب دیا۔ ہمم ہبہ شہری کی طرف دیکھتے ہوئے بولی۔

مریم سامان پیک کر کے کمرے سے نکلی تو سامنے معیز کو کھڑے پایا۔ تم اگر اپنی چالوں سے باز نا آئی تو میں تمہارا بہت برا حشر کرونگا۔ معیز غصے سے بولا۔ کیا مطلب بھائی۔ مریم پر سکون لہجے میں بولی۔ حجاب سے دور رہو اسکی فکر کرنے اور اسے بچانے کا ٹھیکا تمنے نہیں لیا۔ اگر تم میری بات مان لو تو پیسہ بھی ملے گا اور پیار بھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔معیز خباثت سے ہنستے ہوئے بولا۔تو تم مجھے خرید رہے ہو گھٹیا انسان۔تم اپنی پھول جیسی بہن کیساتھ کیا کر رہے ہو تم جانتے بھی ہو۔مریم غصے سے بولی۔تو تم نہیں مانو گی۔معیز غصے سے بولا۔اپنی گھٹیا او فرا اپنے پاس رکھو کوئی دوسری گل ڈھونڈ لو

وہ تمہارا کام کریگی۔آئندہ بعد تم اس گھر میں نظر نہیں آئو گی۔وہ کیوں۔مریم حقارت سے بولی۔

حجاب ایک دم معیز چلایا جبکہ مریم ناسمجھی سے اسے دیکھنے لگی۔چند سیکنڈ بعد حجاب بھی آ گئی۔کیا ہوا بھائی ۔حجاب نے سوال کرتے کہا۔تمنے غدار بھی پال رکھے ہیں۔معیز نے طنز کیا۔کیا مطلب بھائی۔حجاب نے نا فہمی سے اسے دیکھا۔یہ تمہاری سب سے قریبی دوست مریم غدار ہے یہ ہبہ کو ہماری باتیں چھپ کر بتاتی ہے۔لو ریکارڈنگ سنو۔حجاب نے حیرانی سے ریکارڈنگ سنی جس میں وہ ہبہ کو معیز کے آنے کا بتا رہی تھی ۔حجاب کا چہرہ سرخ ہو گیا آگے بڑھ کر ایک تھپڑ اس نے مریم کو رسید کیا۔نکل جائو میرے گھر سے ورنہ یہیں گاڑ دونگی۔حجاب چیخ پڑی۔مریم نے اپنا سامان اٹھایا تو نکل گئی۔وہ جانتی تھی کوئی اس پر یقین نہیں کریگا اور غداری کا ٹھپہ الگ لگ گیا۔معیز مجھے نہیں چھوڑیگا مجھے ائیرپورٹ سے سیدھا لاہور جانا ہے۔اڈے والے رکشے کو اس نے ائیرپورٹ کی طرف چلوا دیا۔معیز لگتا ہے وہ حسینہ بھاگ گئی۔بھاگے گی کہاں ادھر ہی کہیں چھپی ہو گی۔وہ ادھر سے ہی جاتی ہے۔معیز بڑبڑانے لگا۔جب کافی دیر بعد مریم نہ ملی تو

معیز نے ائیرپورٹ کا رخ کیا مگر فلائیٹ جا چکی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم نے میری ساتھ دھوکا کیا مریم افسوس ہے تمنے میرا بھروسہ توڑ دیا میری بھائی کو میری نظروں میں ذلیل کرنا چاہا تم اتنی اچھی تھی۔ حجاب آنسو بہا رہی تھی۔

ہبہ۔زینب تمہیں میں عبرت بنا دو نگی۔ تمنے مجھ سے میری سب سے پیاری دوست چھین لی۔ حجاب اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے بولی۔

مریم نے لاھور ائیر پورٹ پہنچ کر رکشہ لیا اور سیدھی زینب کے کلب پہنچی مگر دروازے پر نور نے روک لیا۔ تم

حجاب کی دوست ہو تمہیں اندر جانے کی اجازت نہیں

نور اسے روکتے ہوئے بولی۔ میں زینب کی بھی دوست ہوں۔ مریم غصے سے بولی۔ مجھے نہیں پتا بس تم اندر نہیں جا سکتی اگر مرنا ہے تو بتا دو۔ نور غصے سے بولی۔

دیکھو میری زینب ہبہ سے بات کروا دو اگر انہوں نے منع کیا تو میں خود چلی جاؤ نگی۔ مریم عاجز آ کر بولی۔

میم کا وقت بہت قیمتی ہے نکلو یہاں سے۔ نور بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نور یہ کس چیز کا شور ہے کون ہے یہ لڑکی اور کیا کہ رہی ہے۔شہری یہ حجاب کی دوست مریم ہے میم سے ملنے آئی ہیں تمھیں تو پتا ہی ہے حجاب کے لوگوں کا ہیں داخلہ منع ہے۔نور اسے صور تحال سے آگاہ کرتے بولی

دوپر سکون لہجے میں گویا ہوا۔شہری کی آواز پر مریم پلٹی تو حیران رہ گئی۔لڑکا وہ بھی زینب کے کلب میں۔اور اسکا اتنا اثر ورسوخ کیسے ہے اور اتنا کیوٹ۔مریم

کے دماغ میں ایک سوچ آئی اور دوسری گئی۔جائو۔نور بیزاری سے بولی۔مریم اندر آکر ہبہ زینب کو ڈھونڈنے لگی۔آخر کار وہ دونوں اسے ایک ساتھ بیٹھی ہوئی ملی۔

مگر آج حیرانی کی بات تھی کوئی تیسری چیئر رکھی تھی۔ہبہ سگریٹ اور بوتل پی رہی تھی جبکہ زینب کافی سے لطف اندوز ہو رہی تھی۔ہائے ہبہ ہائے زینب۔تم۔تم یہاں کیسے اور تمھیں اندر کسنے آنا دیا ہبہ غصے سے بولی ۔میں بہت مشکل میں ہوں معیز میرے پیچھے پڑ گیا ہے اب وہ حجاب کو بھی نہیں چھوڑیگا۔اس نے مجھے تم سے بات کرتے دیکھ لیا تھا اور اس نے وہ ریکارڈنگ حجاب کو سنادی اور حجاب نے مجھے غدار قرار دے دیا وہ کھڑے کھڑے ہی بولی۔دیکھو مریم ہمنے تمھیں نہیں کہا تھا ہمیں وہاں کی باتیں بتایا کرو ۔دوسری بات تمہاری زبان کہا تھی جب جب حجاب تمھیں غدار کہ رہی تھی تمہاری زبان اس وقت کہاں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھی۔اور تیسری بات تم ہمارے پاس کیوں آئی ہو۔ ہبہ طنز کے دریا بہا رہی تھی اور مریم کے آنسو بس نکلنے لگے تھے۔

اگر اس دن تمنے ہمارا ساتھ دیا ہوتا تو آج صورتحال الگ ہوتی۔ تمہیں منع کیا تھا حجاب کی طرف جانے سے ۔زینب افسوس سے اسطرح دیکھتے بولی۔کیسے چھوڑ دیتی وہ حجاب کو جان سے مار دیتا۔مریم نے عذر بیان کیا ۔مار تو وہ ابھی دیگا۔ہبہ طنز کرتے بولی۔ایسے نہ بولو۔مریم نے تڑپ کر کہا وہ بے قصور ہے۔بے قصور نہیں بے حس ہے ہبہ نے فوراجوابی کاروائی کرتے کہا۔میں تمہارے پاس نہ آتی ابھی وہ یہ جملہ مکمل بھی نہیں کر پائی تھی کہ تیسری کرسی پر شہری آگیا اور آتے ہی ہبہ کے ہاتھ سے سگریٹ لیکر پینے لگا اور ساتھ بوتل بھی۔

مریم دنگ رہ گئی کتنی محبت سے وہ ایک دوسرے کی جھوٹی سگریٹ اور کولڈرنک پی رہے تھے۔مجھے اپنی عزت جانے کا ڈر ہے اگر میری عزت چلی جائے تو میرے گھر والوں کو بتادینا کہ میں بدکردار نہیں تھی ۔مریم نے رو کر کہا اور جانے لگی۔رکو زینب نے خاموشی توڑ کر کہا کچھ نہیں ہوگا ہم تمہارے ساتھ ہیں۔زینب یہ سب کیا ہے۔ہبہ غصے سے بولی۔میم عزت جانے کا خوف کیا ہوتا ہے میں محسوس کر چکی ہوں ۔زینب نے دکھتے لہجے میں کہا۔ہمارے لئے کام کروگی۔شہری نے مریم سے پوچھا۔حجاب کو مارنے کے علاوہ ہر کام کرونگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شٹاپ شہری کی آواز آئی حجاب تمہارا درد سر نہیں ہے اگر واقعی وہ قصوروار ہے تو اسے ہمسے کوئی نہیں بچا سکتا ۔اگر لا علم ہے تو اس کی جان نہیں لیجا ئیگی۔

ہاں اسے سزا ضرور دی جائیگی۔ ہم اپنے نقصان کا بدلہ ضرور لینگے۔اور یہ سب میں تمہاری حفاظت کے بدلے نہیں کہ رہا۔عام بات کرر ہا ہوں ہمارے ساتھ کام کرنا چاہو گی۔ وہ شہری کی پسنیلیٹی میں گم ہو گئی تھی وہ حجاب کو بچانا چاہتی تھی وہ جانتی تھی حجاب کم از کم سزا کی مستحق ہے مگر وہ بچانا چاہتی تھی

مگر یہ لڑکا منٹ میں اسکے ارادے جان گیا تھا کتنی آسانی سے وہ حجاب کو اس سے الگ کر چکا تھا ٹھیک ہے۔ پر کرنا کیا ہے۔ مریم لڑکھڑاتے ہوئے بولی۔ زیادہ اور سمارٹ مت بنو حجاب کو مارنے کے علاوہ ہر کام کرو گی اور تم سے میں کوئی حرام کام نہیں کروانے لگا۔ شہری طنز کرتے بولا۔اور ایک بات یاد رکھو ہماری ہر بات تم مانو گی ہماری باتیں راز رکھو گی۔ ٹھیک ہے۔ مریم بولی۔اور آخری بات اس سے ہٹ کر تمنے کوئی کام کیا اور اس سے ہمیں ذرا بھی نقصان پہنچا تو جو معیز نہیں کر سکا میں کرونگا۔ سمجھ گئی تم۔ سختی کے ریکارڈ توڑتے ہوئے شہری بولا۔ جبکہ مریم کا رواں رواں کانپ اٹھا اور ساتھ ہی زینب اور ہبہ کا منہ بھی کھل گیا۔

یہ سب کیا ہے شہری یہ کیسی سزا ہے۔ زینب حیرانی سے دیکھتے ہوئے بولی۔ میم مریم موت سے نہیں ڈرتی۔

تو سزا وہ دیجائے جس سے مجرم کو ڈر بھی لگے اور ویسے بھی یہ سب غداری کی صورت میں ہے اور اگر یہ ہمیں سپورٹ کرے تو ہم اسکا ہر جگہ خیال رکھیں گے اسے عزت ہی دینگے۔ بولو مریم تمہیں یہ سب منظور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہے۔شہری نرمی سے بولا جبکہ مریم بس اسکا چہرہ دیکھ رہی تھی۔اگر تمہیں منظور ہے تو ٹھیک ورنہ یہاں پر رھو جب معیز کا کچھ ہو جائے پھر تم آزاد ہو۔بولو۔

ٹھیک ہے۔گہری کھائی سے مریم کی آواز آئی۔اوکے بس

اپنی حدوں کا خیال رکھنا۔ہمارا بھروسہ مت توڑنا۔

جائو جاکر آرام کرلو تم سفر سے آئی ہو۔مریم حیران تھی یہ کون ہے جو اتنا بول رہا ہے جبکہ ہبہ اور زینب خاموش ہیں۔تم دونوں متفق ہو اس بات سے۔شہری ہبہ اور زینب ایک ساتھ مخاطب کرتے بولا۔ہمم۔ ٹھیک ہے۔ہبہ بولی جبکہ زینب نے صرف سر ہی ہلایا جسکا مطلب تھا وہ کنفیوز ہے۔اوکے میں چلتی ہوں مریم کہ کر وہاں سے نکل گئی۔یہ تو ٹھیک ہے یہ حجاب کے بارے میں بہت کچھ جانتی ہے مگر حجاب کو بچانا چاہتی ہے ہو سکتا ہے حجاب بے قصور ہو۔ہبہ کچھ نرم ہوتے بولی۔

نو ہبہ حجاب قصوروار ہے اگر حجاب قصوروار نہ ہوتی تو مریم کبھی ہمسے یہ معاہدہ نہ کرتی بلکہ وہ چلی جاتی اسے حجاب کی فکر ہے اس لئے یہ حجاب کو بچانا چاہتی ہے۔لڑکی وفادار ہے مگر حجاب کی دیوانی ہے۔حجاب اتنی قصوروار نہیں کہ جان سے مارا جائے مگر دودھ کی دھلی بھی نہیں ہے اسے اس کے کئے کی سزا ملیگی۔شہری اپنی تحقیق پیش کر رہا تھا اور زینب اور ہبہ اس سے اتفاق کر چکی تھی۔مگر اسکی سزا۔زینب بولی۔میں نے اسے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈرانے کیلیئے کہا ہے ایک یہی راستہ تھا اسے قائل کرنے کا۔ شہری نے زینب کے اندیشے کو دور کرتے کہا

۔لیکن اس سے دور رہنا تم۔ ہبہ بولی۔

ان دو حسیناؤں نے ہر چیز سے بیگانہ کردیا ہے۔ شہری کھوئے کھوئے لہجے میں گویا ہوا۔ ہو گیا یہ کمینہ شروع

۔چلیں میم ہم نکلتے ہیں۔ زینب غصے سے بولی۔

ارے بات سنو میری زینب نے اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ لیا۔

اور آگے بڑھنے لگی۔ ایک دم شہری دونوں کے آگے آگیا۔

نکاح کب کررہے ہیں ہم۔ شہری نے بم پھوڑ دیا۔ زینب تو بغیر جواب کے چلی گئی جبکہ ہبہ نے کہا کب کریں

آج ہی کرلیتے ہیں شہری آنکھ مارت بولا۔ نہیں بلکہ جمعہ کو کرین گے دو دن بعد ہے باقی چیزیں بعد میں ہوتی

رہینگی۔ شہری روشن مستقبل بناتے بولا۔ ٹھیک ہے۔

ہبہ اندر چلی گئی اور شہری پریکٹس کیلیئے زینب کی طرف چلا گیا۔ تم یہاں کیوں آئے ہو نکلو۔ زینب آنکھیں

نکال کر بولی۔ اوہ جناب فائیٹ سکھاؤ مجھے۔ شہری

اسے کسی خاطر میں نہ لاتے بولا۔ اپنی فضول لغویات

باتیں نہ کرنا اوکے زینب انگلی سے وارن کرتے بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پرسوں ہمارا نکاح ہے۔ کیا زینب حیرانی سے بولی۔ ہاں جمعہ ہے مبارک دن ہے۔ مگر۔۔۔زینب لرزتے بولی ۔ابھی جسٹ نکاح ہے اوکے۔ مگر ابھی نہیں۔اس کی اس بات پر شہری آگے بڑھا اور زینب پیچھے ہٹنے لگی ۔اور آخر دیوار سے ٹکرا گئی دیوار دیکھ کر فورا سائیڈ سے بھاگنے لگی۔ مگر شہری پہلے ہی تیار تھا ایک دم اسکا بازو پکڑ کر اپنی طرف کھینچا اور اسے خود بھینچ لیا۔

شہری چھوڑو یہ سب۔ زینب مچلنے لگی۔ زینب کو مچلتا دیکھ شہری نے چھوڑ دیا۔ اسی لئے کہ رہا ہوں نکاح جلدی کرتے ہیں اس طرح تم منع نہیں کرو گی اور ویسے بھی زیادہ دیر رہنا ٹھیک نہیں تو تیار رہنا۔ فائیٹ نکاح کے بعد شروع کرینگے۔ شہری اپنا فیصلہ سناتے نکل گیا۔

کلب میں تیاری ہونا شروع ہو گئی تھی سب لڑکیاں خوش تھی آخر زینب اور ہبہ کا نکاح تھا۔ اور آج لڑکیاں ہبہ اور زینب کیلئے ڈریس خریدنے گئی تھی۔ واو میم پیاری لگ رہی ہیں۔ دونوں نے ہی لال فراک پہنی ہوئی تھی سلیقے سے گھونگٹ آگے ڈالا ہوا تھا۔ مریم جو دو دن پہلے آئی تھی اور آج اپنے روم سے باہر۔ آئی تو سب کچھ دیکھ کر حیران رہ گئی۔ کیا ہو رہا ہے یہ سب اور ان دونوں نے یہ ڈریسنگ کیوں کی ہے۔ مریم ایک دم حیران ہوتے بولی۔ نکاح ہے میم ہبہ اور زینب کا۔ کس کے ساتھ جبکہ اسکا دل عجیب فیل کر رہا تھا۔ زینب اور ہبہ اور وہ بھی نکاح۔ کس کے ساتھ۔ شہری کے ساتھ۔ اچھا نجانے اسکے دل کو کچھ ہوا تھا۔ مجھے یہ سب کیوں فیل ہو رہا ہے اوہ ہو مجھے کیا لینا۔ دو دن سے وہ مسلسل شہری کے بارے میں سوچ رہی تھی۔ وہ اپنی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوچ میں گم تھی جبکہ ایجاب وقبول کی آوازیں اس کے کان میں پڑ رہی تھی۔پہلے ہبہ سے ایجاب و قبول ہوا پھر زینب سے۔

نکاح ہوتے ہی سب نے مبارک باد دی اور کھانا کھل گیا۔ بریانی۔ قورمہ۔ بوتل۔ مٹن۔ ملائی بوٹی۔ قلفہ آئسکریم۔ کوئی بیس پچیس چیزیں تھی۔ یار اللہ انہیں خوش رکھے۔ نور بولی۔ایک بات سمجھ نہیں آئی میم نے شہری سے نکاح کر لیا حالانکہ اس کے لڑکیوں سے تعلقات بھی تھے۔اپنی بولی کہیں شہری اب بھی ایسا نہ ہو ۔اپنی فکر مند ہوتے بولی۔ایسے لوگ کبھی نہیں سدھرتے۔ مریم بولی تھی۔ شہری برا تھا اب نہیں ہے تمنے دیکھا نہیں اب وہ ہماری طرف نہیں دیکھتا اب تو بہن بول کر مخاطب کرتا ہے۔ شہری سدھر چکا ہے۔ہاں تمنے درست کہا۔اپنی

پر جوش لہجے میں بولی۔ ہو سکتا ہے زینب کی دولت سے متاثر ہوا ہو۔ مریم سوچتے بولی۔پر کچھ بول نہ سکی ۔نہیں یہ سب۔ بری بات ہے شہری اچھا انسان ہے۔ جبھی تو زینب ہبہ نے اسے ایکسیپٹ کر لیا ورنہ کونسی لڑکی سوتن برداشت کرتی ہے۔پر میں کیوں یہ سب سوچ رہی ہوں۔ مریم کھانا کھانے میں مشغول ہو گئی ۔سب لوگ جا چکے تھے۔اور رات کا پہر تھا۔زینب اپنے کمرے میں سو چکی تھی۔ شہری پانی پینے کیلئے باہر آیا تو ہبہ کو دیکھا ابھی بھی وہی ڈریسنگ تھی۔وہ کوئی پری لگ رہی تھی۔مبارک ہو۔ شہری نے کہا۔ خیر مبارک ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب تو تم خوش ہونا۔ ہبہ مسکرا کر شہری کو دیکھتے بولی جبکہ شہری ہبہ کو دیکھے جا رہا تھا۔ تمہاری آنکھیں نکال ---------------۔ اس سے پہلے ہبہ اپنا ڈائیلاگ مکمل کرتی۔ شہری نے اپنا ہاتھ ہبہ کے منہ پر رکھ دیا۔ اب شوہر ہوں تمہارا شرم کرو۔ تمہیں نہیں دیکھو نگا تو کسے دیکھو نگا۔

شہری ہبہ کے ہونٹ پر اپنی انگلی پھرتے ہوئے بولا۔ ہبہ کے پاس اس بات کا کوئی جواب نہیں تھا۔ وہ اب نہیں روک سکتی تھی۔ پھر شہری نے سر کو ہبہ کے سر پر رکھ دیا اور آنکھیں بند کر لیں کچھ لمحوں بعد اپنی آنکھیں کھولیں اور اپنے ہونٹ ہبہ کے ماتھے پر رکھ دئے اور مہر ثبت کرنے لگا۔ اور ہبہ کو خود میں سمیٹ لیا ۔ تم سوئی کیوں نہیں۔ اب تک شہری نے شرارت سے پوچھا۔ نیند نہیں آئی۔ ہبہ لرزتے لہجے میں بولی۔ چلو اندر روم میں چلتے ہیں رات ہو گئی ہے ہبہ نے مشورہ دیا۔ ہمم۔ شہری ہبہ کو آزاد کر کے بولا۔ دونوں ہبہ کے روم میں آ گئے۔

روم آکر دونوں بیڈ پر بیٹھ گئے۔ تھوڑی دیر بعد شہری شہری بولا۔ ہبہ چینج کر لو۔ ہمم ہبہ نائیٹ ڈریس لیکر چینج کرنے چلی گئی جبکہ شہری بیڈ پر ہی لیٹ گیا۔

چند منٹ بعد ہبہ آگئی گرین کلر کا نائیٹ ڈریس تھا جس میں اس کا حسن مزید نکھر رہا تھا۔ بیڈ پر شہری کو دیکھ کر ہبہ عجیب فیل کر رہی تھی۔ ادھر آئو۔ شہری نے آرڈر جاری کیا۔ ہبہ چلتی ہوئی آئی بیڈ پر بیٹھ گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہری نے ہاتھ بڑھا کر اسے اپنے اوپر کھینچ لیا اور ہبہ حیران ہو گئی۔ جانتی ہو میں تم سے ناراض ہوں۔ کیوں ہبہ پریشانی سے بولی۔ کیونکہ تمنے مجھے زینب کی وجہ سے ایکسیپٹ کیا ہے ہبہ کے بالوں کو جکڑ کر شہری بولا ۔آہ درد ہو رہا ہے۔ کیوں کیا تم نے ایسا۔ شہری غصے سے بولا۔ تمہیں تو میں۔ اس سے پہلے ہبہ کچھ کرتی شہری چیخ پڑا۔ شوہر ہوں تمہارا آئندہ اونچی آواز نہ سنوں تمہاری سمجھی۔ تم نے بھی مجھے ریجیکٹ کیا حساب برابر۔ ہبہ پر سکون لہجے میں بولی۔ میں نے ریجیکٹ نہیں کیا تم خود باہر نکل گئی تھی۔ پوری بات سنی ہی کہاں تھی۔ شہری افسوس سے بولا۔ پھر ہبہ کو پرے کرتے اٹھا اور شاور لینے چلا گیا۔ جبکہ ہبہ شہری کا یہ جارحانہ انداز دیکھ کر حیران ہو گئی آج نکاح کا پہلا ہی تو دن ہے اور شہری ایسا کیسے کر سکتا ہے۔ ہبہ سوچے جا رہی تھی تھی۔ اچانک دروازہ کھلا اور شہری باہر آگیا اور ہبہ اپنی سوچوں میں مگن تھی۔ بال بنا کر شہری ہبہ کیساتھ بیٹھ گیا۔ ہبہ۔ شہری نے پکارا۔ مگر ہبہ نے دیکھنا بھی مناسب نہیں سمجھا۔ ہبہ شہری دوسری بار بولا۔ مگر جواب ندارد۔ اب شہری نے ایک جھٹکے سے

ہبہ کو کھڑا کیا۔ ایک بات اپنے دماغ میں بٹھا لو ہبہ سب کچھ برداشت کر لونگا مگر اپنا ریجیکٹ ہونا نہیں۔

اس جارحانہ انداز پر ہبہ کی آنکھیں نم ہو گئی۔ چھوڑو میرا ہاتھ ہبہ نے نم لہجے میں کہا۔ نکاح کی پہلی رات ہی تم اسطرح کیسے کر سکتے ہو میں کوئی کھلونا نہیں ہوں شہریار جب چاہا باہوں میں بھر لیا اور جب چاہا اٹھا کر ابھی ہبہ کا جملہ مکمل بھی نہیں ہوا تھا کہ شہری نے اسے اپنی باہوں میں بھر لیا اور ہبہ بے آواز آنسو بہانے لگی جب وہ خاموش ہوئی تو شہری نے اسے آزاد کر کے اسکی آنکھیں صاف کر دی۔ ایم سوری ہبہ۔ میں تمہارے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اندر کے جذبات کو باہر لانا چاہتا تھا اس لئے اتنا سخت رویہ اختیا کر دیا۔ میں تم سے بہت پیار کرتا ہوں تمہیں تکلیف دینے کا سوچ بھی نہیں سکتا میری بات سمجھو۔

اور نیچے جھک کر ہبہ کی آنکھوں پر بوسہ دیا اور پھر چہرے کے ہر ہر حصے پر اپنی مہر ثبت کی۔ ہبہ روکنا چاہتی تھی مگر کچھ کر نہیں پا رہی تھی۔اچانک شہری نے ہبہ کو اپنی گود میں اٹھایا اور بیڈ پر لٹا دیا اور خود ہبہ پر جھک گیا۔ شہری بسس۔ کافی ہے۔ ہبہ کانپتے بولی۔ ہبہ مجھ سے برداشت نہیں ہو رہا میں تمہارا قرب چاہتا ہوں یہ رات ہماری زندگی کی خوبصورت رات ہو میں

نے انتظار کیا ہے ان لمحات کا۔ جب سے تمہں پہلی مرتبہ دیکھا تھا۔ آگے تم تمہاری مرضی۔ شہری نے گھمبیر لہجے میں کہا۔ بولو ہبہ ہاں یا نا۔ مگر ہبہ خاموش تھی۔ شہری نے آہستہ سے ہبہ کے گال کو چھوا تو ہبہ نے آنکھیں بند کر لی۔اب شہری آگے بڑھتا جا رہا تھا۔ پھر کمرہ تاریک ہو گیا اور ایک خوبصورت رات اپنے اختتام کو پہنچ گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صبح ہبہ کو اپنے ماتھے پر لمس محسوس ہوا تو ہبہ جاگ گئی تو دیکھا کہ شہری مسکرا رہا تھا۔اٹھ جائو میڈم آج تم نے لیٹ کر دیا ہے۔جبکہ ہبہ رات والے واقعے کو سوچ کر شرما رہی تھی۔اور ہاں اپنی عادتیں ٹھیک کر لو آگے ناشتہ تم ہی بنایا کرو گی۔شہری ہنستے ہوئے بولا۔اب کیا میں کام بھی کرونگی کوکنگ کرونگی۔ہبہ ڈرامائی انداز میں بولی اور ہاں اگر نہیں آتی تو زینب سیکھ لو بہت اچھی کوکنگ کرتی ہے۔شہری نے اسے مسئلہ حل کرتے کہا۔کیا۔۔۔۔۔ہبہ چیخی تھی۔بلکہ تمہیں جھاڑو پوچا بھی لگانا پڑیگا۔شہری قہقہ لگاتے بولا ۔

تم میرا مذاق اڑا رہے ہو ہبہ دکھ سے اسے دیکھتی بولی۔

نہیں بس حقیقت بتا رہا ہوں۔شہری۔۔۔ہبہ چلانے لگی ہی تھی اچانک کل والی بات یاد آگئی۔ہبہ تمہیں ہر کام میں پرفیکٹ ہونا چاہیئے۔میں تمہارے ساتھ ہر حال میں خوش ہوں مگر کوئی میری بیوی پر زبان کھولے یہ مجھ سے برداشت نہیں ہوگا۔اس لئے یہ سب کہ رہا ہوں میری بات سمجھو۔ہبہ کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیکر وہ بولا۔

ہمم ہبہ نے مسکرا کر سر ہلایا۔ایم سوری کل رات تمہیں دینے کیلیئے کچھ نہیں لے سکا وہ اچانک۔ہبہ نے شہری کے منہ پر انگلی رکھ دی میرا سب کچھ تم ہو شہری۔ہبہ پیار بھرے لہجے میں بولی۔چلو اب زینب ویٹ کر رہی ہوگی۔شہری نکل گیا جبکہ ہبہ شاور لینے چلی گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آ گئے تم۔ کمرے میں ڈھونڈا تھا کہاں تھے تم۔ زینب غصے سے بولی۔ وہ میں ہبہ کیساتھ تھا۔ شہری نے آنکھ چرا کر کہا۔ کیا۔۔۔۔ زینب حیران ہوتے بولی۔ تو سوئے بھی ایک ہی۔۔۔۔۔ زینب سر پر ہاتھ رکھ کر افسوس سے بولی۔ ایسا کیا گناہ کر دیا میں نے اپنی بیوی کے ساتھ تھا۔

آج تمہارے ساتھ ہوں بس اب یہ عجیب شکلیں بنانا بند کرو۔ میرا تم سے وعدہ کبھی تمہارے ساتھ زیادتی نہیں ہو گی تو پھر تم پریشان کیوں ہو رہی ہو۔ شہری نے زینب

کے دونوں کندھے پکڑتے ہوئے کہا۔ اوکے ٹھیک آج تم میرے ساتھ رہو گے۔ زینب نے آرڈر دیا۔ بس پھر ٹھیک ہے جو میں چاہوں نگا کرنے دینا۔ شہری آنکھ دباتا بولا۔

لوفر زینب غصے سے بولی یہ کیا بد تمیزی ہے شوہر ہوں تمہارا۔ شہری اسے اپنی طرف کھینچتے ہوئے بولا۔

آئندہ خیال رکھنا اور آواز آہستہ اوکے شہری اس کے گال تھپتھپاتے بولا۔ دیکھو زینب مذاق مستی اپنی جگہ پر ہمیں اپنے رشتے کا بھی خیال رکھنا ہے کمرے میں ہم جو چاہیں کریں مگر لوگوں کے سامنے ہمارا امیج ہونا چاہئے تاکہ کوئی ہم پر انگلی نہ اٹھا سکے۔ ہمم درست فرمایا۔

زینب آداب سے بولی جبکہ شہری تو اس کے آپ کہنے پر ہی حیران ہوا پیار سے قریب کیا اور ایک مہر ثبت کر دی۔ اور دوسری کرنے ہی لگا تھا کہ ہبہ آ گئی اور دونوں کا منہ کھل گیا۔ تم دونوں یہ کام روم میں کیا کرو یہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پریکٹس روم ہے۔ ہبہ اپنا رخ دوسری طرف پھیرتے بولی۔ جبکہ زینب کو غصہ آیا خود تو ساتھ رہتی ہے مجھے روکتی ہے۔ دونوں الگ ہوئے مگر شہری دوسری مہر بھی

لگا چکا تھا۔ اور زینب خوش ہو گئی۔ چلو پھر فائیٹ سٹارٹ کرو۔ جی میم زینب شہری کو گائیڈ کرنے لگی۔

آج سے شہری کا پروپر نیا اسٹیپ شروع تھا۔ یہ اسٹیپ بہت مشکل تھے مگر محنت شہری پوری کر رہا تھا۔

اب زینب اور شہری آپس میں فائیٹ کرنے لگے اور یہ پہلی فائیٹ تھی جوان دونوں کے درمیان تھی۔ اس سے پہلے شہری مارتا تھا اور زینب بلاک کرتی تھی۔ پہلی فائیٹ شروع ہوئی تو شہری کو پتا لگا اصل فائیٹ کسے کہتے ہیں۔ پہلی فائیٹ میں وہ ایک نمبر بھی نہیں لے سکا۔ زینب جارحانہ انداز پھرتی لچک اور سپیڈ شہری کو ٹکنے نہیں دے رہی تھی۔ نو فائیٹ ہوئیں۔ جیتنا تو دور شہری ایک ہوائنٹ بھی حاصل نہ کر سکا۔

دسویں فائیٹ میں شہری صرف ایک پوائنٹ ہی حاصل کر سکا۔ گڈ۔ ہبہ بولی۔ فکر مت کرو آہستہ آہستہ سب سیکھ جاؤ گے ایک وقت آئیگا تم زینب کو باآسانی ہرا لوگے۔ ہمم شہری مسکراتا ہوا نکل گیا۔

زینی بات سنو مجھے کوکنگ سکھا دو۔ ہبہ نے اپنی خواہش کا اظہار کیا۔ واہ میم آپ کوکنگ کرینگی۔ زینب مسکرا کر بولی اب سیکھنی تو ہے ہی آخر شادی ہو چکی ہے آگے کام کرنا ہی پڑیگا۔ ساری زندگی تم لوگوں کے ہاتھ کا تو نہیں کھا سکتی نا۔ اوہ تو یہ بات ہے شوہر کو خوش کرنے کی تیاری ہے اوکے میم سکھا دونگی احسان جتانے والے انداز میں بولی۔ زینب ایک وعدہ کرو شہری کے رشتے کی وجہ سے ہم اپنا رشتہ نہیں بدلیں گے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔ہمارے بیچ نفرت نہیں آئیگی۔جی میم اگر اللہ نے چاہا تو ایسا ہی ہو گا۔زینب پر جوش انداز میں بولی۔چلو کچن میں چلتے ہیں پھر زینب ہبہ کو گائیڈ کرنے لگی۔ویسے شہری کو کیا کیا پسند ہے۔ہبہ نے زینب سے پوچھا کچھ مت پوچھیں شوہر نامدار بہت ہی نک چڑھے ہیں کم ہی چیزیں پسند ہیں جناب کو۔میم آہستہ آہستہ آپ کو سب پتا لگ جائیگا۔زینب نے تسلی دی۔

آج شام زینب خوب تیار ہوئی شاید ہی پہلے کبھی ہوئی ہو۔پھر اپنے روم سے باہر آئی تو مریم اور ہبہ ایک ساتھ

ہی ملی۔کسی کی نظر نہ لگے بہت پیاری لگ رہی ہو۔ہبہ

زینب کو دیکھ کر بولی۔جبکہ مریم نے صرف سر ہلانے پر اکتفاء کیا بیشک مریم خوبصورت تھی معیز بھی اسکے پیچھے پاگل تھا مگر یہ زینب تھی جس کیلئے معیز نے اپنی زندگی برباد کی تھی۔ویسے کس لئے تم اتنا تیار ہوئی ہو ۔میں نے کس کے لئے تیار ہونا ہے ظاہر ہے اپنے شوہر کیلئے ہی ہوئی ہوں۔زینب نے لٹمار جواب دیا۔ویسے زینب مجھے ایک بات سمجھ نہیں آئی معیز بھی

بدکردار تھا اور شہری بھی۔اور شری کے پاس تو کچھ خاص دولت نہیں جبکہ معیز تو بہت پیسے والا ہے۔تو

پھر تمنے شہری کا انتخاب کیوں کیا۔مجھے بھی پتا چلے کہ شہری میں ایسا کیا ہے جو معیز میں نہس ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہری اب بد کردار نہیں ہے آئندہ بعد یہ لفظ میں تمہارے منہ سے نا سنوں۔ ورنہ انجام اچھا نہیں ہو گا۔ اور رہی بات شہری کی تو وہ منافق نہیں ہے درندہ غدار نہیں ہے اور۔ عزت کرنے والا ہے میرا نقاب غلطی سی اسکے سامنے اترا تھا تو اس نے نظریں پھیر لی تھی کبھی مجھے گندھی نظر سے نہیں دیکھا میرے لئے اتنا ہی کافی ہے اور اس کے علاوہ ذھین ہے بہت زیادہ۔ ور کتنا ہینڈ سم ہے یہ مجھے تمہیں بتانے کی ضرورت نہیں۔ زینب جب بولی تو بولتی ہی چلی گئی۔ جبکہ مریم افسوس کرنے لگی میں نے یہ سوال کیوں کر دیا۔ اوہ ہوزینی پرائی عورت کے سامنے اپنے شوہر کی تعریف نہیں کرتے۔

شہری مسکراتے ہوئے آیا تو ہبہ نے اپنی سیٹ چھوڑ دی کیونکہ شہری نے زینب کے ساتھ بیٹھنا تھا۔ جبکہ مریم حیران ہوئی اور زینب مسکرا کر میم کو دیکھنے لگی۔

کیسے ہو تم سب اور مریم سسٹر تم۔ سسٹر کہنے پر مریم کا منہ کھل گیا اور اسے دکھ بھی ہوا۔ آپ کی طبیعت کیسی ہے زینب نے پوچھا۔ میں ٹھیک ہوں شکر ہے۔ جبکہ زینب کے آپ بولنے پر ہبہ کو بھی جھٹکا لگا۔

میں آتی ہوں مجھے کچھ کام ہے مریم اٹھ کر چلی گئی۔

کھانا لگا دوں ہاں لگا دو۔ ہبہ کے پوچھنے پر شہری بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوہ ہو ویسے میڈم کس کے لئے تیار ہوئی ہو شہری لا علم ہو کر بولا۔ جبکہ سن تو سب کچھ چکا تھا۔روم میں چلو پھر بتاؤ نگی۔کاٹ کھانے والاانداز تھا۔ چلو پھر روم میں چلتے ہیں شہری ایک آنکھ دبا کر بولا۔اور زینب کو اب اندازہ ہوا کیا بول گئی ہے۔بہت ہی پیاری لگ رہی ہو

میری بیگم کو کسی کی نظر نہ لگے۔شہری مسکرا کر بولا جبکہ زینب نے سر جھکا لیا۔چلو کھانا کھالو پھر تم دونوں کیلیئے ایک گفٹ ہے ہبہ کو آتا دیکھ شہری بولا۔

کیا دونوں ایک ساتھ بولی۔ہے بس۔شہری نے ناگوار لہجے میں کہا۔تینوں کھانا کھانے لگے کھانے کے فورا بعد

شہری نے اپنی جیب سے دو رنگ کی ڈبیاں نکالی۔

اور پھر ان دونوں ڈبیوں کو کھولا اور اس میں سے دو رنگ نکالی۔ایک رنگ ہبہ کے ہاتھ میں اور ایک زینب کے ہاتھ میں پہنادی دونوں رنگ زیادہ مہنگی نہیں تھی۔

مگر زینب ہبہ کی آنکھ میں چمک آگئی تھی۔کیونکہ یہ رنگ خلوص اور پیار کی نشانی تھی۔دونوں رنگ ایک جیسی ایک جگہ پر تھی اس لئے کوئی بدمزگی پیدا نہ ہوئی۔تینوں نے ملکر کھانا کھایا اور پھر بیٹھ کر باتیں کرنے لگے۔جبکہ مریم چھپ کر یہ سب حسرت سے دیکھ رہی تھی۔میم کچھ کھالیں۔صبا نے حجاب کو آکر کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں مجھے بھوک نہیں ہے حجاب نے سپاٹ لہجے مہیں کہا۔ میم جانتی ہوں کہ آپ مریم کے بارے میں سوچ رہی ہیں۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہی مریم غدار کیسے ہو سکتی ہے اگر وہ غدار نہیں تو ہبہ کو اس نے بھائی معیز کے بارے میں ہبہ کو کیوں بتایا وہ ایسا کیسے کر سکتی ہے۔ جانتی ہو صبا میں خود اکیلا محسوس کر رہی ہوں۔ حجاب دکھ بھرے لہجے میں بولی۔

میم سمجھ تو مجھے بھی نہیں آ رہا ہمیں تحقیق کرنی

چاہئے۔ مگر کیسی تحقیق سب میری آنکھ کے سامنے ہے۔ میم ہو سکتا ہے بھائی معیز کو غلط فہمی ہوئی ہو۔

ہاں کچھ تو کرنا پڑیگا مجھے مریم کو بہت کچھ ہمارے بارے میں پتا ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو وہ ہبہ اور زینب کے پاس چلی جائے اور سب بتا دے۔ حجاب سوچتے ہوئے بولی۔ تم مریم کا پتا کرو بھائی معیز آئے نہیں ابھی تک۔

نہیں میم وہ تو تین دن سے غائب ہیں۔ ان کا اکیلے رہنا بھی ٹھیک نہیں۔ وہ آ جائیں گے تو بات ہو گی۔ حجاب نے

اپنی رائے سے آگاہ کر دیا۔ حجاب نے مریم کا نمبر ڈائل کیا بیل جا رہی تھی مگر مریم کال پک نہیں کر رہی تھی

۔

مریم کے گھر فون کیا تو انہوں نے کہا گھر نہیں۔ مریم

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے موبائل پر گھر سے کال آئی کہاں ہو تم اسکی ماں بولی میں لاہور ہوں اپنی فرینڈ کے پاس آپ فکر نہ کریں چند دن میں آجاؤنگی۔ وہ تو ٹھیک ہے پر تمہاری میم کا فون تھا۔ ٹھیک میں انھیں بتادونگی۔

شہری اور زینب فائیٹ کر رہے تھے جبکہ ہبہ اور مریم

دیکھ رہی تھی۔ کیا ہوا مریم تم پریشان ہو۔ ہبہ نے پوچھا۔

ہاں وہ آج حجاب کا فون آیا تھا میں نے بات نہیں کی تو انہوں نے گھر فون کر دیا گھر والوں نے مجھے فون کر کے پوچھا۔ انہوں نے بتادیا ہوگا میں لاہور ہوں اور اسطرح میری غداری اور پکی ہوگی کہیں ایسا نہ ہو حجاب گھر والوں کو نقصان پہنچائے اور اب وہ مجھے حاصل کرے گی کیونکہ میں تم لوگوں کے پاس ہوں۔ مریم پریشانی سے بولی۔ تو تمہیں اسکا فون پک کرنا چاہیئے تھا اسکو کوئی بہانا لگادیتی تم۔ اب تو وہ خاموش نہیں ہوگی یا پھر گھر والوں کو کچھ اور بتادیتی۔ تمہاری عقل کہاں تھی۔ شہری افسوس سے اسے دیکھتا۔ میں بکھلاہٹ میں تھی ۔ مریم نے عذر بیان کرتے کہا۔ اب اگر کال آئے تو اٹھالینا اور ہم کھل کر حجاب سے بات کریں گے۔ شہری

ابھی پلان بناہی رہا تھا کہ نور بھاگ کر آئی

اسکا سانس پھولا ہوا تھا وہ میم حجاب آگئی ہے۔

کیا۔۔۔ ہبہ حیرانی سے بولی۔ اور کون ہے اس کے ساتھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس ایک لڑکی ہے۔اس کی چیکنگ کروآنے دو ہم سب اس سے ملتے ہیں۔ شہری نے کہا۔ مگر شہری۔ زینب بولی۔

وہ ہمسے بات ہی کرنے آئی ہے جبھی تو صرف ایک لڑکی اس کے ساتھ ہے موقع اچھا ہے ہم اپنے مطالبات پیش کرینگے اور دو ٹوک بات کرینگے۔ شہری نے اپنا پلان بنایا۔اور اگر اس نے کوئی جارحانہ قدم ہوا تو پھر اسے مرنا ہو گا گنیں اپنی اٹھالو۔ شہری نے پر سوچ لہجے میں کہا۔

ٹھیک ہے اور مریم تم معیز کی ساری کاروائی بتاؤ گی۔ ہمم۔ مریم نے تابعداری سے سر ہلایا۔ آج وہ ہمسب کو دیکھ لیگی اور تم اسے دیکھ لینا۔ شہری نے ہبہ اور زینب سے کہا۔ تم ابھی سامنے مت آئو۔ ہبہ نے کہا نہیں میں آئونگا سامنے تم فکر مت کرو آخر ایک ناایک دن تو آنا ہی ہو گا۔ ٹھیک ہے ہبہ فکر مند لہجے میں بولی۔اور نور تم کھانا لگوادو۔ شہری نے آرڈر دیا۔اور سب نے تیاری شروع کی۔ حجاب کرسی پر بیٹھی ویٹ کررہی تھی اور آج اسنے پہلی بار ہبہ اور زینب کو دیکھنا تھا۔

تھوڑی دیر بعد دو لڑکیاں آئیں اور اسکے بالمقابل بیٹھ گئی مگر بیچ کی سیٹ اب بھی خالی تھی۔ دونوں کی ایک ہی ڈریسنگ تھی ان میں ماڈرن کوئی نہیں تھی اور اسے نہیں پتا تھا کون زینب ہے اور کون ہبہ۔ ابھی چند سیکنڈ ہی گزرے تھے شہری آگیا بلاک شرٹ وائیٹ پینٹ بلیک گلاسز اور بلیک کیپ پہنے ہوئے وہ حجاب کے بلکل سامنے کرسی پر آگیا۔ خوش آمدید حجاب۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہری نے آغاز گفتگو کر دیا۔اور حجاب حیران یہ کون لڑکا ہے۔میرا نام منیب قریشی ہے اور تمھیں حیرانی ہو رہی ہو گی مجھے دیکھ کر۔یہ دائیں طرف زینب ہے اور بائیں طرف ہبہ ہے اور میں انکا ہسبینڈ ہوں۔دو دن پہلے ہی ہمارا نکاح ہوا ہے۔خیر یہ سب تمہارے لئے ضروری نہیں مگر حیران کن ضرور ہے۔جبکہ حجاب کو جھٹکے پر جھٹکے لگ رہے تھے اور منیب نام سن کر زینب اور ہبہ کو بھی جھٹکا لگا تھا۔اور مجھے پتا ہے تم مریم کیلئے یہاں آئی ہو۔تو بولو تم کیا چاہتی ہو اب شہری کا لہجہ سخت تھا۔مریم کو میرے حوالے کر دو۔وجہ۔شہری حقارت سے بولا۔اس لئے کہ وہ میری ساتھی جسے تم لوگوں نے پھنسالیا ہے وہ ایک غدار ہے مجھے وہ چاہیئے ۔حجاب پر سکون لہجے میں بولی۔مریم نے تمہارے بھائی پر کچھ الزام لگائے ہیں اور اسکی جان خطرے میں ہے اس لئے اس نے ہم سے پناہ لی ہے۔اور دوسری بات اس نے اپنے آپ کو نہیں بیچا اور نہ ہمنے خریدا ہے۔

اس نے میرے بھائی کی باتیں تمہیں پہنچائی ہیں۔حجاب چیخ کر بولی۔جبکہ ہبہ نے سگریٹ سلگالی کیونکہ اس سے کنٹرول نہیں ہو رہا تھا۔تمہاری باتیں تو نہیں بتائی نا۔پھر تمہیں کیا مسئلہ ہے اور حجاب اپنی آواز نیچی رکھو تم یہ تمہارا گھر نہیں ہے لگتا ہے تمہیں عزت راس نہیں آرہی ہم تم سے پیار سے بات کر رہے ہیں اور تم کام بگاڑ رہی ہو۔شہری نے ہبہ کے ہاتھ سی سیگریٹ لیکر کش لگاتے ہوئے کہا۔کیا مطلب تمہارا میرا بھائی میری جان ہے اسکا دکھ میرا دکھ ہے۔حجاب نے پر سکون لہجے میں کہا۔یہی تو خرابی ہے حجاب تم اپنے بھائی کے پیار میں اندھی ہو اسی لئے تم اسکی کاروائی کو نظر انداز کرتی ہو ان سب کے پیچھے تمہارا بھائی ہے۔شہری نے طنز کیا۔کیا مطلب تمہارا۔حجاب نے سوال کیا۔مریم یہاں آئو۔شہری کی آواز پر مریم باہر آئی۔حجاب کو اسکے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھائی کی کرتوت بتائو۔ معیز ایک نمبر کا گھٹیا انسان ہے میم وہ آپ سے نفرت کرتا ہے اور آپ کو مار دینا چاہتا ہے اور ساری دولت لینا چاہتا ہے۔

حجاب نے برتن پکڑے روم میں انٹری ماری۔ کھانا کھالیں آپ نے باہر بھی کچھ نہیں کھایا تھا۔ شہری کو مخاطب کرتے وہ بڑے ادب سے بولی۔ شہری نے ایک نظر اس حسینہ کو دیکھا وہ بجلیاں گرا کر اسکا امتحان لے رہی تھی۔ ہمم کھالیتا ہوں شہری نظر ہٹاتے بولا۔ اور بریانی کھانے لگا۔ تمنے کھانا کھالیا۔ شہری نے مروت میں پوچھ لیا۔ نہیں پہلے آپ کھالیں پھر کھاونگی۔ حجاب نے ادب سے جواب دیا۔ آو بیٹھو میرے ساتھ کھاو۔ شہری نے آرڈر جاری کر دیا۔ حجاب فورا بیٹھ گئی۔ مگر وہ بس بیٹھی ہوئی تھی اسے ہچکچاہٹ ہو رہی تھی۔ کھالو یا اب میں کھلاوں۔ شہری نے بیزاری سے بولا۔ آپ کھلا دیں۔ حجاب مسکرا کر بولی جبکہ شہری اسکی ہنسی میں گم ہو کر رہ گیا۔ بے اختیار نوالہ اسکے منہ کی طرف بڑھا دیا۔ ایک سیکنڈ۔ حجاب نے شہری کو روک کر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک نوالہ شہری کی طرف بڑھادیا۔شہری کا منہ کھل گیا اتنی محبت تو بہ زینب بھی اسے نہیں دیتی تھی

۔دونوں ایک دوسرے کو نوالہ کھلادیا۔اور پھر حجاب نے دوسرا نوالہ شہری کی طرف بڑھادیا اور شہری کو بھی

بڑھانا پڑا آخر کار کھانا اسی طرح ختم ہوا۔اور حجاب نے برتن اٹھائے اور

باہر کی طرف نکل گئی۔جبکہ شہری ہاتھ دھو کر بستر

پر لیٹ گیا۔حجاب تھوڑی دیر بعد آئی تو شہری کو آنکھیں بند کرتے ہاتھ سر پر رکھے دیکھا۔آپ کا سر دباؤں

۔حجاب اسکے ماتھے پر ہاتھ رکھتے بولی جبکہ شہری ایک دم اٹھ گیا جیسے کرنٹ لگا ہو۔وہ حجاب سے بھاگنا چارہا تھا

جبکہ وہ حسینہ اسکا امتحان لینے پر تلی تھی۔یار کچھ نہیں ہوا شہری بیزاری سے بولا۔اور اپنا یہ ڈریس اتار دو

الجھن ہورہی ہے دیکھ کر۔شہری اسے آرڈر دیتے بولا اب وہ اسے کیا بتاتا کہ وہ اس ڈریس میں اسکی ہمت توڑ

رہی ہے اسکے صبر کا امتحان لے رہی ہے۔حجاب اٹھی اور واشروم میں بند ہوگئی اور تھوڑی دیر بعد لائٹ

پنک کلر کی نائیٹی پہن کر باہر آئی۔یہ اس سے بڑا امتحان تھا اس میں اسکا سراپا نکھر کر سامنے آیا تھا۔اور شہری

ضبط کی انتہا پر تھا۔آکر وہ بیڈ پر بیٹھنے لگی ہی تھی کہ شہری نے آرڈر جاری کردیا۔

جاؤ اور صوفے پر سو جاؤ میں بہت کنفیوز ہوں اور اوپر سے یہ ڈریس اور تمہاری خوبصورتی میرا امتحان لے رہی

ہے مجھ سے قابو نہیں ہورہا۔شہری سر جھکا کر بولا۔مگر حجاب کا جواب مختلف تھا میں آپ کی بیوی ہوں آپ

کو ہر طرح کا حق حاصل ہے ہاں اگر آپ رشتے کی وجہ سے کنفیوز ہیں تو کوئی بات نہیں ٹائم لے لیں۔حجاب

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ کہہ کر اپنا تکیہ اٹھا کر جانے لگی تو شہری کے دل کو کچھ ہوا ر کو تم ادھر بیڈ پر لیٹ جاو میں صوفے پر سو جاتا ہوں۔ شہری اٹھا اور صوفے پر بیٹھ گیا۔

نہیں یہ ٹھیک نہیں آپ صوفے پر پریشان ہونگے۔ حجاب

فکر مند لہجے میں بولی میں چلی جاتی ہوں دوسرے روم میں۔ حجاب نے مشورہ دیا۔۔ نہیں یہ ٹھیک نہیں کسی نے اپنے روم سے نکل کر دیکھ لیا تو کیا ہو گا۔ شہری سوچتے ہوئے بولا۔ شہری الگ پریشان تھا۔ نہ وہ خود صوفے پر سو سکتا تھا اور نا حجاب کو صوفے پر سلا سکتا تھا اس رات تو لڑکی سے پیار کیا جاتا ہے نہ کہ تکلیف دیجائے۔ چلو پھر بیڈ پر سو جاتے ہیں دونوں۔ اللہ رحم کرے یہ جملہ شہری نے دل میں کہا تھا۔ دونوں الگ سمت کروٹ کر کے لیٹ گئے مگر حجاب کے جسم سے بھینی بھینی خوشبو آرہی تھی اور شہری کا نیا امتحان شروع ہو گیا تھا۔ یہ لڑکی مجھے قتل کر کے چھوڑ یگی۔

شہری نے جملہ دل میں ادا کیا تھا۔ کوشش کے پہاڑ توڑتے شہری نیند کی وادی میں اتر گیا۔ جبکہ حجاب کے سارے جذبات کو آگ لگ گئی تھی وہ اپنی پچھلی زندگی کے بارے میں سوچ رہی تھی کیسے اسکے ماں باپ چلے گئے اور پھر اسکے بھائی کے اس پر ظلم اور پھر

بھائی کا قتل اور پھر شہری کا پیار اور پھر شہری کا اسکو پہلی رات ہی ڈانٹنا اور اس سے کھل کر بیزاری کا اعلان کرنا وہ سب سمجھ رہی تھی اور شہری کا اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے چھونے پر اچھلنا کیا میں کوئی منحوس ہوں۔ پھر اچانک اسکے بھائی کے الفاظ اسکے کانوں میں گونجے تھے ۔ تم ہو ہی منحوس۔ کس چیز کی کمی تھی اس میں سب کچھ ہی تو تھا اسکے پاس۔ صبا تو کہتی ہے میرے لئے لوگ خون کی ندیاں بہا سکتے ہیں مگر میرا شوہر ہی مجھ سے بیزار ہے۔ بے اختیار آنسو اسکی آنکھوں سے نکلنے لگے ۔ نہیں میں منحوس نہیں ہوں وہ زور زور سے چیخ کر رونے لگی میں منحوس نہیں ہوں۔ وہ یہ بھول چکی تھی اسکے ساتھ اسکا شوہر آرام کر رہا ہے۔

چیخیں سن کر شہری کی آنکھ کھلی۔ اور اسنے فوراً لائٹ جلائی دیکھا تو وہ لڑکی آنکھیں بند کرکے چیخ رہی تھی رو رہی تھی اور آس پاس کے منظر سے بے خبر تھی۔

شہری اسکو روتے دیکھ مبہوت ہو کر رہ گیا۔ وہ کوئی شہزادی لگ رہی تھی۔ کیا ہوا حجاب تم رو کیوں رہی ہو ۔ شہری کا آواز سن کر وہ ہوش میں آئی اور شرمندہ ہو گئی۔ ایم سوری آپ کی نیند خراب ہو گئی ڈرتے لہجے میں بولی جبکہ آواز لرزی ہوئی تھی۔ شہری آگے بڑھا اور سب سے پہلے اسکے آنسو صاف کئے۔ اٹھو چلو منہ دھولو ہاتھ پکڑ کر اسکو اٹھاتے وہ گویا اور پھر حجاب کا منہ دھلوا کر واپس بیڈ پر آ گیا۔ اب بتاؤ کیوں رو رہی تھی جبکہ حجاب نے جواب دیے بغیر اسکو سینے سے لگا لیا۔ اور شہری کو قابو کرنا مشکل ہو گیا اور ایک بار پھر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ رونے لگی کچھ دیر کے بعد حجاب کو الگ کر کے ایک مہر اسکے ماتھے پر ثبت کی۔ تم منحوس نہیں ہو آئی سمجھ تمہیں پتا ہے نہ کوئی چیز منحوس نہیں ہوتی تم پڑی لکھی ہو۔ پھر بھی ایسا سوچتی ہو۔ ایم سوری اگر میری کوئی بات بری لگی ہو۔ بتاؤ تم کیا چاہتی ہو۔

شہری مسکرا کر بولا۔ مجھے خوشیاں چاہیئے ڈھیر ساری

میں تنگ آ گئی ہوں دکھ سہتے۔ حجاب ایک بار پھر شہری کی باھو میں سمٹ گئی۔ اور شہری نے بھی اسے سمیٹ لیا اور اپنے ہونٹ اسکے ماتھے پر رکھ دئے۔ اور پھر اسکا چہرہ غور سے دیکھنے لگا۔ اور اپنی انگلی اسکے اسکے چہرے پر پھیر دی اور آخر کار اسکے ہونٹ پر بنے تل پر آ کر رک گئی شہری نے اسکا چہرہ اوپر کیا اور مہر سیدھی تل پر لگا دی اور پھر شہری اس پر اپنی محبت نچھاور کرنے لگا اور ساری دیواریں دوری کی گرا دی اس وقت وہ بس حجاب کا شوہر تھا اسے نہیں پتا تھا وہ کیا کر رہا ہے اسے بس یہ پتا تھا یہ لڑکی اسکی ذمہ داری ہے اسکو تکلیف نہیں ہسنی چاہیئے۔

صبح شہری کی آنکھ کھلی تو دیکھا کہ حجاب اسکے سینے پر سر رکھے اسے جکڑے ہوئے ہے۔ بلا اختیار مہر اسکے ماتھے پر ثبت کر دی اور یہ مہر حجاب کو اٹھانے میں کامیاب رہی۔ حجاب نے آنکھیں کھول دی۔ مگر اپنی اور شہری کی حالت دیکھ کر اپنا سر شہری کے سینے میں چھپا لیا۔ چلو اٹھو نماز بھی پڑھنی ہے اور میں نے نکلنا بھی ہے۔ ہمم۔ حجاب نے مختصر جواب دیا۔ دونوں نے فریش ہو کر نماز ادا کی۔ حجاب نے شہری کو ناشتہ پیش کیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دونوں ناشتہ کرنے لگے۔شہری مدرسے کیلئے نکلنے لگا تھا حجاب وہ رجسٹر لیکر آئی۔آخ جانتے ہیں یہ رجسٹر میں نے کئی بار پڑھا ہے اور خصوصا اس کے پہلے اور آخری صفحے کو ک۔کیونکہ پہلے میں آپ نے میرا ذکر اور آخری میں آپ نے کچھ ادھورا چھوڑا تھا۔

میرا دل کرتا تھا آپ واپس آکر یہ بحث پوری کریں۔

اس رجسٹر نے اور آپکے کردار نے مجھے آپکے قریب کر دیا۔حجاب چہک کر بولی۔جبکہ شہری حیران تھا یہ لڑکی اسکو کچھ زیادہ ہی اپنے اوپر سوار کر چکی تھی۔

اچھا تو یہ رجسٹر کسی اور لڑکی کو مت پڑھا دینا ورنہ اسے بھی مجھ سے محبت ہو جائیگی۔شہری اسے چڑاتے ہوئے بولا۔پہلی بات یہ کسی کو سمجھ نہیں آئیگا دوسری بات اگر کسی لڑکی نے آپکی طرف دیکھا بھی تو میں اسے ختم کر دونگی حجاب پیار اور جنون سے بھرے لہجے میں بولی۔اچھا اوکے اب میں چلتا ہوں۔دیر ہو رہی ہے نمبر ایکسچینج کر کے وہ نکل گیا۔جبکہ حجاب اسکی پشت دیکھ کر جلدی واپس آنے کی دعا کر رہی تھی۔اور پھر وہی رجسٹر مطالعہ کرنے لگی۔

برخوردار کہاں گم ہو تم سارا سبق گزر گیا مگر میں دیکھ رہا ہوں تم کوئی دلچسپی نہیں لے رہے۔ذھین ہونے کا یہ مطلب تو نہیں اپنی من مانی کرو۔میں سمجھ رہا ہوں استاد صاحب۔اگر آپ چاہیں تو سوال کر لیں۔شہری

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ادب سے بولا۔ چلو پھر چلو سناو سبق۔استاد صاحب مسکراتے بولے۔ سبق مشکل تھا استاد صاحب کو یقین تھا نہیں سنا پائے گا۔ مگر شہری کھڑا ہوا اور سبق کی ایسی تقریر کی کے سب دنگ رہ گئے اور تقریر کے بعد شہری نے سبق پر اعتراض کیئے۔استاد صاحب بس اسے تک رہے تھے اور شکایت لگانے جل رہے تھے۔اس سوال کے جواب میں کل دونگا۔استاد صاحب بظاہر پر عزم بولے۔اور انھیں یقین ہو گیا شہری سبق سن رہا تھا۔

مگر انھیں نہیں پتا تھا شہری شروع میں ہی سب مطالعہ کر لیتا ہے اور سارا سال ٹائم پاس کرتا ہے۔

واہ بھائی تمنے تو کمال کر دیا ہے زاہد چپکے سے بولا۔

میری شکایت کسنے لگائی تھی۔ شہری نے زاہد سے سوال کیا۔یار وہ سامنے فاخر بیٹھا ہے اسی نے لگائی ہے۔

یار یہ کسی دن مار کھائے گا۔شہری غصے سے بولا۔

بھائی صبر رکھو برداشت کرو یہ تمسے جلتا ہے جلنے دو۔زاہد ابھی سمجھا ہی رہا تھا کہ ایک لڑکا آیا آپ کو ناظم صاحب بلا رہے ہیں۔جی آتا ہوں۔شہریار کل ایک جیپ آپ کو لینے آئی تھی اور اس میں ایک لڑکی بیٹھی تھی۔

کیا میں پوچھ سکتا ہوں وہ کون تھی آپ دس دن سے غائب ہیں آپ کہاں رہتے ہیں رات کو آپ مدرسے بھی نہیں آرہے۔انچارج نے ایک ہی دم سوال کرڈالے۔ سر میں نے رات کو رکنا چھوڑ دیا ہے آپ میرا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ریکارڈ دیکھ لیں۔دوسری بات میں نے اطلاع کی تھی کہ میں اپنے معاملات کی وجہ سے کچھ دن غیر حاضر رہوں گا۔

مگر یہ اطلاع ہم تک تو نہیں پہنچی۔انچارج صاحب طنزیہ بولے۔سر میں نے اطلاع اور درخواست دیکر گیا تھا ۔ہو سکتا ہے کسی نے غائب کی ہو۔۔شہری نے ادب سے جواب دیا اور میرے پاس دو گواہ ہیں۔میں ثابت کردونگا۔زاہد اور کامران نے آکر گواہی دی درخواست کی۔اور وہ لڑکی کون تھی۔انچارج صاحب تفتیشی لہجے میں بولے۔سر پہلے آپ یہ بتائیں کہ آپ کو یہ خبر کسنے دی۔گاڑی کے شیشے بلیک تھے اس میں اندر کا کچھ نظر نہیں آتا اور گاڑی گیٹ سے کافی آگے جاکر رکی تھی اسکا مطلب کوئی پہلے ہی گاڑی کی تاڑ میں تھا اور گیٹ قریب چھپ کر یہ سب دیکھا۔شہری گویا ہوا۔فاخر نے بتایا یہ سب۔انچارج صاحب بولے۔شہری کا دماغ ابل گیا تو مطلب سر وہ تجسس کرتا ہے لڑکیوں کی تاڑ میں رہتا ہے واہ سر۔شہری طنز کرتے بولا۔آپ فاخر کو بلائیں پھر میں بتاونگا کہ وہ کون تھا۔

فاخر کو بلاو۔انچارج صاحب نے آرڈر جاری کر دیا۔اور کچھ دیر میں فاخر بھی موجود تھا۔سر اسکی تلاشی لیں میری درخواست اسی کے پاس ہے۔شہری کی بات سن کر فاخر کا رنگ بدل گیا۔تم مجھ پر الزام لگا رہے ہو نہیں میں تسلی کر رہا ہوں۔چیکنگ شروع ہوئی اور درخواست اسی کی جیب سے نکلی۔اب میں بتاتا ہوں وہ لڑکی کون ہے مگر اس سے پہلے میں فاخر سے پوچھونگا یہ میرا پیچھا کیوں کر رہا تھا۔شہری نے فاخر کو دیکھتے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔سر اسکا اس لڑکی سے چکر ہے فاخر جلدی جلدی بولا۔اچھا تو اس لڑکی نے کس طرح کی ڈریسنگ کی تھی ۔شہری نے فاخر سے پوچھا۔سر خوبصورت عبایا میں تھی اور اسکی آنکھیں نظر آ رہی تھی۔فاخر بولا۔واہ فاخر اگر سیٹنگ ہی کرنی ہوتی تو میں جینز پہننے والی لڑکی سے کرتا برقعے والی سے میرا کیا مطلب۔تمنے مجھ پر اور ایک پردہ دار لڑکی پر الزام لگایا ہے تم جھوٹ بول رہے ہو۔وہاں کوئی لڑکی نہیں تھی تم مجھے پھنسا رہے ہو اور میری درخوات تمنے چرائی تھی تاکہ میں ذلیل ہو جاوں۔سر میں نے خود دیکھا تھا وہ لڑکی تھی بڑی بڑی آنکھوں والی براون چمکتی آنکھیں تھی۔فاخر اپنی صفائی میں بولا۔جبکہ شہری کی برداشت ختم ہو رہی تھی اسکی بیوی کے بارے میں ایسے کمنٹ وہ برداشت نہیں کر سکا تھا۔

آگے بڑھ کر اس نے فاخر کا گریبان تھاما اور شروع ہو گیا فاخر نے بھی جوابی کاروائی مگر شہری ایک ہی منٹ میں اسکے خدوخال بگاڑ دئے تھے وہ پہچان میں نہیں آ رہا تھا۔عدالت لگ چکی تھی۔فاخر نے بہت بڑی غلطی کی مگر شہریار آپ سے جو جوابی کاروائی ظہور پذیر ہوئی میں حیران ہوں۔فاخر کی طرف دیکھتے وہ بولے۔

فاخر کے ہونٹ پھٹے اور ناک سے خون جاری تھا کئی ہڈیاں مڑ چکی تھی۔آپ دونوں ایک دوسرے سے صلح کر لیں۔ورنہ آپ کو نکال دیا جائیگا۔انچارج صاحب فیصلہ سناتے بولے۔سر آپ کو یہ تکلف اٹھانے کی ضرورت نہیں میں خود جا رہا ہوں۔شہری جنونی انداز میں بولا اور اپنی درخواست کا پرچہ الٹا کیا اور اپنا مدرسہ چھوڑنے کا پرچہ ایک منٹ میں لکھ کر پکڑا دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ سب کر کے آپ کیا ثابت کرنا چاہتے ہیں شہریار میں آپ میں بہت ساری تبدیلیاں دیکھ رہا ہوں۔ سر اگر میں نے کچھ اور ثابت کرنے کی کوشش کی تو یہاں تماشہ لگ جائیگا۔ مگر آپ کا فیصلہ ٹھیک نہیں ہے۔ شہری ادب سے بولا۔ تو پھر تم بتاؤ کیا کریں شہری کے ارادے پختہ دیکھ کر وہ اپنا فیصلہ بدلنے پر مجبور ہوئے شہری جیسا اسٹوڈنٹ وہ کھو نہیں سکتے تھے اور شہری کی آنکھوں میں لگی آگ وہ دیکھ رہے تھے۔ سر فاخر مجھ سے معافی مانگے گا ورنہ اسے نکال دیا جائیگا۔ شہری اپنی عرض پیش کرتے بولا۔ اور جو آپ نے کیا۔ انچارج صاحب اسکو حیرانی سے دیکھتے بولے۔ سر اس نے خود حد پار کی ہے اگر ایسا مجھ سے بلاوجہ ہوتا تو تب آپ مجھے فارغ کر سکتے تھے اور میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں آئندہ ایسا کسی صورت نہیں ہوگا میں قابو رکھوں گا خود پر ۔شہری معصوم لہجے میں بولا۔ ٹھیک ہے شہری صحیح کہہ رہا ہے۔ باقی استاد بھی بولے وہ شہری کو نہیں کھو سکتے تھے۔ فاخر شہری سے معافی مانگو ورنہ آپ کو خارج کر دیا جائیگا۔ فاخر میں مدرسہ چھوڑنے کی ہمت نہیں تھی آگے بڑھ کر شہری سے معافی مانگی۔ ٹھیک ہے شہری اپنا منہ پھیرتے بولا۔ سب اپنی کلاس میں چلے گئے راستے میں فاخر کو روک کر شہری گویا ہوا۔ اگر آئندہ تمنے کوئی حرکت کی یا میرے خلاف زبان کھولی تو اگلی بار تمہاری لاش بھی نہیں ملیگی۔ یہ میری لاسٹ وارننگ ہے یاد رکھنا۔ شہری کہہ کر جا چکا تھا جبکہ فاخر کانپ اٹھا تھا۔ سب لڑکوں پر شہری کی دھاک بیٹھ چکی تھی انھیں پتا چل چکا تھا وہ کیا ہے۔ لہٰذا کسی کو ٹکر لینے کی جرات نہیں تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں گیارہ بجے ہبہ اور زینب کے پاس چار سے دس تک حجاب کے پاس اور باقی وقت گھر گزارونگا۔ شہری اپنا پلین بناتے سگریٹ کے کش کھینچنے لگا۔ اور تیسرے دن ٹائم چینج کرلونگا۔ شہری گھر داخل ہوا۔ کہاں تھے تم اتنی دیر۔ میں نے بتایا تو تھا فرینڈ کی شادی ہے جانا پڑا اور پھر باقی دن وہیں گزر گئے۔ شہری جواب دیکر آگے بڑھ گیا۔ ساڑھے تین بجے شہری گھر سے نکلا اور حجاب کے پاس پہنچ گیا۔ مگر حجاب کے سامنے آتے ہی اسکی آنکھیں حجاب کی آنکھوں پر جم گئی۔ السلام ابھی حجاب کا پورا نہیں ہوا تھا کہ شہری نے اسے ایک جھٹکے سے اپنے قریب کیا اور حجاب کانپ اٹھی۔ اگر آئندہ بعد تم میرے بغیر گھر سے باہر نکلی تو میں تمہاری ٹانگیں توڑ دونگا۔ تمہاری وجہ سے آج لڑائی ہوئی مدرسے میں وہ خبیث کتا تمہاری آنکھیں دیکھ کر کمنٹ کررہا تھا اور اتنے خوبصورت عبایہ پہننے کا بڑا شوق ہے تمہیں پردہ کرتی ہو یا اپنی نمائش کرنے کا شوق ہے آئندہ بعد یہ چمکیلے عبائے تم نہیں پہنو گی سمجھ گئی نا۔ شہری اسکی آنکھوں میں گھورتے بولا۔ وہ لڑکا اس دن تمہیں دیکھ چکا تھا۔ تم خود سدھر جاو۔ شہری اب نرم لہجے میں بولا۔ جبکہ حجاب بس سر ہلا کر رہ گئی تھی

کھانا کھالیا تمنے۔ شہری اس پر مہر ثبت کرتے بولا۔

نہیں۔ حجاب نے بند آنکھوں کے ساتھ ہی جواب دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وجہ۔میں آپکا ویٹ کر رہی تھی۔چلو پھر کھاتے ہیں۔شہری اسے آزاد کرتے ہوئے بولا۔آج بھی معمول کے مطابق حجاب نے نوالہ شہری کی طرف بڑھایا تھا۔اور شہری کو بھی بڑھانا پڑا۔اور کھانا اسی طرح ختم ہوا تھا

کھانے کے بعد برتن سمیٹ کر حجاب نکل گئی جبکہ شہری ہاتھ دھو کر ٹہل لگانے لگا۔اور تھوڑی دیر بعد حجاب نے انٹری ماری۔بلیک وائٹ قمیص شلوار اور بلیک دوپٹہ زیب تن تھا۔ایم سوری حجاب کے دیکھتے ہوئے شہری بولا۔کس بات پر۔حجاب نے نا سمجھی سے پوچھا۔وہ تمہیں ڈانٹا جو تھا۔شہری نے جواب دیا۔کوئی بات نہیں آپ کی ڈانٹ میں بھی پیار ہی تھا۔حجاب نے ادب سے جواب دیا۔اچھا چلو پھر پیار کر لیتے ہیں ۔اس کا دوپٹہ اتارتے وہ بولا جبکہ حجاب نے سر جھکا لیا۔

حجاب تمہارے بھائی کا رویہ کیسا تھا۔شہری نے اس کے بالوں کو الجھاتے ہوئے کہا۔جبکہ حجاب کے چہرے پر اداسی چھا گئی اپنے بھائی کے مظالم اس کو یاد آنے لگے

حجاب دفع کرو یہ بات اور خوش رہا کرو ایک مہر اس کے گال پر ثبت کرتے بولا۔جی۔کانپتی آواز میں حجاب نے۔جواب دیا۔ویسے تم کونسی کریم یوز کرتی ہو شہری اسکے نورانی چہرے پر ہاتھ پھیرتے بولا۔

میں نے کبھی کریم نہیں لگائی۔حجاب نے فوراً جواب دیا۔اچھا تو کیا تمنے ماسٹر پینٹ کروایا ہوا ہے کیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہری مسکراتے بولا۔ جبکہ حجاب کا قہقہ بلند ہوا۔

اور حجاب ہنستی چلی گئی۔ شہری تو سیریس ہو گیا مگر حجاب کا قہقہ رکنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔

بس کرو کتنا ہنسو گی۔ آپ نے بات ہی ایسی کی ہے ہنسانے والی حجاب ہنستے ہوئے بولی۔ اور شہری اسکی ہنسی میں کھو گیا اور ہاتھ بڑھا کر اسے خود میں سمیٹ لیا اور اس پر اپنا پیار نچھاور کرنے لگا اور حجاب بھی اسے اپنا آپ سونپ چکی تھی۔

عصر کی نماز پڑھ کر دونوں فارغ ہو گئے۔ اور پھر دونوں نے چائے کا پرو گرام بنالیا۔ آمنے سامنے موجود تھے

۔

مجھے یہ سب سمجھادیں۔ حجاب وہی رجسٹر لا کر بولی۔ جی۔ تمنے سمجھا نہیں کیا۔ شہری نے چائے کی چسکی لیتے ہوئے کہا۔ سمجھ تو لیا ہے پر آپ اچھا سمجھائیں گے۔ حجاب پر جوش ہو کر بولی۔ آخر آپ نے لکھا ہے آپ زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ ہمم پھر شہری نے ایک گھنٹے میں اسے سمجھا دیا اور نا صرف سمجھایا بلکہ گھول کر پلا دیا۔

اچھا یہ والی دس ابحاث پوری کر دیں۔ حجاب نے گزارش کی۔ یار کہ لمبی اور پیچیدہ ابحاث ہیں اور وقت لینگی اور یہ تمہارے لئے اتنی فائدہ مند نہیں ہے پہلے بیسک مضبوط کر لو اس کے بعد تمہیں بہت سارے اسٹیپ لینے ہیں پھر کہیں جا کر تم کما حقہ اس کو سمجھا کرو گی بلکہ خود کیا کرو گی۔ شہری اسے سمجھاتے ہوئے بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔ٹھیک ہے۔اب آپ ہی مجھے پڑھادیا کریں گے۔حجاب پر عزم ہو کر بولی۔پڑھا تودوں مگر تمہارے اس کٹدار ہونٹ پر جو تل ہے ہے نا یہ مجھے مدہوش کر دیتا ہے۔حجاب سنتے ہی سر جھکا گئی۔

ہاں ایک صورت ہے اگر تم اپنے اس تل پر پنک کلر کا ماسٹر پینٹ کر والو تو پھر پریشانی نہیں ہو گی۔جبکہ حجاب کا پھر قہقہ بلند ہوا۔ویسے تم ہو تلوں کی دکان۔

شہری شرارت سے بولا تو حجاب اٹھ کر جانے لگی۔ارے رکو جناب کہاں چلدی۔حجاب بیٹھ گئی۔تم سیریس اور رویانا کرو روتے ہوئے تم اور زیادہ کیوٹ لگتی ہو اور جب تم سیریس ہو تو ایسا لگتا ہے جنگلی بلی ہے جو اپنا شکار کھا جائیگی۔شہری ہاتھ کو کانوں پر رکھتے بولا جبکہ حجاب کا قہقہ پھر بلند ہوا۔روز آیا کریں گے نا۔

تم کہو تو جایا ہی نا کروں حجاب کا دل رکھتے ہوئے بولا۔نہیں میں نے ایسا تو نہیں کہا۔حجاب ادب سے بولی ۔ایک دن چار سے دس تک اور دوسرے دن دس سے صبح تک تمہارے پاس ہی ہوں۔شہری فیصلہ بدلتے بولا۔

حجاب خوشی سے مسکرائی۔

مغرب عشا بھی ہو گئی۔حجاب نے کھانا رکھا اور دونوں نے ملکر کھانا کھایا اور انداز پرانا تھا دونوں ایک دوسرے کو کھلا رہے تھے۔پھر شہری نکلنے کی تیاری کرنے لگا۔اوکے حجاب میں کل دس بجے آونگا۔جی اور حجاب کے ماتھے پر مہر ثبت کرتے وہ نکل گیا۔جبکہ حجاب اسے جاتا دیکھ واپس آنے کی دعائیں کرنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آ گئے تم زینب غصے سے بولی۔ خیر ہے آج ہرنی جنگلی بلی بنی ہوئی ہے۔ زینب کو گھورتا دیکھ شہری اسے چڑاتے بولا۔ یار ایک دن ہی گیپ رہا ہے اور تم کاٹ کھانے لگی ہو۔ روز آیا کرو ہبہ نے آتے ہی آرڈر دیا۔ کیا حال ہے جنگلی بلی۔ شہری نے ہبہ کو چڑایا۔ تم یہ بلی والا سین ختم کر دو ورنہ اچھا نہیں ہو گا۔ زینب انگلیاں چٹخاتے بولی۔ کھانا کھاؤ گے ہاں بٹ ابھی نہیں۔ شہری نے جواب دیا۔ اور سناو ہبہ طبیعت کیسی ہے مجھے تو ٹھیک لگ رہی ہے میں بہت خوش ہوں تمنے خود کو سنبھال لیا ہے۔ حجاب اب چلی گئی۔ زینب نے پوچھا۔ ہمیں کیا لینا جائے نا جائے شہری نے جواب دیا وہ اب ہمارے راستے میں نہیں آئیگی۔ شہری گویا ہوا۔ اب ہم اپنی لائف سکون سے گزار سکیں گے۔ ہبہ گویا ہوئی جبکہ حجاب کا ذکر سن کر شہری کے چھکے چھوٹ گئے تھے۔ ویسے کیا ہو گا اسکا۔ زینب بولی۔ تڑپے گی حجاب۔ ہبہ سفاکی سے بولی جبکہ شہری کے دل کو کچھ ہو رہا تھا۔ میں تو کہتی ہوں اسکی زندگی برباد ہو مرے وہ۔۔ ہبہ اور سفاکی سے بولی۔ لگتا ہے اکیلے ہی زندگی گزارے گی یا پھر اپنی پھپھو کے بیٹے طلحہ سے شادی کریگی۔ زینب بولی۔ میں چاہتی ہوں اسکا بچہ اس سے الگ ہو جائے پھر اسے پتا چلے۔ ہبہ سفاکی کے ریکارڈ توڑتے بولی۔ اور شہری آپے سے باہر ہو گیا کیونکہ یہ ساری بد دعائیں بلواسطہ اسکو لگتی تھی۔ شٹاپ بکواس کرو اپنی تم دونوں کا دماغ خراب ہے کیا۔ شہری چیچ چھینکتے ہوئے بولا۔ تنگ آگیا ہوں یہ حجاب نام سن کر تنگ آگیا ہوں تم لوگوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کواور کوئی کام ہے کیا نہیں بجائے اسکے کے ہم یہاں اپنی لائف انجوائے کریں تم مردے اکھاڑ رہی ہو ۔شہری کے اس طرح بولنے پر دونوں کی کانپ اٹھیں۔آج کے بعد حجاب کا ذکر نا سنوں میں آئی سمجھ۔اپنے کام سے کام رکھو۔شہری یہ کہتے ہی زینب کے روم میں چلا گیا۔

میم صحیح کہا ہے شہری نے اب جب سب ٹھیک ہے تو ہم کیوں پرانی باتیں کریں۔زینب نے ہبہ کو مخاطب کیا ۔ہمم صحیح کہا۔ہبہ نے سر ہلا کر جواب دیا۔

رات کے بارہ بج چکے تھے۔ہبہ زینب باہر تھیں جبکہ شہری بیڈ پر لیٹا اپنے مستقبل کے بارے میں سوچ رہا تھا ۔اتنی نفرت ہے ان دونوں کو حجاب سے اور حجاب کو ان دونوں سے۔اگر پتا چلا تو کیا ہوگا کیا ان دونوں میں سے کوئی ایڈجسٹ کرلے گا۔ہبہ اور زینب ایک ہیں جبکہ حجاب اکیلی ہے میں کیا کروں۔ابھی جسطرح چل رہا ہے چلنے دوں پھر جب وقت گزر جائیگا تو سب دیکھ لونگا۔تھوڑی دیر میں زینب بھی آگئی۔تم ناراض ہو۔

زینب بولی۔یار یہ سب کیا ہے حجاب حجاب۔شہری چڑتے ہوئے بولا۔اب آئندہ ایسا کچھ نہیں ہوگا۔ہمم ۔زینب شاور لینے چلی گئی اور نائیٹ ڈریس میں آگئی۔

اور شہری اسکا جائزہ لینے لگا۔۔ہمم کافی کیوٹ لگ رہی ہو۔شہری شرارت سے بولا۔زینب نے سر جھکا لیا۔

یار تم تو کافی پیچھے ہو ہبہ سے۔وہ اتنے آگے تعلق بنا چکی ہے اور تم شہری اسکا ہاتھ پکڑتے بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب آج میں تمہاری چلنے نہیں دونگا شہری اسکے گال پر ہاتھ پھیرتے بولا۔ جبکہ زینب نے آنکھیں بند کرلی ۔شہری نے اسکو خود میں سمیٹ لیا جبکہ زینب کانپ رہی تھی۔ شہری آج نہیں ابھی اسکی زبان سے الفاظ ادا بھی نہیں ہوئے تھے کہ

شہری آج نہیں اس سے پہلے زینب جملہ مکمل کرتی شہری نے اسکے ہونٹ پر اپنی انگلی رکھ دی۔ میں نے کہانا آج تمہاری نہیں چلے گی۔ شہری شرارت سے بولا۔ فکر مت کرو کچھ نہیں ہوگا۔اور پھر شہری نے اسے خود میں سمیٹ لیا اور یہ انکی زندگی کی پہلی حسین رات تھی۔ صبح شہری کی آنکھ کھلی تو خود کو اکیلا پایا۔

ٹائم دیکھ کر وہ شاور لینے چلا گیا اور پھر ناشتے کی ٹیبل پر گیا۔ ہبہ زینب پہلے ہی اسکی منتظر تھی۔ کیسی ہو تم دونوں شہری نے آتے ہی سوال پوچھ ڈالا۔

ٹھیک ہیں جواب ہبہ نے دیا جبکہ زینب شرما رہی تھی۔

شہری تمہارا فائیٹ کا لاسٹ اسٹیپ باقی ہے اسے پورا کرو۔ ہبہ نے کہا۔ کتنا ٹائم لگے گا۔ شہری نے چائے کی چسکی لیتے کہا۔ بس تین منتھ لگیں گے۔ چلو ٹھیک ہے اگر تم دونوں کو میرے سامنے بھیگی بلی بننے کا شوق ہے تو سکھا دو۔ شہری دونوں کو چڑاتے بولا۔ کیا مطلب۔

زینب حیرانی سے بولی۔ مطلب اسکے بعد میں تم دونوں کو آسانی سے ہرا دیا کرونگا تمسے بڑا فائیٹر بن جاونگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاہاہاشہری قہقہ لگاتے بولا۔ تمہیں صرف اصول پتا چلیں گے ہار جیت کا فیصلہ اس پر ہے جو ان اصولوں جتنا اچھا استعمال کرے۔ ہبہ نے مسکرا کر جواب دیا۔

ہمم ویسے ہبہ زندگی میں پہلی بار تمنے عقل کی بات کی ہے ورنہ تو تم بونگیاں مارتی ہو۔ شہری کی اس بات

ہبہ غصے سے لال ہوگئی اور پاس پڑا پانی کا جگ شہری پر الٹ دیا۔ ظالم کھڑوس حسینہ تمہیں تو میں بتاتا ہوں شہری نے آملیٹ ہبہ کے منہ پر مل دیا۔ جبکہ زینب کا قہقہ بلند ہوا۔ شہری نے پاس پڑا جوس کا گلاس زینب پر الٹ دیا اب بتاو بچھو بہت مذاق اڑا رہی تھی ناہمارا تم بھی مزا چکھو۔ شہری انگوٹھا دکھاتے اسے بولا۔ زینب نے اپنا جوس کا گلاس اٹھالیا اس سے پہلے وہ شہری پر الٹتی شہری بولا یار مجھے دیر ہو رہی ہے میں نے جانا ہے ۔کوئی نہیں آج چھٹی کرلو۔ زینب نے جوس اس پر گراتے

کہا۔ یار بس کرو پہلے ہی دس دن چھٹی ہوئی ہے۔

ٹھیک ہے۔ کب آوگے۔ میں چار بجے آونگا۔ شہری نے جاکر شاور لیا اور جلدی جلدی اپنی منزل کی جانب روانہ ہوا۔ آج فاخر خاخر خاموش تماشائی تھا اس میں ہمت نہیں

تھی شہری کا کام بگاڑنے کی۔ شہری نے اسکی گیم اسی پر الٹ دی تھی۔ مدرسے سے فارغ ہوکر شہری گھر آگیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور ٹھیک ساڑھے تین بجے وہ گھر سے نکل گیا اور چار بجے ہبہ زینب کے پاس تھا۔ اور سناؤ کیسی تم دونوں میں ٹھیک۔ زینب نے جواب دیا۔ جبکہ شہری ہبہ کے روم میں چلا گیا۔ کھانا کھاؤ گے ہبہ نے پوچھا۔ ہمم شہری نے جواب دیا۔ ہبہ کھانا لیکر آ گئی۔ کھانا کھاتے ہوئے شہری کو حجاب کی یاد آئی وہ خود اسے لقمے کھلاتی تھی۔

کھانا کیسا لگا۔ ہبہ نے سوال کیا بہت ٹیسٹی ہے اور اسکا ذائقہ کچھ چینج ہے شہری نے اپنی رائے دی۔ میں نے بنایا ہے ہبہ نے مسکرا کر کہا۔ اچھا اسکا مطلب ظالم کھڑوس حسینہ اب باورچن بن گئی ہے۔ شہری ہبہ اسکی طرف ناراض نظروں سے دیکھتی بولی۔ تم مجھے ظالم کھڑوس کیوں کہتے ہو ہبہ پنچ بنا کر بولی۔ تمنے مجھے تھپڑ جو مارا تھا اور تمنے جب گاڑی میں مجھے تیکھی نظروں سے دیکھا تھا ایسا لگ رہا تھا جیسے ابھی مجھے ہارٹ اٹیک ہو جائیگا۔ شہری دل پر ہاتھ رکھتے مظلوم لہجے میں بولا۔ اگر میں ظالم کھڑوس نہ ہوتی تو تمہیں کبھی نہیں ملتی ۔ ہبہ نے مسکرا کر کہا اور شہری اسکے لب لہجے میں ہی گم ہو گیا۔ جانتی ہو تمہیں حسینہ کیوں کہتا ہوں میں ۔ شہری نے پوچھا۔ تمہیں پتا ہو۔ ہبہ نے بھی اسی کی زبان میں جواب دیا۔ اسکا جواب تو پریکٹیکل کرکے دونگا میں۔ شہری نے شرارت سے کہا۔

اور پھر شہری نے اس پر پیار کی برسات شروع کر دی۔

شام کو عشا کی نماز کے بعد تینوں کھانے کی میز پر تھے۔ مگر آج شہری نے تھوڑا کم کھایا تھا کیونکہ اس نے حجاب کے ساتھ کھانا تھا اور اسے یقین تھا کہ حجاب اسکے بغیر نہیں کھائیگی۔ کھانا کھاتے ہی شہری نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سگریٹ سلگالی۔ ہبہ اس سے پہلے کہ سگریٹ سلگاتی شہری نے اسکے ہاتھ سے سگریٹ لیکر پھینک دی آئندہ بعد تم سگریٹ نہیں لگاؤ گی ہبہ۔ شہری نے آرڈر جاری کر دیا جبکہ زینب کی خوشی کا ٹھکانہ ہی نہیں تھا وہ یہی چاہتی تھی۔ بٹ کیوں۔ تم بھی تو پیتے ہو۔ ہبہ نے جواب دیا۔ میرا مقابلہ خود سے مت کرو تم ایک لڑکی ہو آئی سمجھ اور اسی وجہ سے بچہ بھی۔ شہری نے جملہ ادھورا چھوڑا۔ دیکھو ہبہ مجھے لگتا ہے معیز کی کک اتنی پاور فل نہیں تھی مگر تمہارے اندر بھی کچھ کمزوری ہو گی ورنہ ابھی تو بچے کے اعضا ہی بنے تھے۔ آگے تم خود سوچو اور پھر میں نے اپنے گھر والوں کو تمسے ملوانا ہے تم بہو بنو گی اگر انھیں پتا چلا تو پتا نہیں کیا کیا باتیں کرینگے کریکٹر تمہارا اچھا ہے تم پردہ بھی کرنے لگی ہو اور جینز بھی چھوڑ دی ہے بس اب اس سگریٹ کو بھی چھوڑ دو ۔کچھ سچی کچھ کڑوی کچھ مسکے لگا کر شہری ہبہ کو قائل کرنے میں کامیاب ہوا۔

اور زینب اگر یہ سگریٹ پیئے تو مجھے بتانا۔ شہری نے زینب کو اسکے پیچھے لگا دیا۔ ہاور ہبہ نے بھی سگریٹ چھوڑنے کا عہد کر لیا کیونکہ بچے والی بات اسکے ذہن میں بیٹھ چکی تھی۔ دونوں سے ملکر شہری حجاب کی طرف روانہ ہوا۔ السلام علیکم حجاب نے مسکرا کر کہا۔

شہری نے سلام کا جواب دیا مگر اسکی تیاری دیکھ کر دنگ رہ گیا۔ لال کلر کی فراک لال دوپٹہ ہونٹوں پر سرخی ہار بندے سب کچھ پہنا ہوا تھا۔ ہبہ اور زینب بھی شہری کیلیئے تیار ہوتی تھی مگر اس لڑکی میں اور ہی کشش تھی بے قابو ہوتے شہری نے اسے ہگ کر لیا۔ کچھ دیر بعد اسکے تل پر مہر ثبت کر دی اور حجاب نے آنکھیں بند کر لی وہ اس پیار کو محسوس کرنا چاہتی تھی۔ کچھ دیر بعد شہری نے اسے آزاد کر دیا۔ دل تو نہیں کر رہا تھا پر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حجاب کو کھانا کھلانا تھا۔ چلو کھانا کھاتے ہیں۔ شہری نے اسے کہا۔ آپ چلیں میں لگاتی ہوں۔ نہیں آج میں لگاؤں گا۔ شہری نے کہا اور اسے اپنی گود میں اٹھالیا اور وہ بس شہری کے چہرے کو تک رہی تھی۔

آکر اسے بیڈ پر بٹھادیا اور خود کھانا لے آیا۔ اور آج خلاف معمول نوالہ شہری نے اسکے منہ میں پہلے ڈالا تھا ۔ دونوں پیار سے ایک دوسرے کو نوالہ کھلانے لگے۔ کھانا کھانے کے بعد حجاب نے برتن سمیٹے۔ اور چائے بنا کر لے آئی۔ دونوں چائے پینے لگے۔ حجاب آپکے اور کوئی رشتے دار ہے۔ شہری نے پوچھا بس پھپھو اور انکا بیٹا ہے طلحہ۔ ہمم۔ تمنے انھیں شادی کا بتادیا۔ میں بتانا ضروری نہیں سمجھتی کیونکہ میں خود مختار ہوں مگر میں نے انھیں بتادیا ہے میں شادی کر چکی ہوں تاکہ وہ اپنے بیٹے کیلیئے میرے خواب دیکھنا چھوڑ دیں۔ حجاب تھوڑی سختی سے بولی۔ ان کو میری دولت سے پیار تھا مگر انکا ارادہ کامیاب نہیں ہوا انکے لڑکے نے مجھے دو سال پہلے پرپوس کیا تھا کہ میں تم سے پیار کرتا ہوں مگر میں نے اسکی اچھی طرح مرمت کی تھی پھر بھی شاید بھائی معیز نے میری نسبت اس سے طے کر دی تھی جہاں تک میرا خیال ہے مگر اللہ نے مجھے بچالیا میں اب ایک مضبوط ہاتھ میں ہوں مجھے میری محبت پاک محبت ملی ہے۔ آپ میرا نصیب ہیں آپ کے ساتھ ایسا لگتا ہے جیسے پوری دنیا میرے پاس ہیں۔ حجاب آخری چسکی لیتے بولی۔ حجاب ایک مسئلہ ہے یہ پاکستان کا قانون ہے اٹھارہ سے کم کی عمر میں شادی نہیں ہوسکتی اور ابھی تم سترہ کی ہو اگر انہوں نے کیس کرنا چاہا تو۔ شہری نے اندیشہ بتادیا۔ آپ فکر مت کریں میں نے ہڈی ڈالدی ہے نکاح نامے میں عمر ایک سال زیادہ اور ویسے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھی تین منتھ بعد میں اٹھارہ کی ہو جاونگی۔اور میں نے انکوایڈریس نہیں دیا۔میری کوئی اسٹوڈنٹ انھیں کچھ نہیں بتائیگی۔پاکستان میں بہت سے قانون اسلام کے خلاف ہیں۔اب یہ ہی دیکھ لیں

اسلام کا قانون ہے بیٹا اگر زندہ ہے تو پوتے کو حصہ نہیں ملے گا مگر ہمارا پاکستان کہتا ہے کہ ملے گا کیونکہ وہ بچے یتیم ہیں مظلوم ہیں۔یہ تو نہیں ہو سکتا کہ

پاکستان کا قانون قرآن سے زیادہ لوگوں کا فکر مند ہے۔

حالانکہ اسلام نے ان بچوں کو دوسرے کے ہاتھوں میں دیا ہے اور دوسری بات بیٹے کا تعلق پوتے سے زیادہ مضبوط ہے۔تیسری بات میت کو اختیار ہے اپنے مال کا تیسرا حصہ جہاں دل چاہے خرچ کرے اگر وہ یہی پیسہ اپنے پوتے کو دے دے تو پوتے کو حصہ بیٹے سے زیادہ مل سکتا ہے تو اسلام کا قانون ہی لوگوں کا تحفظ کرتا ہے۔حجاب اپنی بات کہہ کر نکل گئی۔

جبکہ شہری بیڈ پر دراز ہو گیا تھوڑی دیر بعد حجاب بھی آگئی اور چینج کرنے جانے لگی مگر شہری نے اسے روک دیا۔تم بہت خوبصورت ہو۔شہری نے اسکی تعریف کی۔آپ کو پتا ہے جب سے مجھے آپ کا پیار ملا تب سے مجھے اپنے حسین ہونے کا احساس ہوا شہری کے سینے پر ہاتھ رکھتے بولی۔اللہ ہمیں اور ہماری اولاد کو خوب خوشیاں عطا فرمائے حجاب کھوئے لہجے میں بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے واہ تم تو بڑی تیز ہوا تنی جلدی بچوں پر بھی پہنچ گئی۔ شہری نے اسکے ماتھے پر مہر ثبت کی اور حجاب کو اندازہ ہوا وہ کیا بول گئی۔ کس لئے تیار ہوئی ہو۔ شہری نے سوال داغ دیا۔ آپ کیلیئے۔ حجاب نے آنکھ بند کر کے ہونٹ کو دانت سے کاٹتے کہا۔اور شہری نے فورا مہر ثبت کر دی اور پھر پورے چہرے پر مہر ثبت کی اور

اور اسے خود میں سمولیا۔

وقت گزر رہا تھا اور شہری اپنی فائیٹ کا لاسٹ اسٹیج مکمل کر چکا تھا اور اب تک کوئی بدمزگی پیدا نہیں ہوِی تھی سب کچھ ٹھیک چل رہا تھا اور حجاب بھی اٹھارہ کی اتیج کو پہنچ گئی تھی۔

شہری کے پیپر بھی ہو چکے تھے اور وہ اپنا آخری پیپر دیکر واپس آرہا تھا۔ روٹین میں وہی رکھونگا۔ بٹ بیچ میں چینج بھی ہو جائیگی اور آج اس نے وقت حجاب کے پاس گزارنا تھا۔

کیسے ہوئے پیپر آپکے۔ حجاب نے سوال کیا۔ اچھے ہوئے

شہری نے مسکرا کر کہا۔ چلیں میں کھانا لگاتی ہوں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمم۔شہری کہ کر فریش ہونے چلا گیا۔دونوں اپنے پرانے انداز میں ہی کھانا کھا رہے تھے۔کھانے کے بعد دونوں میز پر جمع تھے۔تو پھر اب ٹائمنگ کیا رہیگی۔حجاب نے پوچھا۔دیکھو میں سوچ کر بتاتا ہوں۔اب گھر وقت دینا پڑیگا بہت۔شہری نے جواب دیا۔اچانک حجاب کی آنکھیں بند ہونے لگی اور وہ بیہوش ہوگئی۔حجاب حجاب شہری چلایا۔جلدی سے اسے گود میں اٹھا کر بیڈ پر بلایا اور اپنی فرینڈ روما کو فون کر دیا۔کہاں ہو تم اتنے دن ہوگئے تمہارا کوئی پتا نہیں ہے شہری۔روما غصے سے بولی وہ میڈیکل مکمل کر چکی تھی اور شہری کی کبھی گرل فرینڈ تھی۔یار اسوقت تم جلدی آو پیشنٹ کو دیکھنا ہے۔شہری فکر مند ہو کر بولا۔اچھا آتی ہوں۔کچھ منٹ بعد وہ آگئی اور حجاب کو دیکھ کر حیران رہ گئی اور شہری کو بھی۔یہ کون ہے لڑکی۔بیوی ہے میری۔شہری نے جواب دیا۔کتنی سویٹ ہے یار۔روما حیرت میں آکر بولی اور تمنے شادی کرلی بتایا بھی نہیں اور وہ بھی چھپ کر۔یار وہ سب بعد میں بتاونگا۔

تم چیکپ کرو۔ہمم۔خوشخبری جناب باپ بننے والے ہو۔

روما مسکرا کر بولی۔کیا شہری اچھل پڑا میرے خیال یں کوئینز ہیں دو بچے ہیں۔جبکہ شہری کو ایسا لگا جیسے آسمان ٹوٹ پڑا ہو۔اسکا بہت خیال رکھنا بہت پیاری بیوی ہے تمہاری۔روما شہری کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر بولی جبکہ شہری ایسے دور ہوا جیسے وہ کوئی اچھوت ہو۔کیا ہوا شہری۔دور رہو مجھ سے تمہیں پتا نہیں میں شادی شدہ ہوں۔شہری غصے سے بولا۔یار کوئی نہیں دیکھ رہا انجوائے کرتے ہیں۔روما آنکھ مارتے بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روما پلیز میں سب کچھ چھوڑ چکا ہوں مجھے فورس مت کرو اچھا جناب نہیں کرتی۔ روما سنجیدہ ہو کر بولی لگتا ہے اپنی اس بیوی سے بڑا پیار کرتے ہو ویسے بھی اتنی خوبصورت لڑکی میں نہیں دیکھی اب تم اور۔ کسی کی طرف کیسے دیکھ سکتے ہو۔ روما حجاب کی طرف اشارہ کرتے بولی۔ تم جاو اب پلیز۔ شہری نے اسکی منت کی۔ اسے ڈر تھا حجاب نا جاگ جائے وہ اور مزید سچ کا سامنا نہیں کرنا چاہتا تھا۔ بیوی سے ڈرتے ہو۔

روما حیرانی سے بولی۔ بیوی سے نہیں اسکے آنسو سے ڈرتا ہوں۔ کیا ہوا شہری کچھ بات ضرور ہے تم پریشان ہو ۔ ورنہ ایسی خوشخبری سن کر تو بندہ خوشی سے پاگل ہو جاتا ہے۔ بتاتا ہوں مگر تمنے یہ بات کسی اور کو بتائی تو میں تمہیں جان سے مار دونگا۔ شہری دھمکی دیتے بولا۔ ہمم اوکے نہیں بتاتی۔ اور پھر شہری نے ساری کہانی سنا ڈالی۔ روما کے پاوں سے زمین نکل گئی۔ تمنے تین بیویاں رکھ لیں اور تینوں دشمن۔ شہری تمنے خود کو پھنسا لیا ہے اگر یہ بات ان میں سے کسی کو پتا چلی تو کیا ہوگا۔ روما حیران ہو کر بولتی گئی۔ خیر میری مدد تمہارے ساتھ جب بھی ضرورت ہو مجھے کال کرنا۔ اور شہری تمہاری دونوں بیویاں مظلوم ہیں مگر یہ لڑکی زیادہ ٹوٹی ہوئی ہے اسکا صرف تم سہارا ہو وہ دونوں ایک ہیں تو یہ لڑکی اکیلی ہے تم کچھ بھی ہو جائے اسکا ساتھ مت چھوڑنا اسکا خیال رکھو اور جتنا جلدی ہو گھر والوں سے کہ کر ان میں سے کسی ایک سے شادی کرو۔ ہمم شہری نے سر ہلا دیا۔ اوکے میں چلتی ہوں۔

جب بھی کوئی کام ہو مجھے بتانا۔ اور اسے باہر لیکر مت نکلنا کیونکہ تمہارے کلب کے فائیٹر میں سے کسی نے دیکھا تو سب بگڑ جائیگا۔ آخری مشورہ دیتے وہ نکل گئی۔ جبکہ شہری اپنی سوچ میں مگن تھا۔ روما کی بات اسکے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دماغ میں گونج رہی تھی اپنی بیوی سے بہت پیار کرتے ہو نہیں میں اسکے آنسو ڈرتا ہوں۔ کیا مجھے حجاب سے محبت ہو گئی ہے۔ شہری سوچتے ہوئے بولا۔

میں تو اس سے انتقام لینے چلا تھا مگر ارادہ بدل کر صلح کا راستہ نکالا۔ پھر مروت میں نکاح کر لیا۔ اور ہمدردی دیتے اسکے ساتھ وقت گزارا اور اب محبت نونونورو میری سوچ کی ترجمانی کر گئی ہے حجاب اکیلی ہے مجھے اسکا ساتھ دینا ہے اگر ہبہ زینب کو پتا چلا تو کیا میں حجاب کو بچاؤنگا کیا ہبہ زینب کے خلاف بغاوت کرونگا دماغ سوچ رہا تھا جبکہ دل کہ رہا تھا پوچھ رہے ہو یا بتا رہے ہو۔ پھر اسے ہر لمحہ یاد آنے لگا حجاب کو کھانا خود کھلانا اسکے بغیر رات کا کھانا نا کھانا۔ سخت لہجے پر اس سے معزرت کرنا اسکو دیکھ کر بے قابو ہو جانا۔ میں تو اسے حجاب کی خوبصورتی کا تاثر دے رہا تھا۔ مگر یہ تو محبت نکلی۔ نونو شہری مکا دیوار میں جڑتے بولا۔ شہری روم میں آیا تو وہ حسینہ دنیا سے بے خبر ہو کر سو رہی تھی۔ مجھے قابو کرنا چاہئے تھا کم سے کم بچوں کے معاملے میں یہ میں نے کیا کر دیا اپنے دل میں خود کو ملامت کرتے وہ حجاب کے پاس بیٹھ گیا۔ میرا خیال ہے دو بچے ہیں شہری کے دماغ میں روما کا جملہ آیا۔ بے اختیار شہری کا ہاتھ اسکے پیٹ پر چلا گیا اور شہری مسکرا کر محسوس کرنے لگا اور جھک کر ایک مہر اسکے ماتھے پر ثبت کی اور حجاب جاگ گئی اور شہری کو اسطرح اپنے پاس دیکھ کر مسکرا اٹھی اپنے پیٹ پر سرسراہٹ محسوس کر کے اس نے دیکھا تو شرم سے لال ہو گئی۔ جی میں تو میز پر تھی۔ اور پھر میری آنکھوں کے گرد اندھیرا سا آیا اور میں بیہوش ہوئی تھی۔ حجاب بولی ہاں تم بیہوش ہوئی تھی میں نے لیڈی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈاکٹر کو بلایا تھا اور اس نے بتایا کہ تم ماں بننے والی ہو شہری نے مہر اسکے ماتھے پر لگاتے کہا جبکہ حجاب نے شرم سے آنکھیں بند کرلی اور جانتی ہو اس نے کیا کہا۔ کیا۔ حجاب نے نا سمجھی سے پوچھا۔

اس نے کہا میرا خیال ہے دو بچے ہیں۔ جبکہ حجاب نے اپنا ہاتھ بے اختیار اپنے پیٹ پر رکھ دیا۔ تھینکس حجاب تمنے مجھے سب سے اچھا تحفہ دیا ہے۔ آئی لو یو شہری نے بے اختیار ہو کر اظہار کر دیا تھا۔ جبکہ حجاب نے اتنی ساری خوشیوں پر اللہ کا شکر ادا کیا۔ ایک میرا بچہ اور ایک آپکا۔ حجاب مسکرا کر بولی۔ کیا مطلب شہری نے نا سمجھی سے کہا ایک آپ پر جائیگا اور ایک مجھ پر۔

اچھا شہری نے اچھا کو لمبا کیا تمہیں اپنا خود بہت خیال رکھنا ہے۔ شہری نے مہر ثبت کی۔ ایک کا نام احمد اور ایک عبدالقادر حجاب نے نام بھی ڈیسائیڈ کر لئے۔

ہمم شہری نے ہاں میں سر ہلا دیا اور پھر حجاب کو سونے کی تلقین کی اور جب وہ سو گئی تو شہری چلا گیا۔ صبا تم جانتی ہو میں بہت خوش ہوں میں ماں بننے والی ہوں ڈاکٹر نے کہا دو بچے ہیں۔ اللہ نے مجھے ہبہ زینب سے اچھا شوہر دیا ہے۔ حجاب جنون میں بولتی جا رہی تھی جبکہ صبا اس کی خوشیوں کی دل ہی دل میں دعا کر رہی تھی ۔ شہری اپنی روٹنگ بدل چکا تھا ایک مہینے اس نے صرف صبح گیارہ سے رات گیارہ آیا کرتا تھا اور اسی دوران وہ دونوں کے پاس وقت گزارتا تھا۔ عید کے بعد اسنے ہبہ سے اپنے گھر والوں کو ملانے کا سوچا تھا کیونکہ حجاب پریگنٹ تھی اور زینب کے آگے پیچھے کوئی نہیں تھا جبکہ ہبہ کے رشتے دار موجود تھے دونوں کی کاسٹ ایک

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھی۔ لہذا شہری نے ہبہ سے ہی گھر والوں سے ملکر شادی کرنی تھی پھر میں زینب سے بھی شادی کر لونگا یا لے آونگا ہبہ راضی ہو گی تو کوئی مجھ پر اعتراض نہیں کر سکے گا۔ اور حجاب کو میں سامنے نہیں لاونگا اور حجاب کو کہدونگا کہ شادی میری مجبوری ہے تمہارے آگے پیچھے کوئی ہے نہیں اور بچے دیکھ کر لوگ اعتراض کریں گے۔ مگر یہ سب میں حجاب سے ڈلیوری کے بعد کرونگا۔ اور پھر زندگی جب تک ہے میں صحیح موقعے پر پر حجاب کو سامنے لاونگا۔ شہری پر عزم ہو کر مسکرایا۔۔

وقت گزرتا گیا اور آخر کار حجاب کی ڈلیوری کا بھی دن آگیا۔ روما گھر پر ہی آئی تھی اور اسکے ساتھ دو تین نرس بھی تھیں۔ ہسپتال جا کر میل ڈاکٹر کو اسنے بلانے کی زحمت نہیں کی تھی اپنی بیوی کا علاج وہ صرف عورت سے ہی کروانا چاہتا تھا۔ تھوڑی دیر بعد روما باہر آئی مبارک ہو شہری دو بیٹے ہوئے ہیں۔ روما مسکرا کر بولی جبکہ شہری نے اللہ کا اور پھر روما کا شکریہ ادا کیا۔ وقت پر لگا کر گزر چکا تھا۔ میں مل سکتا ہوں۔

شہری نے مسکراتے پوچھا ہاں مل سکتے ہو کوئی پروبلم نہیں ڈلیوری نارمل ہوئی ہے۔ شہری اندر پہنچا تو دیکھا ایک بچہ دائیں اور ایک بائیں طرف ہے جبکہ حجاب اسے دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔ آگے بڑھ کر ایک مہر حجاب کے ماتھے پر ثبت کی۔ ارے حجاب واہ ایک تمہارے جیسا ہے اور ایک میرے جیسا۔ جی میں نے دیکھ لیا ہے حجاب مسکرا کر بولی۔ جو آپ کے جیسا ہے وہ میرا ہے اور جو میرے جیسا ہے وہ آپکا ہے۔ حجاب نے چہکتے ہوئے کہا تا کہ میرے والا آپ کو میری اور آپ کے والا مجھے آپکی یاد دلائے۔ ہمم شہری نے محبت سے اسے دیکھا۔ اور دونوں بچو کو پیار کیا۔ ساتوں دن دونوں کا عقیقہ کیا اور نام بھی رکھ دئے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہبہ اب تمہیں گھر والوں سے ملنا ہے میں تمسے سب کے سامنے شادی کرونگا اور پھر زینب کو بھی رکھ لینگے۔

ٹھیک ہے۔ تم ایسا کرنا کل اپنے۔ گھر والوں کو میرے گھر پر بھیج دینا میرے گھر والے قبول کر لینگے کیونکہ تم میں ایسی کوئی وجہ نہیں جس سے تم ریجیکٹ ہو۔ ہماری فیملی ایک کاسٹ کی ہے کوئی مشکل نہیں۔ ہمم۔

ہبہ نے جواب دیا۔ کل ہبہ کے نے گھر پر بتادیا۔ ماں باپ کی اکلوتی بیٹی تھی ہبہ۔ حامد صاحب نے ہاں کر دی

۔

بیشک لڑکا غریب تھا مگر انکی بیٹی کی پسند تھا اسکی پسنیلیٹی دیکھ کر وہ مان گئے تھے۔ شکیل صاحب شہری کے والد نے بھی ہاں کر دی کیونکہ لڑکی خوبصورت امیر اور ایک ہی کاسٹ تھی۔ اور تین منتھ بعد شادی کی ڈیٹ فکس ہو گئی۔ اور تین منتھ بعد شہری بھی اپنی پڑھائی مکمل کرنے والا تھا۔ اور تین منتھ نعد شہری نے حجاب کو بھی قائل کرنا تھا۔

لو ہبہ اب تم سب کے سامنے میری دلہن بنو گی۔ شہری نے اسے دیکھتے ہوئے کہا ہاں تو کیا ہوا۔ ہبہ چڑ کر بولی

۔

ہبہ میرا اپنے کزنوں سے رشتیداروں سے کوئی تعلق نہیں اور تمہارا بھی نہیں ہونا چاہئے۔ پردہ ضروری ہے۔

ہم اپنی زندگی گزاریں گے اور ٹھیک چار سال بعد میں زینب سے شادی کے متعلق بتادونگا۔ شہری نے اپنا پلین بتایا۔ وہ کیوں۔ زینب حیرانی سے بولی۔ وہ اس لئے کہ مجھے اپنے بھائی بہن کی شادی کرنی ہے اگر میں نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب شو کر دیا تو لوگ باتیں بنائیں گے میں چاہتا ہوں اس سے پہلے میرے بھائی بہن اپنے رشتے میں بندھ جائیں۔اسکے بعد میں آزاد ہوں کوئی میرا کچھ نہیں اکھاڑ سکتا۔اور نا میری وجہ سے کسی کا کام بگڑے گا۔

اگر میں نے پہلے شو کر دیا گھر والے میرے خلاف ہونگے میں نے انھیں نقصان پہنچایا۔شہری نے اسکو اپنا عذر بتایا۔ہمم ٹھیک ہے۔زینب مسکرا کر بولی۔

وقت کبھی نہیں رکتا آخر کار ہبہ شہری کی دلہن بن کر آگئی اور آتے سب کو اپنے زیر کر لیا مگر صرف شہری کی فیملی کو اس کے علاوہ وہ کسی کو منہ نہیں لگایا کرراکرتی تھی۔شہری کے حکم پر وہ سختی سے عمل پیرا تھی۔حجاب مجھے شادی کرنی ہے دوسری کیونکہ تم ماں بن چکی ہو اگر میں بچے لیکر جاونگا سب باتیں بنائیں گے میرے گھر والوں پر اثر پڑیگا اور ہم ہائی کلاس نہیں جو یہ سب برداشت کرے مجھے پتا ہے تم میری بات سمجھ جاوگی مگر یہ مت سوچنا کہ تمہیں چھوڑ رہا ہوں بس مجبوری سمجھو پلیز۔کوئی تمہاری جگہ نہیں لے سکتا۔تم سمجھ رہی ہو نا میں کیا کہ رہا ہوں۔ غلطی میری ہے مجھے کنڑول کرنا چاہیئے تھا۔شہری اسکے ہاتھ پکڑ کر بولا۔اور حجاب کو یقین کرنا پڑا کیونکہ اس نے بھی حجاب کی ایک آواز پر اس سے شادی کی تھی۔اگر بچوں یا فیملی کا معاملہ نا ہوتا تو میں کبھی نا کرتا۔شہری افسردہ لہجے میں بولا۔جی میں آپکی بات سمجھ رہی ہوں اگر آپ چاہتے تو بغیر اجازت بھی کر سکتے تھے مگر آپ نے پوچھا اس سے ثابت ہوا آپ کے دل میں چور نہیں ہے حجاب اسکا ہاتھ دبا کر بولی۔سب کلئیر ہو چکا تھا اب چار سال گزرنے کا انتظار تھا اس کے بھائی کی شادی ہو جائے پھر زینب کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بارے میں شو کر دونگا اور وقت آنے پر حجاب کے بارے میں بھی۔ پھر میں آزاد ہو جاونگا۔ شہری پر عزم ہو کر بولا۔

وہ جہاز میں آنکھیں بند کر کے بیٹھا تھا کہ اچانک آواز آئی ویلکم ٹو پاکستان۔ خوشی سے اس نے آنکھیں کھول دی۔ حجاب میں آرہا ہوں۔ وہ اسلام آباد پورے دو سال بعد آیا تھا وہ باہر پڑھائی کرنے گیا تھا دینی۔ ارے واہ میرا بچہ آگیا حائمہ بیگم اپنے لاڈلے طلحہ کو دیکھتی بولی۔

وہ بلاشبہ حسن کی تصویر تھا اور مصر جا کر اس کی رنگت اور نکھر آئی تھی۔ بہت یاد کیا تمہیں۔ حائمہ خاتون نم لہجے میں بولی۔ میں نے بھی موم۔ موم میں معیز حجاب سے ملکر آتا ہوں۔ بیٹا وہ یہاں پر نہیں ہیں۔ اچھا موم جب آجائیں تو آپ حجاب کا ہاتھ مانگیں گی۔

جبکہ حائمہ کا دل بند ہو گیا۔ بیٹا دراصل بات یہ ہے۔

اب تم حجاب کو بھول جاو وہ تمہاری نہیں ہو سکتی۔ آپ معیز سے بات تو کریں۔ طلحہ ایک آس لئے بولا۔

بیٹا اگر معیز ہوتا تو مسئلہ ہی اور تھا میں تو معیز سے بات کر چکی تھی اور وہ ہاں بھی کر چکا تھا مگر۔

مگر کیا امی۔ طلحہ کو اپنا دل بند ہوتا محسوس ہوا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیٹا تمہیں تو پتا ہے وہ کسی ہبہ حجاب سے اسکی دشمنی تھی اس کے شوہر نے اسے قتل کر دیا کیونکہ معیز زینب کو اٹھا کر لیجانے والا تھا۔پہلے گل قتل ہوئی پھر معیز اور پھر حجاب نے اسکا بدلہ لینا چاہا مگر قصور اسکے بھائی کا تھا اس لئے کچھ کر نا سکی۔اور پھر حجاب نے شادی کر لی مجھ تک اسنے شادی کی خبر پہنچائی مگر اپنا ایڈریس نہیں دیا پتا نہیں اسنے کہاں شادی کی ہے اور کس سے کی ہے بہر حال جس سے بھی کی بہت اچھا لڑکا ہے اور حجاب اسکے ساتھ بہت خوش ہیں۔حائمہ بیگم نے روبورٹ کی طرح سب بتا دیا۔جبکہ طلحہ لڑ کھڑا کر صوفے پر گرا ۔آپ نے مجھے کیوں نہیں فون کیا۔بیٹا حجاب کسی سے شادی نہیں کر سکتی مجھے یقین تھا مگر وہ لڑکا مجھے نہیں پتا تھا کہ حجاب شادی کر لیگی۔اب تم اسے بھول جاو اور اپنی زندگی شروع کرو۔حائمہ نے اسے سمجھایا۔کیسے شروع کروں اتنے سال تڑپا ہوں میں انتظار کیا میں نے مگر وہ کیسے کسی غیر سے شادی کر سکتی ہے۔کاش موم آپ حجاب کی دولت کے چکر میں نا ہوتیں اور اسکے ساتھ رویہ اچھا رکھتی تو آج ہم خوش ہوتے وہ پرائے گھر نا جاتی۔جو ہو گیا سو ہو گیا اب کچھ نہیں ہو سکتا اور حجاب نے اس لڑکے سے محبت کی ہے کہ تم اپنے دماغ میں بٹھالو۔میں حجاب سے بات کرونگا۔یہ کہتے ہی اسنے فون ملایا۔انجان نمبر سے کال دیکھ کر حجاب نے شہری کے ہاتھ میں فون پکڑا دیا۔جی کون ہو تم۔شہری نے سخت لہجے میں پوچھا جبکہ طلحہ کا دل بند ہو گیا۔میں حجاب کا کزن طلحہ۔طلحہ نے اپنا تعارف کروا دیا۔تو بتائیں کیوں فون کیا۔شہری نے اسپیکر کھولتے ہوئے کہا۔مجھے حجاب سے بات کرا دو۔جی بولو کیا کام ہے مجھ دے۔حجاب کی آواز آئی۔حجاب تم نے شادی کر لی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم ایسا کیسے کر سکتی ہو میں تم سے کرتا تھا اتنے سال گھر۔سے دور رہا تمہیں میرے جذبات پر یقین نہیں تھا کیا معیز کا پتا چلا۔اللہ تمہیں صبر دے۔ طلحہ جنونی انداز میں بولتا گیا۔دیکھو طلحہ تعزیت کا شکریہ مگر یہ تعزیت تم دو سال بعد کر رہے ہو۔ نمبر دو میں اپنے معاملے میں خود مختار ہوں جس سے چاہوں شادی کروں۔ نمبر تین مجھے تمہارے جذبات سے کوئی لینا دینا نہیں میں شادی کر چکی ہوں میں نے اپنی محبت سے ہی شادی کی ہے ۔ہمارا حصہ تو دے دو۔ حائمہ بیگم بولی۔

کونسا حصہ جی آپ کا ابو کی جائیداد میں کوئی حصہ نہیں ہے کیونکہ بیٹا بیٹی کے ہوتے بہن حصہ نہیں ملتا۔

معیز کے مال میں تو ہے نا ہمارا حصہ۔ طلحہ نے جواب دیا۔ لگتا ہے طلحہ تمنے علم میراث پڑھا نہیں ہے یا ٹھیک سے نہیں پڑھا۔بھائی معیز کی وراثت میں آدھا حصہ میرا ہے کیونکہ ماں باپ اور اولاد نہ ہو تو بہن بھائی کو حصہ ملتا ہے۔آدھا حصہ تو مجھے مل گیا اور رہی دوسرے آدھی کی بات تو جب تک ذوالفرض موجود ہو ذوی الارحام کو نہیں ملتا۔ لہذا باقی بھی میرا ہوا۔

حجاب یہ کہ کر فارغ ہوئی پھر بولی آپ کی ماں مجھے کبھی اپنی بہو نا بناتی اور نا میں بنتی اس لئے آپ کو یہ سب بھول جانا ہے۔ میں آپ کیلئے غیر محرم ہوں یہ آخری بار بات ہو رہی ہے آئندہ آپکا فون نا آئے ورنہ آپ مجھے جانتے ہیں مجھے قتل کرنے میں زیادہ وقت نہیں لگتا۔جی او کے فون رکھتی ہوں۔ حجاب نے فون بند کرتے ہی زمین پر پٹخ دیا میرے لئے نیو سم نکلوادیں مجھے ان لوگوں کی آواز بھی پسند نہیں حجاب لال آنکھوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے بولی۔ شہری جو کب سے طلحہ کو برداشت کر رہا تھا۔ حجاب کا یہ غصہ دیکھ کر مسکرا اٹھا۔ ٹھیک میں آج ہی نکلواتا ہوں۔ ممی ماما پاپا آپ تے بیتے نخ مدھے مالا اے۔

آپ کے بیٹے نے مجھے مارا ہے دو سالہ احمد روتا ہوا شہری کے پاس آ گیا بلاشبہ وہ حجاب کی فوٹو کاپی تھا اور شہری کی جان بھی۔

حجاب تم اپنے بیٹے کو سمجھالو الٹا لٹکا دونگا اسے۔ شہری غصے سے بولا۔ اتنے عبدالقادر بھی آ گیا۔ پاپا ماما تو تتھ مت تہنا۔ ولنہ اتے نہی تو لودا۔ پاپا ماما کو کچھ مت کہنا ورنی اسے نہیں چھوڑ نگا۔ عبدالقادر منہ بنا کو بولا وہ شہری کی کاپی تھا اور حجاب کی جان۔

کیوں مارا آپ نے بھائی کو حجاب نے اسکا کان ہلکا سے کھینچتے پوچھا۔ میلے دات تھیل نہی لاہا تھا یہ۔ یہ میرے ساتھ کھیل نہیں رہا تھا۔۔ عبدالقادر انگلی احمد کی طرف کرتے بولا۔ ارے شہری یہ تو آپ پر گیا ہے نا ۔ حرکتیں بھی آپکے جیسی ہیں۔ حجاب شہری کو چڑاتے بولی۔ اوہ تو یہ تم پر گیا ہے بہت شریف ہے۔ شہری طنز کرتے بولا۔ کبھی غرور نہیں کیا۔ حجاب اپنا دوپٹہ سیٹ کرتے گویا ہوئی۔ چلو بیٹا ہم کھیلتے ہیں حجاب عبدالقادر کی ناک دبا کر بولی۔ جبکہ عبدالقادر صاحب احمد کو انگوٹھا دکھانے لگے۔ ابے تیری تو۔ شہری نے اسے ڈرایا تو بھاگ کر حجاب کے سینے سے لگ گیا۔ بچہ دل دیا۔ بچہ ڈر گیا۔

احمد ہنستے ہوئے بولا۔ جبکہ حجاب کو تو آگ لگ گئی۔ کتنی بار کہا ہے مت ڈرایا کریں مگر آپ یہ رو رہا ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حجاب نے اسے ہٹایا تو وہ بن آواز کے رو رہا تھا۔ ادھر آو میرا بچہ ایم سوری۔ شہری نے عبدالقادر کو خود سے چمٹا لیا اور حجاب نے احمد کو۔ یہ دونوں ان دونوں کی جان تھے اور دونوں ہی ایک دوسرے کی جان تھے۔۔

جبکہ طلحہ کی تو دنیا اجڑ گئی تھی۔ موم سب آپکی وجہ سے ہوا آپ اسے پیار محبت دیتی تو کبھی وہ مجھ سے الگ نا ہوتی۔ آج بھی آپ نے اس سے صرف دولت کی بات کی ہے نا اسکا حال پوچھا نا کچھ اور اب اسکا فون نمبر بند ہے اسنے سم بند کر دی ہو گی۔ طلحہ نم لہجے میں بولا۔ تم اب اس سے رابطہ مت کرنا ورنہ تم اسے جاتے ہو جان سے مار دیگی وہ جو کہتی ہے کرتی بھی ہے۔ میں نہیں چاہتی میرا بیٹا مجھ سے دور ہو سب کچھ تو چلا گیا ہے۔ حائمہ بیگم نم لہجے میں بولی۔

ایک سال بعد ہبہ کو بھی اللہ نے اولاد سے نوزا۔ سب گھر والے خوش تھے اور لڑکا ہبہ کی فوٹو کاپی تھا۔

لو ہبہ تمہیں اللہ نے اولاد دی وہ بھی بیٹا اتنا خوبصورت بلکل تمہارے جیسا ہے۔ بس کھڑوس نا ہو۔ شہری ہبہ کو چڑاتے ہوئے بولا۔ ہبہ نے کہنی شہری کر دے ماری۔ آئی ظالم کھڑوس حسینہ۔ شہری کراہ کر بولا۔ تم کھڑوس مت کہا کرو مجھے ورنہ اچھا نہیں ہو گا۔ بس یار تین منتھ بعد شادی ہے پھر ہم زینب تمہیں بھی لیجائینگے

۔ایم سوری زینب تمنے کافی تکلیف براداشت کی ہمارا خیال رکھا اگر گھر کا مسئلہ نا ہوتا تو میں کبھی اسطرح نا کرتا ۔پہلے تمہاری قدر میرے دل میں زیادہ تھی اب محبت بھی زیادہ ہے۔ یہ تو ہونا ہی تھا بٹ آپکا اظہار محبت

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوئی ہے۔انھیں نہیں پتا تھاہبہ یہ سب سن رہی ہے۔زینب سے زیادہ شہری محبت کرتا ہے یہ سن کر اسے تکلیف ہوئی تھی مگر اسنے بروقت سنبھال لیا۔بیشک زینب نے قربانیاں دی وہ میں نہیں دے سکتی تھی زینب اس پیار کے لائق ہے۔

پھر وہ دن بھی آہی گیا جب شہری زینب کو گھر لے آیا۔باتیں کرنے والو نے ہبہ سے باتیں کی مگر ہبہ نے سب کا منہ بند کر دیا۔جب مجھے مسئلہ نہیں تو تم کو کیا تکلیف ہے۔ہبہ شہری کی کزن فائقہ کو غصہ کرتے بولی ۔

تم یہاں اکیلی رہ رہی ہو کب سے رہ رہی ہو اور وہ لڑکے کون تھے تم وہ سامان کیوں لیکر آئی تھی میری بات کیوں نہیں سنی تھی۔ شہری نے سوالات کی بوچھاڑ کر دی۔ مجھ تین سال ہو چکے ہیں یہاں رہتے۔ میرے بھائی والد شام میں شہید ہو چکے ہیں اور وہ لڑکے لوفر کمینے تھے میری عزت لوٹنے آئے تھے مگر اللہ نے میری حفاظت کی اور یہ سب کئی بار ہو چکا ہے مگر اللہ ہر بار میری حفاظت فرماتا ہے۔ اور وہاں میں اپنا سامان بیچتی ہوں اسکے ذریعے کھاتی ہوں۔ اور ہاں میں اکیلی نہیں میرا اللہ میرے ساتھ ہے جو لوگ اللہ پر بھروسہ کرتے ہیں اللہ انکی حفاظت فرماتا ہے اور جو لوگ اللہ کے ذکر سے انس حاصل کر لیں انھیں تنہائی سے ڈر نہیں لگتا۔ اکیلے پن سے ق ءڈر نہیں لگتا۔ اللہ قرآن میں فرماتا ہے جب میرے بندے تم سے میرے بارے میں پوچھیں تو کہدو میں تمہارے قریب ہوں۔ اور فرماتا ہے اللہ ہی کی یاد میں دلوں کا چین ہے اور فرماتا ہے اللہ کی زمین بہت وسیع ہے۔ اور فرماتا ہے تمہیں جو بھی مصیبت پہنچتی ہے تو تمہارے ہاتھوں کی کمائی سے اور بہت ساری چیزیں تو وہ معاف کر دیتا ہے اور جہاں تک آپ کی بات سننے کی ہے تو میں اجنبی سے بات نہیں کرتی بلا ضرورت اور میں آپکا شکریہ ادا کر آئی ہوں جب آپ انکو پیٹ رہے تھے۔ اور اب مجھے آپ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے کوئی کام نہیں رہا۔ شہری کے سارے سوالوں کے جواب دلائل کے ساتھ دیکر وہ جا چکی تھی پردے کے پیچھے اور شہری ہلنے کے قابل بھی نہیں رہا تھا وہ ہر بات پر قرآن پیش کرتی تھی وہ شہری کو جھنجوڑ گئی تھی۔ اسکا اللہ پر یقین اسکا اللہ سے لو لگانا شہری کے منہ پر تھپڑ تھا وہ روتا ہوا باہر آیا مگر پھر اندر چلا گیا۔ کیسے بات کروں اس سے

وہ خود کو ناپاک سمجھ رہا تھا۔ ناکام سمجھ رہا تھا۔

دیکھو مقدس خاتون میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ تم میرے ساتھ پاکستان چلو میرے گھر میں رہو وہاں تمہیں ہر چیز کی آسانی ہو گی وہاں تم سکون سے رہو گی۔ مجھے تمہاری ضرورت ہے تم مجھے سنبھال سکتی ہو میں تم سے شادی کرونگا۔ میرے ساتھ چلو۔ شہری نے ہمت کر کے جملہ ادا کر دیا تھا۔ مگر اندر سے جو آواز آئی تھی ۔

اس پر شہری ہلنے کے قابل نہیں رہا تھا۔ شہریار تم اپنی حفاظت نہیں کر سکے سب سے بڑا دشمن شیطان ہے اس سے بڑا نفس مگر تم انکے چکر میں آگئے ہو تمنے کیا کیا اپنی زندگی میں زنا شراب گالیاں قطع تعلق لوگوں پر ظلم۔ تم خواہش نفسانی کے بندے ہو۔ خدا قران میں فرماتا ہے۔ کیا تمنے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو اپنا خدا بنا لیا۔ تمنے علم تو بہت حاصل کیا مگر عمل کچھ نہیں۔ تم انبیا کے وارث تو بن گئے مگر نا اہل وارث۔ اللہ قرآن میں فرماتا ہے۔ پھر ان نیک لوگوں کے بعد نا اہل انکے وارث بنے تو انہوں نے نماز کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ضائع کر دیا اور خواہشات کے پیچھے چلے۔ تم مجھ سے شادی کرو گے اپنے بیوی بچے یاد نہیں کیا۔ جن سے چھپ کر تم شراب پیتے ہو اب تک۔ مصیبتیں سب پر آتی ہیں مگر تم نے اسکا ذمہ دار دوسروں ٹھرادیا اور دین کو چھوڑ دیا دنیا کے پیچھے چل پڑے۔ تم اللہ سے سہارا مانگتے تمہیں کسی کے سہارے کی ضرورت نہیں میرا یہ گھر مجھے بہت سکون دیتا ہے جس طرح اللہ نے میری حفاظت حفاظت فرمائی آگے بھی فرمائیگا۔ سمجھے تم۔

اب یہاں سے جاو خدا کا واسطہ۔

شراب کی بات پر شہری دنگ رہ گیا وہ اب بھی چھپ کر شراب پیتا تھا۔ شہری وہاں سے چل پڑا۔

اور اپنے روم میں آگیا آہت کی باتیں اسکو جھنجوڑ رہی تھی اور سگریٹ اسکے ہاتھ میں تھا۔ مجھے واپس پاکستان جانا ہے مگر میں پھر بھی اس سے درخواست کرونگا شاید وہ مان جائے شہری کش لگاتے بولا۔ کل میں پھر جاونگا۔ شہری پر عزم لہجے میں بولا۔ رات کا اندھیرا چھا چکا تھا مگر شہری کی نیند اڑی ہوئی تھی۔

تھینکس طلحہ آپنے میرے کام بہت احسن انداز میں کر دئے ہیں اللہ آپکو جزائے خیر دے۔

مریم بولی۔ کوئی بات نہیں ہے۔ طلحہ نے جواب دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مریم تم ایک دن میں واپس آگئی اسلام آباد سے۔ حجاب نے حیرانی سے کہا۔جی میم سارے کام طلحہ نے کرا دیئے تھے مجھے تو ٹائم لگ جانا تھا۔ مریم نے وجہ بتائی۔ میم آپ کیلئے ایک بری خبر ہے۔ مریم نے کہا۔

کیا۔ حجاب نے پوچھا میم آپکی پھپھو کا انتقال ہو گیا ہے۔ مریم نے افسوس سے کہا تو حجاب کے آنسو جاری ہو گئے اللہ انھیں معاف کرے میں معاف کر چکی ہوں اور طلحہ۔ حجاب نے پوچھا۔ میم اسنے شادی نہیں کی اکیلا ہی رہتا ہے۔ مریم نے جواب دیا۔ حجاب حیران ہوئی۔

بٹ میم وہ آپکی بہت عزت کرتا ہے کہتا ہے حجاب بہن کو میرا اسلام کہنا۔ مریم نے اسے طلحہ کا حال سنا دیا۔

ہمم حجاب نے سلام کا جواب دیتے کہا۔

مریم ایک بات بولوں۔جی میم مریم نے پوچھا۔ تم طلحہ سے شادی کر لو۔ حجاب نے بم پھوڑا۔ میم۔۔ مریم خاموش ہوئی۔ کوئی زبردستی نہیں ہے اچھا لڑکا ہے اچھی طرح سوچ لو میں تمہیں گھر میں دیکھنا چاہتی ہوں ۔ حجاب نے سپاٹ لہجے میں کہا۔جی میم میں سوچوں گی تم مجھے جواب دو جب تک شہری آجائے پھر تمہارے نکاح کی ڈیٹ فکس کر دیتی ہوں۔ حجاب نے پر عزم ہو کر کہا۔

جی میم مریم نے سر ہلا دیا۔

مریم گھر آگئی اور طلحہ کے بارے میں سوچنے لگی میم اتنی غلط بات بھی نہیں کی عزت کرنے والا لڑکا ہے ٹیلینٹڈ بھی ہے۔ مریم سوچنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

طلحہ کتاب کا مطالعہ کر رہا تھا کہ اسکے موبائل پر کال آئی نمبر اجنبی تھا۔اسنے کال اٹھائی۔کون۔طلحہ نے پوچھا ۔میں حجاب بات کر رہی ہوں۔حجاب آپ کیسی ہیں کہاں ہیں۔طلحہ نے سوال کر دیا۔اللہ کا شکر ہے ٹھیک ہوں بھائی۔مریم سے سنا تھا کہ آپ کے شوہر اچھے ہیں۔جی بھائی اللہ کا شکر ہے پھپھو کا پتا چلا افسوس ہے ۔مگر میری آپ سے ایک ریکویسٹ ہے۔جی بہن بولو۔

مریم سے شادی کر لو آپ۔حجاب نے بول دیا۔

مگر۔۔۔طلحہ بولا۔کیا مگر بھائی آپ اپنا گھر بسا لو آپ اکیلے ہو بھائی معیز اور پھپھو کے جانے کے بعد۔آپ بچے ہو مریم اچھی لڑکی ہے میں اسے اچھی طرح جانتی ہوں بد کردار نہیں ہے۔آپ سوچ کر جواب دینا۔

فون رکھتی ہوں۔کال کٹ گئی تھی۔نور کے فون سے اسنے طلحہ کو فون کیا تھا۔اور طلحہ اپنی قسمت کا فیصلہ کر رہا تھا۔شاید مجھے ہاں کر دینی چاہیئے۔

کب تک رہو نگا طلحہ پر عزم ہو کر بولا تھا۔

اگلے دن شہری پھر وہیں موجود تھا اوہ وہ آج بھی آئی تھی آج اسنے مٹی کے دو مٹکے فروخت کرنے تھے۔

شہری نے پاس کھڑے بچے کو مخاطب کیا یہ پیسے لو اور وہ مٹکے خرید لو۔جی بچہ گیا اور مٹکے خرید لئے وہ لڑکی پھر نکل پڑی تو شہری بھی پیچھے ہو لیا۔رکو رکو مگر وہ ان سنی کرتے چلی گئی تھی شہری نے جھونپڑی تک پیچھا کیا اور پھر واپس آگیا اسکے اندر ہمت نہیں تھی جانے کی۔روز یہی ہونے لگا مگر شہری کی بات وہ نہیں سنتی تھی۔آج

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چودہ دن ہو چکے تھے مگر شہری کو وہ گھاس نہیں ڈالتی تھی۔وہ آج پیچھے جارہا تھاتو ایک آدمی نے اسے روکا تم روز اس لڑکی کا پیچھا کرتے ہو تمہیں شرم نہیں آتی۔اس آدمی نے کہا۔بیوی ہے میری۔ سمجھ گئے تم شہری نے غصے سے کہا۔

تو بھاگتی کیوں میری بیوی تو میری ہر بات مانتی ہے وہ آدمی طنز کرتے بولا۔ناراض ہے مجھ سے۔شہری نے دوسرا جھوٹ بولا۔تو بیٹا جا کر مناو اسکیلئے بازار سے اچھے کپڑے جوتی لو اچھا سا کھانا کھلاو مان جائیگی۔

وہ آدمی مسکراتے بولا۔شکریہ یا شیخ۔شہری نے سر ہلادیا۔بازار گیا اچھی جوتی اچھی سی ریڈ فراک لی اور بلیک عبایہ لیا اور کھانا خریدا مغرب کے وقت وہ پہنچ گیا تھا آج پھر شہری دروازہ توڑ کر اندر گیا وہ پردے کے پیچھے ہی تھی اور تلاوت میں مصروف تھی۔یہ میں تمہارے لئے لایا ہوں کپڑے جوتی اور تمہاری افطاری کا سامان۔شہری ڈرتے بولا۔مجھے اسکی ضرورت نہیں اور تم گھٹیا انسان پھر میرے گھر میں آ گئے تمہیں شرم نہیں آئی۔دیکھو اسے اللہ کا عطیہ سمجھ کر قبول کرو یہ رشوت نہیں دے رہا تمہیں۔شہری نے وضاحت دی۔

تم جھوٹے مکار انسان ہو اندر سے چیخ کر آواز آئی۔

دیکھو لڑکی اگر تم مجھ سے شادی نہیں کرنا چاہتی تو جس سے بولو اسی سے کردونگا۔میں نے نہیں کرنا نکاح۔ٹھیک ہے پھر تم پاکستان چلو یہ جگہ تمہارے لئے ٹھیک نہیں ہے وہاں محفوظ مقام پر رہنا تم۔میں یہ جگہ نہیں چھوڑ نگی۔ٹھیک ہے پھر تمہیں ادھر ہی کوئی محفوظ مکان لے دیتا ہوں جہاں پر تم سکون سے رہو۔مجھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپنی خدمت موقع دو۔ میں یہاں پر سکون سے ہوں۔ وہی پرانا جواب آیا۔ اب شہری کو آگ لگ گئی تھی ضد آگئی تھی ڈیڑھ مہینہ خوار ہوا تھا وہ۔ تم بے شک مجھ سے بہت آگے ہو تمہیں بہت کچھ حاصل ہے علوم مخفیہ جانتی ہو مگر ابھی بچی ہو سمجھی۔ کل ہمارا نکاح ہے یہ کپڑے پہن کر تیار رہنا سمجھی تم۔ میں لینے آونگا شہری اپنا فیصلہ سنا کر جا چکا تھا۔ دیکھتے ہیں آیت نے الفاظ ادا کئے تھے۔ اور ہاں اگر کل تم وہاں سامان بیچنے آئی تو میں تمہیں پھر بتاونگا کہ میں کیا چیز ہوں دروازہ صحیح کر کے وہ جا چکا تھا۔

طلحہ کے فون پر مریم کی کال آئی تو طلحہ حیران ہوا اس سے امید نہیں تھی کام ہونے کے بعد آج فون کر رہی تھی۔ سلام جواب کے بعد میم حجاب نے مجھ سے کہا تھا

آپسے شادی کروں اسنے بمشکل الفاظ ادا کر دئے۔ کہا تو مجھے بھی تھا۔ طلحہ نے کہا پھر آپ نے کیا سوچا مریم نے پوچھا جی میں تیار ہوں آپ اچھی خوبصورت لڑکی ہیں اور پاکیزہ بھی حجاب نے سب بتایا ہے۔ میں بھی تیار ہوں مریم نے کہا۔ تو کب کر رہے ہیں شادی۔ طلحہ نے پوچھا۔ بس بھائی شہری آ جائیں پندرہ دن بعد پھر کوئی ڈیٹ فکس کر دیتے ہیں میں اپنے گھر والوں سے بات کرتی ہوں۔ پھر فون کٹ ہو گیا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگلے دن شہری آیا مگر اسکا موڈ خراب ہو گیا تھا وہ آج بھی اپنا سامان بیچنے آئی تھی۔ شہری نے جلدی سے بچے کے ہاتھ سامان خریدا اور پھر اسکے پیچھے چل پڑا۔

گھر پہنچنے سے پہلے شہری پہنچ گیا تھا۔ اسنے وہی ڈریس پہنی تھی جو روز پہنتی تھی۔ ہم آج ہی پاکستان جائیں گے دیکھتا ہوں کیسے روکتی ہو۔ شہری واپس روم میں آگیا مگر پاکستان جانا ناممکن تھا کیونکہ اس لڑکی کا کچھ پاسپورٹ ویزہ بلکہ آئی ڈی کارڈ بھی نہیں تھا شہری جانتا تھا کیونکہ اسکا کوئی پرسان حال نہیں تھا اور ایک رات میں یہ سب ناممکن تھا۔ اچانک اسکے ذہن میں آئیڈیا آیا۔ نور کو فون ملادیا۔ کیسے ہو بھائی ٹھیک۔ یار تمہارے پاپا پاک آرمی میں کرنل کی پوسٹ پر ہیں نا۔ جی بھائی۔ نور نے جواب دیا یار مجھے ایک کام ہے میرا خاص جانکار ہے جو یہاں مصر میں پھنسا ہے اسکے پیچھے دشمن لگے ہیں تم اپنے پاپا سے کہ کر ایک ہیلیکوپٹر بھیج دو میں اسے پاکستان لانا چاہتا ہوں اسکا ویزہ وغیرہ کچھ نہیں ہے۔ بس اتنی سی بات ہو گیا کام۔ نور بولی تھی اور ہاں تم اور اپنی آجانا۔

ٹھیک ہے بھائی۔ شہری نے ایڈریس سینڈ کردیا اور آیت کے گھر کے پاس پہنچ گیا رات نو بجے ہیلیکوپٹر آگیا تھا۔ نوروینی جلدی کرو اندر ایک لڑکی ہے ادے بیہوش کر کے لے آو۔ جی بھائی دونوں اندر گئی تو انھیں ایک لڑکی نماز پڑھتی ملی۔ نور نے کندھے پر ہاتھ رکھا تو وہ لڑکی ہوش حواس سے بیگانہ ہو گئی اسکو عبایہ پہنادو جلدی ۔ شہری نے آرڈر دیا۔۔ دونوں نے ملکر عبایہ پہنایا اور اسے گود میں اٹھا کر ہیلیکوپٹر میں بٹھا دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور ہیلیکوپٹر پاکستان کی طرف چل پڑا۔ پائیلیٹ ہمیں چنوں اور کچا کھوہ والی چھاونی میں اتارنا۔ او کے سر۔

پائیلٹ نے سر ہلا دیا۔ اور نور اپنی تم گاڑی کی تیاری کا بولو۔ جی بھائی نور نے تابعداری سے سر ہلا دیا۔

بھائی یہ سب کیا ہے آپ نے کہا تھا کسی جانکار کے پیچھے دشمن پڑے تھے یہ تو ایک لڑکی ہے اور آپ نے اسے اغوا کر لیا نور نے سوال کر دیا وہ چھاونی سے نکل کر جیپ میں بیٹھ چکے تھے تو نور نے سوال شروع کر دیا۔ بھائی یہ سب ٹھیک نہیں آپ نے اسے مصر سے اٹھالیا ہے۔ کیا اسی کام کیلئے آپ نے ہیلیکوپٹر منگوایا تھا شکر ہے پائیلٹ نے نوٹ نہیں کیا اور نا ہی پاپا کی وجہ سے کسی نے چھان بین کی ورنہ آپ جانتے ہیں اسکا انجام کیا ہوتا آپ تو بلکل نہیں دیکھتے دو ملکوں کی عزت کا سوال تھا۔ نور غصے سے شہری کو دیکھتے بولی جو سیگریٹ پینے میں مگن تھا۔ بھائی یہ لڑکی کون ہے جس کیلئے آپ نے ہیلیکوپٹر منگوالیا پندرہ دن میں پاسپورٹ ویزا بن سکتا تھا اور آپ بھی پندرہ دن پہلے واپس آگئے بھائی کیا ماجرا ہے۔ اپنی نے سوالوں کی بارش کرتے کہا۔ یار بس اتنا سمجھ لو اس لڑکی کو لانا ضروری تھا یہ وہاں محفوظ نہیں تھی میں نے اسکو کئی آفریں کی ادھر مکان لے دیتا ہوں مگر اسنے نہیں مانا۔ اسکے پیچھے لڑکے پڑ گئے تھے میں نے بچایا اسکے باپ بھائی فلسطین میں شہید ہو چکے ہیں تین سال سے ادھر جھوپڑی میں ہے بیچاری۔ شہری روبورٹ کی طرح کہانی سنانے لگا۔ بہت ہو گیا بھائی کیا ہر خوبصورت لڑکی ہی بیچاری ہوتی ہے اور آپ کے ہی ہاتھ لگتی ہے بندہ کچھ شرم کر لیتا ہے میم حجاب بھی اسکے سامنے کچھ نہیں ہے ایسی خوبصورت لڑکی ہو تو آپ کی ہمدردی کا بھوت جاگ اٹھتا ہے ایسی لڑکی کیلئے ہیلیکوپٹر منگوانا تو پڑیگا ورنہ یہ حسینہ آپ کے ہاتھ سے نکل جاتی۔ نور نے اعتراض جڑ دئے۔ بھائی حجاب کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ساتھ بھی آپکا یہی معاملہ تھا اور اب یہ لڑکی۔ کیا کر رہے ہیں بھائی کیوں خون بہانا چاہتے ہیں مجھے پتا ہے اب آپ اسکو زوجیت کا شرف بخشیں گے۔ کیونکہ ایسی حور پری کا سہارا صرف آپ بن سکتے ہیں کیونکہ دنیا کے آخری مرد آپ ہی رہ گئے ہیں۔ اب اپنی میڈم شروع ہو گئی تھی مگر شہری کو کوئی پرواہ نہیں تھی۔

وہ تو دوسرا سگریٹ بھی آدھا ختم کر چکا تھا۔ تین ماہ نہیں ہوئے سب ٹھیک ہوئے اور آپ۔

نور اسے گھورتے بولی۔ بھائی آپ اور کونسا تماشہ لگائیں گے۔ اپنی نے غصے سے کہا۔ تم لوگوں کو کیا لگتا ہے میں جھوٹ بول رہا ہوں۔ شہری نے تھکے لہجے میں گویا ہوا۔

بھائی ہمیں آپ پر یقین ہے آپ جھوٹ نہیں بول رہے مگر میم حجاب زینب ہبہ کا کیا کریں گے بچوں پر کیا اثر ہوگا۔ نور نے سوال کیا۔ تو کیا کروں۔ بھائی اسے چھپادیں کہیں اسے سامنے نا لائیں۔ اپنی فکر مند لہجے میں بولی۔

نو میں اسے سامنے لیکر آونگا میں اسے چھپا کر مزید کوئی اذیت نہیں لینا چاہتا حجاب کے معاملے میں دیکھا کیا ہوا تھا اب یہ میرا نصیب ہے کہ میرے ساتھ کیا ہوتا ہے یہ لڑکی آج ہی سامنے آئیگی۔ بھائی پلیز۔۔ نور بولی۔

اب میری بات سنو تم وہاں پر خاموش رہنا میں سب مینج کر لونگا۔ پر بھائی یہ لڑکی مان جائیگی۔ اپنی نے پوچھا ۔اسکا تو باپ بھی مانے گا شہری غصے سے بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صبح کا اجالا کچھ پھیل چکا تھا لوگ نماز فجر پڑھ کر آرہے تھے اچانک دروازے پر دستک ہوئی۔ جاؤ بیٹا اسمعیل دروازہ کھولو ہبہ نے آرڈر دیا۔ کون ہے۔ اسمعیل نے پوچھا۔ بیٹا میں ہوں دروازہ کھولو۔ پاپا اسمعیل نے دروازہ کھولا۔ پاپا آپ آگئے آپ تو پندرہ دن بعد آنے والے تھے۔ اسمعیل گود میں چڑھ گیا۔ شہری اندر آیا توسب ہی قرآن پڑھنے میں مصروف تھے۔ پاپا آگئے۔ اسمعیل چیخا توسب حیران ہوئے شہری اسمعیل کو گود میں اٹھائے لا رہا تھا۔ مگر اسکے پیچھے ہی اینی اور نور کھڑے تھے اور انکے ساتھ کوئی نیا وجود تھا۔ اسے ہوش میں لاؤ اور اسکا نقاب ہٹادو۔ شہری کون ہے یہ۔ نور نے نقاب اٹھادیا اور اینی نے پانی کے قطرے مارے تو آیت ہوش میں آگئی۔ جبکہ وہاں پر کھڑا ہر وجود دم بخود تھا۔

اوہ مائے گوڈ احمد آگے آیا تھا جبکہ حجاب نے اپنے گال پر ہاتھ رکھ دیا تھا۔ کون ہے یہ شہری۔ حجاب غصے سے بولی۔ میم یہ لڑکی مصر رہتی تھی اکیلی ایک جھونپڑی میں اسکے بھائی باپ شہید ہو چکے تھے۔ بھائی شہری نے اسکی عزت بچائی تھی بیچاری خود اپنے ہاتھ سے کھاتی ہے۔ اسکے پیچھے کچھ لڑکے لگ گئے تھے جسے بھائی شہری نے مارا مگر وہ دشمن بن گئے جان خطرے میں تھی اس لئے پاپا سے ہیلیکوپٹر کا کہہ کر ہم بھائی اور اسے جھوپڑی سے اٹھالائے یہ عبایہ بھائی کا خریدا اس کی تو چادر پر بھی پیوند لگے ہوئے ہیں۔ نور نے وضاحت دی۔ اسی لئے میں پندرہ دن پہلے ہی آگیا۔ شہری نے دوسرا تیر چھوڑا۔ تو اسکا وہاں کہیں انتظام نہیں ہو سکتا تھا یہاں لانے کا کیا مقصد ہے۔ ہبہ غصے سے بولی۔ میم اس لڑکی کو بھائی نے آفر دی کہ نکاح کروا دیتا ہوں تمہارا یا تمہیں کسی مکان میں شفٹ کروا دیتا ہوں مگر یہ نہیں مانی بھائی کا احسان نہیں لینا چاہتی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور کوئی راستہ نہیں تھا اگر یہ شادی کرتی ہے تو اس کیلیئے رشتہ تلاش کر لیتے ہیں ورنہ اسے ادھر ہی رکھ لینگے ۔اینی نے بھی وضاحت دی۔ یہاں کیوں رکھیں گے۔

زینب غصے سے بولی۔ میم اسے اپنی ٹیم میں فائیٹر بنائیں گے۔ نور بولی تھی۔ جبکہ حجاب شہری کو گھور کر دیکھ رہی تھی۔ تم گھٹیا انسان ہو تم مجھے اغوا کر کے لے آئے۔ آیت بولی تھی۔ وہاں پر سوائے زینب اور حجاب کے کوئی بھی اسکی بات نہیں سمجھ رہا تھا۔

بکواس بند کرو یہی تمہارے حق میں بہتر ہے۔ شہری نے عربی میں میں ہی چیخ کر کہا۔ بچوں یہاں سے جاو ۔حجاب نے حکم دیا۔ کہا نادفع ہو جاو زینب نے کھڑے بچوں کو کہا۔ بچے چلے گئے۔ کیا کہ رہی ہے یہ لڑکی ہبہ نے پوچھا یہ لڑکی کہ رہی ہے شہری نے اسے اغوا کیا ہے۔

تو یار میں کب کہ رہا ہوں نہیں کیا ضدی لڑکی ہے یہ میں اگر اسے یہاں نا لاتا تو۔۔ شہری نے جواب دیا۔

اگر تمہیں میری بات پر یقین نہیں تو اس سے ہی پوچھو میرے شوہر نے تمہیں لڑکوں سے بچایا تھا یا نہیں۔

حجاب نے پوچھا کیا تمہارے پیچھے لڑکے پڑے تھے اور تمہارے باپ بھائی شہید ہو گئے تم جھونپڑی میں رہتی تھی۔ حجاب نے سوال جواب کئے تو اس لڑکی نے سب کے جواب ہاں میں دیئے۔ مگر تمہارے شوہر نے کہا تھا مجھ سے نکاح کرو اور پاکستان چلو میں نے انکار کیا تو یہ مجھے یہاں لے آیا۔ آیت رو پڑی تھی۔ شہری ۔۔ حجاب چیخ اٹھی۔ حجاب چلاو مت اس سے پوچھو کیا میں نے اسے نہیں کہا تھا کہ تم جس سے کہو تمہارا نکاح

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کرواد یتاہوں اور اگر نکاح نہیں کرنا تو پاکستان چلو تمہارے لئے گھر کا انتظام ہو گا اگر پاکستان نہیں جانا تو مصر میں ایک گھر خرید دیتاہوں وہاں رہ کر عبادت کرتی رہنا سکون سے رہنا اسے کام کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ پوچھو اس سے۔ شہری نے بھی مٹھی بھیچ لی تھی۔ کیا میرے شوہر نے تمہیں آفر کی تھی کسی سے نکاح کی تمہیں گھر دلانے کی۔ زینب نے سختی سے پوچھا۔ اسکے جواب بھی ہاں میں تھے۔ اب بتاو کیا غلطی ہے میری میں نے اسے بچانے کیلئے آفر کی مگر یہ نہیں مانی مجبوری تھی۔ شہری تھکے لہجے میں بولا۔

ہمم ٹھیک ہے ہبہ بولی۔ اسکو کچھ سوٹ دے دو اور اسکا کمرہ سیٹ کروادو۔ حجاب نے آرڈر جاری کر دیا۔ اور تینوں نکل گئی۔ تمہیں کہا تھا نا آیت تم بچی ہوا بھی۔

شہری نے مسکرا کر کہا اور نکل گیا۔ شہری کے سارے تیر فٹ بیٹھے تھے۔ آیت کو کمرے میں لایا گیا اور اسے حجاب نے اپنے کپڑے دئے۔ جاو یہ کپڑے پہن کر آجاو۔

حجاب نے کپڑے پکڑاتے کہا۔ تمہارے شوہر نے میرے آباواجداد کا وطن چھین لیا آیت روتے بولی۔ یہی تمہارے حق میں بہتر تھا یہ کہتے ہوئے حجاب نکل گئی۔

شہری بھی فریش ہونے چلا گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حجاب کیا کہتی ہو اس لڑکی کا۔ ہبہ نے پوچھا یار کہنا کیا ہے سب کچھ سامنے ہے وہ لڑکی خود کہہ رہی ہے شہری نے اسکی عزت بچائی ہے اور شہری نے آفرا پنے نکاح نہیں کی مجبور نہیں کیا بلکہ اسے سارے آپشن دے دیئے وہ لڑکی خود اقرار کر رہی ہے مگر وہ لڑکی نہیں مانی۔ حجاب نے ہبہ کو جواب دیا۔ وہ رو کیوں رہی ہے پھر ۔زینب اعتراض کیا۔ یار شہری اسے اسکے وطن سے اٹھا لایا ہے میں نے اس سے پوچھا ہے وہ کی رہی تھی تمہارا شوہر نے مجھے میرے باپ کے وطن سے جدا کر دیا حجاب نے زینب کو بھی جواب دیا۔ شہری بھی آ گیا۔

ایم سوری شہری ہمنے تمہیں غلط سمجھا۔ حجاب نے معافی مانگی۔ حجاب شاہ زندگی میں جب پہلا موقع آیا تھا تب بھی تمنے غلط ہی سمجھا تھا اور اب بھی تمہیں میں نے ساری وضاحت دی دو گواہ اپنی نور کو پیش کیا وہ میرے ساتھ تھی جب ہم سے لا رہے تھے بلکہ نور نے اسے بیہوش کیا تھا میں نے اسکو چھوا تک نہیں سب کچھ ان دونوں سے کروایا ہے۔ شہری غصے سے بولا۔

اب معاف کر دو ہمیں بھی۔ زینب تھکے لہجے میں بولی۔

تم بھی کم نہیں ہو تمنے بھی مجھ پر اعتبار نہیں کیا تھا زینب۔ پلیز شہری معاف کر دو آئندہ نہیں ہو گا۔ اوہ تم نے بھی مجھے بے اعتبار جانا۔ شہری جھوٹے آنسو آنکھوں میں لئے بولا۔ ایم سوری بس ہم ڈر گئے تھے۔ ایک بات بتاؤ اگر مجھے اسکے ساتھ زبردستی کرنی ہوتی تو اسے یہاں کیوں لاتا میں چھپا کر بھی رکھ سکتا تھا اور اگر چاہتا تو اس سے نکاح کر لیتا وہاں پر اتنی او فریں کیوں کرتا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس یار معاف کردو۔اوکے کردیا معاف۔آئندہ بے اعتبار مت کرنا مجھے۔شہری تھکے لہجے میں بولا۔

یار وہ نہیں آئی ہبہ بولی۔اسے لیکرآو۔شہری بولا۔حجاب جاکراسے لے آئی چلو ناشتے پر جانا ہے۔حجاب اندر گئی تو وہ دعا مانگ رہی تھی اور اسکے آنسو بہ رہے تھے چلو ناشتہ کرلو۔حجاب اسے ساتھ ہی لائی بچے بھی آگئے تھے۔پاپا یہ نئی ماما ہیں کیا۔احمد نے پوچھا۔چپ کرکے ناشتہ کرو شہری بولا۔تمہارا نام کیا ہے۔حجاب نے پوچھا۔آیت الرحمن بنت عبدالرحمن۔بہت عبادت گزار لڑکی ہے یہ شہری نے کہا ہر بات پر قران پیش کرتی ہے روزہ دار تھی اس دن یہ۔شہری نے خبردار کیا۔

بہت قناعت پسند لڑکی ہے۔دو کلو سیب بیچ رہی تھی اور وہاں دکاندار اسے گندھی نظروں سے دیکھتا تھا ۔حجاب نے اس سے پوچھا۔تو وہ بولی ہاں وہ مجھے سامان نہیں لگانے دیتا تھا اور مجھے زنا کیلیئے اکساتا تھا۔آیت نے جواب دیا۔نور بہت سارے لڑکوں کی تصویریں لیکرآئی۔تم اس میں سے کوئی لڑکا پسند کرو تمہاری شادی کرنی ہے۔شہری نے آخری پتا پھینک دیا۔

اسے پتا تھا آیت انکار کریگی۔اور وہ ہی ہوا مجھے نکاح نہیں کرنا آیت ایک دو تصویر سرسری دیکھ کر بولی۔

ٹھیک ہے پھر میں کیسا ہوں۔شہری مسکرا کر بولا تمہیں

مجھ سے شادی کرنی ہے مجھے تم پر یقین نہیں تم بھاگ سکتی ہو میں تمہیں کہیں اور نہیں رکھ سکتا۔اور یہاں پر تم بغیر نکاح نہیں رہ سکتی۔میں ایک دن بھی تمہیں یہاں بغیر نکاح نہیں رکھ سکتا۔تم کو اتنی دور سے لایا ہوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کسی کو تکلیف نہیں دے سکتا۔ تم تینوں کیا کہتی ہو شہری نے ہبہ زینب سے پوچھا۔اب یار اور کوئی راستہ نہیں ہے میں کوئی رسک نہیں لینا چاہتا۔ شہری بولا۔

ارے بولو تم تینوں خاموش ہو ایک نمبر کی ڈھیٹ ہے یہ پندرہ دن سے اسکے خوار ہوں اسے سمجھا رہا ہوں پر مان نہیں رہی یہ۔ شہری نے تینوں کو مخاطب کرتے کہا۔

مجھے مصر لے چلو۔آیت الرحمن روپڑی تھی۔ مصر جانا بچوں کا کھیل نہیں ہے تمہارا پاسپورٹ ویزا کچھ بھی نہیں ہے اتنی جلدی کچھ نہیں ہو سکتا پھر تم پاکستانی بھی نہیں ہو اب روز ہیلیکوپٹر نہیں آسکتا میرے باپ کی آرمی نہیں ہے۔ شہری آگبگولا ہو کر کھڑا ہوا۔اور تمہیں مصر سے بچا کر لا یا ہوں میں تمہیں کہیں اور نہیں رکھ سکتا اور یہاں تم نکاح کر کے رہو گی لڑکی

دماغ چاٹ لیا ہے میرا۔ شہری اپنی سیٹ سے کھڑا ہو گیا۔

میم طلحہ نے نکاح کیلئے ہاں کر دی ہے اور میں بھی راضی ہوں مریم نے آکر خوشخبری دی۔ ہمم چلو ٹھیک ہے ۔ میم یہ لڑکی کون ہے۔ ہبہ سے مریم نے روتی آیت کے بارے میں پوچھا۔بیوی ہے میری اب یہاں سے جاو سب شہری غصے سے بولا۔ تو سب چلے گئے سوائے ہبہ زینب حجاب کے۔ لڑکی میری بات سنو تم اپنی تقدیر سے نہیں بھاگ سکتی جو مرضی کر لو یہی تمہاری تقدیر ہے اسے قبول کر لو تمہیں خدا کا واسطہ۔ میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بلاوجہ نہیں کہہ رہا کوئی وجہ ہے۔ شہری شیخ کی نصیحت پر عمل کر رہا تھا۔ادھر ادھر کی باتوں پر دھیان مت دینا اپنی تلاش حاصل کر کے ہی جانا۔ جب وہ مل چکی تھی تو کیسے وہ اسے کہیں اور جانے دیتا۔ بولو اب۔ شہری نے سوال کر دیا۔ ٹھیک ہے میں راضی ہوں نکاح کیلئے۔

اس نے الفاظ ادا کر ہی دیئے۔ ہمم شکر ہے تمہیں عقل آئی۔

اب تم تینوں کیا کہتی ہو دیکھو یار میری بات سنو مجھے اس لڑکی سے کوئی عشق چاہت نہیں ہے ورنہ میں کب کا سب کچھ کر چکا ہوتا مجھے کسی سے اجازت ہی نا لینی پڑتی۔ شہری بس آخری اسٹیپ پر تھا

اور اسے یقین تھا ہاں کا۔

ٹھیک ہے جو مناسب سمجھتے ہو کر لو۔ حجاب کی آواز آئی تھی مگر لرزی ہوئی۔ حجاب کیا کہہ رہی ہو۔ ہبہ نے دھائی دی۔ یار میرے خیال میں کوئی آپشن نہیں ہے یہ کیس بڑا خراب ہے اور کسی کے ہاتھوں میں نہیں دیا جا سکتا میں ابھی طلحہ سے رشتے کا سوچ رہی تھی اس لڑکی کا نکاح اس سے کر دوں مگر مریم نے آکر اپنی بات سنا دی۔ حجاب تھکے لہجے میں بولی۔

جب ہم تینوں ایک دوسرے کو برداشت کر لیتے ہیں تو ایک اور سہی۔ ویسے بھی شہری نے اگر کچھ کرنا ہوتا تو ہمارا انتظار نا کرتا اس لڑکی یہاں بغیر نکاح رہنا ٹھیک نہیں ہے۔ زینب نے بھی ہتھیار ڈال دیئے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نور اپنی بھی تو بغیر نکاح رہتی تھی اور دوسری بات یہ ہے کیا یہ ہمارے ساتھ مل کر چل لے گی۔ ہبہ نے سوال کر دیا۔ یار تم نور وینی کو اس پر قیاس مت کرو اسکی شکل دیکھی ہے تمنے اور جہاں تک مل کر چلنے کی بات ہے تو اسے یہ سب کرنا ہو گا میں گھر میں کوئی بدمزگی پیدا نہیں کرنا چاہتی تین ہی ماہ ہوئے ہیں سب ٹھیک ہوئے اور اگر اس لڑکی نے ہمارے ساتھ برا کیا تو میں خود اسے جان سے مار دونگی۔ حجاب نے آخری جملہ جنون میں ادا کیا۔

سنو لڑکی تم ہمارے ساتھ کو پریٹ کروگی ہمارے بچوں کو اپنے بچے سمجھو گی انھیں تکلیف نہیں ہونی چائے ورنہ اچھا نہیں ہو گا۔ زینب نے الفاظ ادا کئے تھے۔

تم دونوں نے اجازت دی میں بھی دیتی ہوں مگر ہمارے ساتھ زیادتی نہیں ہونی چاہیئے ورنہ میں سب تباہ کر کے رکھ دونگی۔ شہری کو دیکھتے ہبہ نے جملہ ادا کیا۔

شکریہ تم تینوں کا۔ میں تمہاری اجازت کے بغیر کچھ نہیں کر سکتا تھا۔ شہری نے تحمل سے بیٹھ کر جملہ ادا کر دیا۔ عمر کیا ہے تمہاری۔ حجاب نے پوچھا۔ بیس سال

آیت نے سر جھکا کر کہا اسکے آنسو اب بھی جاری تھے۔

مریم۔ اپنی۔ نور اندر آو جی بھائی۔ جاو اس لڑکی کیلئے اچھی سے کپڑے ڈریس جوتیاں۔ زیور سب کچھ خرید لو اور ہاں نکاح خواں کا بھی انتظام کرو دوپہر کو نکاح ہے۔ جی بھائی۔ تینوں سر ہلا کر چلی گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Roshan Mustaqbil| By Sheriyar Qureshi (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہبہ زینب حجاب بھی چلی گئی۔اب صرف آیت اور شہری رہ گئے۔کہا تھا ناوہاں پر سامان مت لگاناب

دیکھ لو کہا تھا نا بچی ہو تم۔خیر میری صحبت میں آکر

اب تم بچی نہیں رہو گی۔شہری مسکراتے بولا۔

جاو سامنے بچے پڑھ رہے ہیں ان سے تعارف لو اور پھر آرام کر لینا ظہر ٹائم نکاح ہے۔فاتحانہ انداز میں بولکر

وہ نکل گیا۔یااللہ اگر یہی میری تقدیر ہے تو میں راضی ہوں میں تیری شکر گزار ہوں تو نے بغیر کسی سبب کے

مجھے فقیر سے رانی بنادیا۔میں تیری رضا میں راضی ہوں اور مجھے ہمت طاقت دے کہ میں تیری عبادت

کر سکوں جیسے پہلے کرتی تھی۔اور جس کام کیلئے تو نے مجھے چنا اس پر ثابت قدمی دے اور میرا خاتمہ ایمان پر

فرما۔دل ہی دل میں وہ دعا مانگ رہی تھی۔

پھر سامنے بچوں کی طرف دو بچے حفظ میں اور دو علوم و فنون میں۔اس نے جاکر سب سے سلام کیا۔

مجھے انکا تعارف کروادو۔حجاب سے مخاطب ہوئی تھی۔یہ دونوں بچے جڑواں ہیں مگر احمد بڑا ہے اور یہ

عبدالقادر ہے یہ دونوں میرے بچے ہیں۔اور یہ ابراھیم ہے

اور یہ ابراھیم ہبہ کا بچہ ہے اور یہ اسمعیل زینب کا۔

اور بچوں یہ تمہاری نئی ماما ہیں۔آیت الرحمن۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

موم اسکا مطلب کیا ہے عبدالقادر اور احمد نے پوچھا۔

بیٹا اسکا مطلب ہے رحمن کی نشانی۔

اس گھر میں سب اچھے ہیں سوائے شہریار کے

آیت نے جملہ ادا کر دیا تھا۔ تو حجاب کا قہقہ بلند ہوا۔ کیا کہہ رہی ہے یہ۔ ہبہ نے پوچھا۔ کہہ رہی ہے اس گھر میں سب اچھے ہیں سوائے شہری کے۔ ہم کہہ تو صحیح رہی ہے۔ ہبہ افسوس سے بولی۔

قاضی صاحب آچکے تھے بیچ میں پردہ لٹکا کر ایجاب و قبول ہوا آیت الرحمن بنت عبدالرحمن آپ کو شہریار قریشی سے نکاح ایک لاکھ حق مہر میں قبول ہے۔

حجاب نے اسکو ترجمہ بتا دیا۔ جی قبول ہے آیت نے اردو میں ادا کیا۔ شہری نے ہاف وائیٹ کاٹن بلیک واسکوٹ پہنا تھا جبکہ آیت ریڈ شرارہ پہنا تھا۔

نکاح کے بعد کھانا کھول دیا گیا۔ فائیٹر موجود تھے بچے بھی خوش تھے جبکہ زینب ہبہ حجاب سنجیدہ تھیں سب کو کھانا کھلا کر وہ سب ایک ہی ٹیبل پر جمع تھے۔

آیت بھی مقابل میں بیٹھی تھی۔ مگر شہری بس اپنے کھانے میں مگن تھا جبکہ اسمعیل صاحب حجاب کو کھانا سرو کر رہے تھے۔ عبدالقادر آیت کو کھانا نکال کر دینے لگا۔ جبکہ سب اسکی کاروائی دیکھ رہے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم بہت اچھے ہو بہت سمجھدار ہو۔آیت نے اسکے سر پر ہاتھ پھیرا تھا اور یہ بھی احمد کی طرف اشارہ کیا تھا۔

ماما یہ کیا کہہ رہی ہے۔حجاب سے پوچھا گیا۔بیٹا یہ کہ رہی ہے تم بہت اچھے ہو بہت سمجھدار ہو اور احمد بھی۔

حجاب نے جواب دیا۔اور ہم ابراھیم نے منہ بنایا۔

بھائی تیرا تو پتا نہیں پر میں بہت اچھا ہوں اسمعیل مسکراتے بولا۔تم بھی اچھے ہو آیت نے کہا۔

وہ کہ رہی ہے تم بھی اچھے ہو زینب نے مسکرا کر ابراھیم اسمعیل کو کہا۔ہمم اسمعیل نے کہا۔

سب کھانا کھا کر فارغ ہوئے۔تو آیت کمرے کی طرف چلدی۔کچھ دیر بعد شہری بھی اٹھ کر چلا گیا۔

اور سیدھا آیت کے روم میں پہنچ گیا۔روم لوک کر کے کے وہ بیڈ پر دراز ہو گیا۔آیت واشروم سے آئی تو شہری کو روم میں دیکھا۔شہری جو اسے دیکھ نہیں سکا تھا اب تفصیل سے دیکھ رہا تھا۔ریڈ شرارہ میکپ کئے وہ پوری طرح تیار تھی مگر شہری میں ہمت نہیں تھی۔

جیت گئے تم مجھے اغوا کر لیا میرا وطن چھین لیا اور سب کو بے وقوف بنا دیا۔یہ سب کب تک چلے گا۔شوہر نامدار۔آیت اسکے سر پر کھڑی تھی زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں آپکو سدھر جانا چاہیئے۔شہری کو نصیحت کرتے بولی تھی۔ہمم صحیح کہ رہی ہو مجھے سدھرنا چاہئے نماز پڑھنی چاہیے زندگی کب ختم ہو کیا پتا۔

مگر زندگی کے اس سفر میں اگر تم ساتھ ہو تو مجھے غم نہیں ہے۔شہری کھوئے لہجے میں بولا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور اسے پاس آنے کا اشارہ کر دیا۔ یہاں آ کر بیٹھو۔

شہری نے عرض پیش کر دی جو کہہ قبول ہو گئی۔

شہری بھی اٹھ کر بیٹھ گیا۔ شاید اب قابو رکھنا مشکل تھا کپکپاتے ہاتھوں سے اسکے چہرے کو چھونے لگا۔

ایک وہ خود کو بے بس سمجھ رہا تھا اور دوسرا ڈر بھی تھا کہیں وہ دھتکار نا دے مگر ایسا نہیں ہوا تھا۔

شہری کی ہمت بڑھی اسنے اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں میں لے لیا اور مہر ماتھے پر لگانے لگا آیت اپنی آنکھیں بند کر چکی تھی۔ ماتھا چھوڑ کر اسکی آنکھوں پر بوسہ دے دیا اور پھر اسکی نظر اسکے ریڈ ہونٹوں پر پڑی تو اس پر جھک گیا پھر کچھ منٹ بعد اسے آزاد کر دیا۔

رات کو ملتے ہیں آرام کرو۔ شہری اسے لٹا کر خود اٹھ گیا۔ اور پیشانی پر مہر لگا کر چلا گیا۔ جبکہ آیت اسکا لمس اب بھی محسوس کر رہی تھی۔ یہ نکاح بہت عجیب چیز ہے منٹ میں کیفیت بدل جاتی ہے بے شک اس نکاح میں اللہ کی حکمتیں اور راز پوشیدہ ہیں آیت سوچ رہی تھی کمال تو یہ ہی ہے میں اپنے شوہر کی بھی پوری خدمت کروں اور اللہ کی بندگی بھی۔

آیت پر عزم ہو کر بولی تھی۔

پاپا پیسے دو۔ اسعیل صاحب راستہ روک کر دیوار بن گئے۔ کس چیز کے شہری نے اسے گود میں اٹھاتے کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پاپا ہم آپکی پارٹی میں تھے نئی ماما لانے والے تھے۔ ابراھیم نے آکر کہا۔ ارے وہ مذاق تھا۔ شہری نے جھنڈی دکھائی۔ پاپا ہمیں نہیں پتا مذاق تھا نئی ماما آگئی ہیں چلیں جیب خالی کریں عبدالقادر بھی آگیا۔

یار یہ فضول کی بحث ہے یہ سب اچانک ہوا ہے میرا کوئی موڈ نہیں تھا لانے کا۔ شہری نے انھیں بھگایا۔

پاپا پیسے دیں پلیز میں نے آپ کیلئے اپنی پارٹی چھوڑ دی تھی۔ احمد بھی آگیا۔ لو بھی پیسے۔ دس ہزار روپے شہری نے نکال کر دے ئے یہ برابر کر لینا۔ شہری نے آرڈر دیا تھینکس پاپا۔ ابراھیم بھی گود میں چھڑنے لگا تو اسمعیل نے لات اڑا دی۔ چل نکل بیٹا پہلے میرا مذاق اڑا تھا نا نکل یہاں سے اسمعیل مکا مارتے بولا تو ابراھیم نے منہ بنا لیا صحیح کہا بیٹا۔ پاپا آپ بھی روتا ہوا چلا گیا۔

ماما روتا ہوا آیا کیا ہوا بیٹا زینب نے پوچھا ماما پاپا نے ہمیں دس ہزار روپے دئے نئی ماما لانے کی خوشی میں میں گود میں چڑھنے لگا تو اسمعیل نے مجھے چڑھنے نہیں دیا اوپر سے پاپا نے بھی اسکا ساتھ دیا۔

وہ روتے ہوئے بول رہا تھا۔ میم میں نے ابراھیم خراب نہیں کیا مگر آپ نے اسمعیل کو کر دیا ہے وہ کچھ زیادہ بگڑتا جارہا ہے۔ زینب غصے سے بولی۔ ہاں یہ تو ہے مگر تمہیں کسنے کہا ہے باپ کی گود میں جاوا تنے بڑے ہوچکے ہو اور اگر جانا ہی تھا تو اسمعیل کا مذاق نا اڑاتے۔ ہبہ نے بھی جواب دینا مناسب سمجھا۔ اور شہری کو دیکھو کچھ زیادہ خوشی چڑھی ہے دس ہزار بچوں کو دے دئے۔ حجاب نے غصے سے مٹھی بھینچ لی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے نہیں دیئے ان سب نے مجھے گھیر لیا تھا۔ کہہ رہے تھے آپ کی پارٹی میں تھے پیسے دو میں نے کہا مذاق تھا اچانک ہوا ہے میرا کوئی موڈ نہیں تھا مگر یہ نہیں مانے آخر کار یہ احمد صاحب بولے پیسے نہیں ملینگے تو مخالف پارٹی ناراض ہو گی اب تو مجھے دینے ہی پڑے۔ شہری مسکرا کر بولا۔

ویسے ناممکن ہے اتنی خوبصورت لڑکی ہو اور تمہارا موڈ نا ہو حجاب کاٹ کھانے والی نظر سے بولی۔

ارے جناب میں ان لڑکیوں سے تنگ آگیا ہوں تین نمونیاں کیا کم تھی جو چوتھی بھی آگئی شہری دکھ بھرے لہجے میں بولا۔ واہ شہری لڑکیوں سے تنگ بھی ہو اور اٹھا کر بھی لے آتے ہو۔ زینب نے طنز کیا۔ وہ کیا ہے نا اس کھلے دل میں جو کہ سمندر جیسا ہے سب کیلئے جگہ شہری موڈ میں آچکا تھا۔ اور اشارہ دل کی طرف کیا تھا۔

ایک نمبر کے لوفر ہو تم۔ ہبہ غصے سے بولی۔

مجھے تم تینوں سے ڈر لگ رہا ہے کہیں تم میری معصوم حسین کنواری بیس سالہ بیگم کو مار نا دو۔ شہری دکھ بھرے لہجے میں بولا۔ وہ کیوں۔۔ حجاب حیرانی سے بولی کیونکہ وہ تم سے زیادہ حسین ہے کم عمر ہے۔ شہری آنکھ مارتے بولا۔ تو جاو اسی کے پاس یہاں کیا کر رہے ہو زینب مکا بنالیا۔ چلا جاو نگارات تو آنے دو۔ شہری مسکرا کر بولا۔ گھٹیا لوفر لفنگا بلکل شرم نہیں ہے بچے پاس کھڑے ہیں۔ بچے ابھی بچے ہیں۔ شہری نے جواب دیا۔ پاپا میں بھی دو شادیاں کرونگا احمد بولا اور میں چار

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عبدالقادر بولا۔شرم کرو تم دونوں بے وقوفوں تم سے ایک نہیں سنبھلے گی۔حجاب نے کاٹ کھانے والے انداز میں کہا۔باپ نقشے قدم پر چلو گے کیا۔زینب غصے سے دیکھتے بولی۔موم پاپا ہمیں مینج کرنا سکھائیں گے تو کیا مشکل ہو گی۔عبدالقادر صاحب بولے۔تو تم اپنے باپ کے نقشے قدم پر چلو گے۔ہبہ چیخ پڑی۔موم اس میں تو چلنا پڑیگا نا۔احمد معصوم لہجے میں بولا۔

تم میں سے جس نے بھی یہ حرکت کی اسے گھر سے نکال دونگی میں حجاب نے گھور کر کہا۔

کوئی بات نہیں بچو میں آپکو گھر بھی لیکر دونگا۔

شہری نے جلتی پہ تیل کا کام کیا۔واہ اسی لئے تو ہم کہتے ہیں پاپا سب سے اچھے ہیں تینوں بچے سوائے احمد کے شہری سے چپٹ گئے۔احمد بھائی کیا تمہیں شک ہے ابراھیم اپنے بال سیٹ کرتے بولا۔بھائی پہلے شک تھا اب تو یقین ہے احمد بھی چپٹ گیا۔جبکہ حجاب بس مٹھی بھینچ کر رہ گئی۔چلو بچو کہیں یہ ظالم عورتیں اپنے حقوق کی آڑ میں ہم پر تشدد نا کریں۔

شہری ڈرتے ہوئے سب کو لے جانے لگا۔اور پھر مڑا۔جلنے والے کا منہ۔۔۔شہری نے جملہ ادھورا چھوڑا پھر بولا

چٹا۔چٹے پر حجاب مسکرانے لگی۔ہمارے بچے اس مصیبت میں نا پڑیں۔زینب بولی۔فکر مت کرو مذاق تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہری بھی اس بات کو سمجھتا ہے جب بچے بڑے ہونگے پھر انھیں پتا چلے گا کہ شادی کیا چیز ہے بیوی رکھنا کتنا مشکل ہے ہر کوئی ہماری طرح نہیں رہ سکتا۔

ہبہ نے لیکچر دے دیا۔پر یہ عبدالقادر صاحب چار کا کیوں کہ گئے ہیں۔ حجاب حیران ہوتے بولی۔ارے بے وقوف شہری ہے وہ پورا۔احمد سے زیادہ سمجھدار ہمت حوصلے والا ہے تمنے دیکھا نہیں آیت کہ رہی تھی اس کو تم بہت اچھے اور بہت سمجھدار ہو۔زینب نے اسے خبر دار کیا۔یار یہ اپنی صلاحیت اور حوصلہ شادی کے میدان میں نادکھائیں بس۔۔۔ہبہ دعائیہ انداز میں بولی۔

ہمم صحیح کہہ رہی ہو حجاب نے بھی سر ہلادیا۔

رات کو شہری آیت کے روم میں گیا تو دیکھا وہ گھونگھٹ ڈال کر بیٹھی ہے۔شہری شاور لینے چلا گیا۔

واپس آکر اسنے دو رکعت نفل ادا کئے اور پھر چل کر آیت کے پاس آگیا۔جیب سے رنگ نکالی اور آیت کے ہاتھوں میں پہنادی۔اور پھر گھونگھٹ اٹھادیا۔

اٹھادیا۔کیسی ہو آیت۔شہری نے اسکا چہرہ اوپر کرتے کہا۔شکر ہے اللہ کا۔آیت نے جواب دیا۔مجھے معاف کردو تمہیں میں اٹھا کر لے آیا اور تمہارے گھر کا دروازہ بھی توڑ دیا مگر میں مجبور تھا ہر رات مجھے ڈر لگتا تھا کہیں تمہیں کوئی لے نا جائے۔شہری اس کے ماتھے پر مہر ثبت کرتے بولا۔جو ہو گیا سو ہو گیا میں سب جانتی ہوں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پرانی باتیں ختم کریں آپ میرا نصیب تھے مجھے اتنا پتا ہے۔ ہمم صحیح کہا۔اب آپ سدھر جائیں آگے کی تیاری کریں۔ سدھر تو جاتا ہوں مگر آگے کی تیاری کا کیا مطلب ہے شہری شرارت سے بولا۔ تو آیت مسکرا اٹھی جبکہ شہری دمبخود تھا اسکی مسکراہٹ پہلی بار دیکھ رہا تھا۔مجھے تم سے بیٹا چاہیئے ایک۔اللہ ہمیں ایک بیٹا عطا کرے۔ شہری دعائیہ لہجے میں بولا تو آیت شرم سے لال ہو گئی۔ شہری نے اسکے ماتھے پر مہر ثبت کی اور پھر اس پر اپنا پیار برسانے لگا آیت نے بھی خود کو سپرد کر دیا تھا اور پھر یہ رات اپنے اختتام کو پہنچ گئی تھی۔

چار سال بعد

ارے واہ میرا بچہ تو بڑا کیوٹ لگ رہا ہے۔ حجاب عبدالقادر کو دیکھتے بولا۔ تھینکس موم۔اور یہ تمہارا بھائی احمد کدھر ہے۔بچوں نے قرآن پاک حفظ کیا ہے اور یہ پتا نہیں کہاں ہے۔ ہبہ غصے سے بولی۔ آج اسمعیل ابراھیم نے قرآن حفظ کیا تھا اسکی تقریب تھی۔

موم اپنے بیٹے کو سنبھال کر رکھیں آج کل لڑکیاں بہت لفٹ کروا رہی ہیں اور موصوف جینز پہننے لگے ہیں۔

عبدالقادر نے خبردار کرنا چاہا۔ تو تینوں کا منہ کھل گیا۔

کونسی لڑکی موم پارک پاس ہی ہے روز پوچھتی ہیں تمہارا کھڑوس ہینڈسم بھائی کدھر ہے۔

آنے دو پوچھتی ہوں اس سے۔ حجاب مٹھی بھیچتے بولی۔ابراھیم اسمعیل نے بھی انٹری ماری۔ بہت پیارے لگ رہے ہیں میرے بچے۔ حجاب نے دونوں کے سر پر ہاتھ رکھا۔ماما زیادہ تو میں ہی لگ رہا ہوں نا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔اسمعیل بولا۔ہاں کیوں نہیں تم ہی لگ رہے ہو۔ ہبہ نے کہا۔موم کبھی میری بھی تعریف کر دیا کریں

۔ابراھیم نے آس بھری۔

ارے تم اس لوفر سے زیادہ پیارے ہو۔زینب اسمعیل کو دیکھتے بولی۔السلام علیکم۔آیت نے بھی انٹری ماری وہ اکیلی نہیں تھی بلکہ اسکے ساتھ تین سال یعقوب اور دو سالہ یوسف بھی تھا۔ارے میری جان کتنا پیار الگ رہا ہے اسمعیل نے یعقوب کو گود میں اٹھالیا۔آپ بھی اسمعیل کے گال پر کس کرتے بولا۔اسمعیل نے یوسف سے بھی کس کرنے کو کہا اور اپنا گال آگے کر دیا مگر یوسف صاحب نے اپنے دانتوں کے نشانات اس کے گال پر چھوڑ دیئے۔اوئی ماما یہ تو مخالف پارٹی ہے۔

اسمعیل اپنے گال سہلانے لگا جبکہ ابراھیم کے گال پر بڑے پیار سے کس کی تھی۔ چلو کوئی تو ایسا ہے جو تمہاری مٹی پلید کرتا ہے۔زینب اس کو چڑاتے بولی۔

موم اوئی اتنی زور سے دانت گاڑھے ہیں۔۔

ارے بیٹا ادھر آو میں سہلاتی ہوں حجاب نے اسے بلالیا۔

تھوڑی دیر بعد احمد بھی آگیا۔ارے واہ بھائی آ گئے آپ میں اور یوسف اکیلے تھے۔ابراھیم شروع ہو گیا۔

تو یہ کیا کرلیگا۔عبدالقادر چیلینج کرتے بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہیں تو میں بتاتا ہوں موم سمبھال لو اپنے بیٹے کو آیت اور حجاب کو مخاطب کرتے بولا۔

کیا ہوا پہلے تم یہ بتاؤ وہ لڑکیاں تمہارے بارے میں پوچھتی ہیں کیا چکر ہے یہ۔ حجاب آگ بگولا ہو گئی۔

موم کونسی لڑکی۔۔احمد نے سمجھی سے پوچھا۔۔عبدالقادر بتا رہا تھا تمہارا ان لڑکیوں سے بات ہے وہ تمہارا پوچھتی ہیں۔ حجاب نے مٹھی بھینچی۔ موم لو فر آپکا یہ بیٹا ہے لڑکیاں اسکے بارے میں مجھ سے پوچھتی ہیں کہ رہی تھی وہ تمہارا ڈون بھائی کہاں ہے وہ اب مجھ سے بات نہیں کرتا۔اور یہ جھوٹا مجھے پھنسا رہا ہے۔احمد غصے سے اس کو دیکھتے بولا۔

عبدالقادر بیٹا ادھر آو آیت نے بلایا۔جی ماما بیٹا مجھے پتا ہے وہ لڑکیاں تنگ کرتی ہونگی مجھے آپ پر بھروسہ ہے ۔مگر اس طرح کا مذاق اچھا نہیں ہوتا۔عبدالقادر کا کان کھینچتے بولی۔ تم دونوں جو پلان بنا رہے تھے احمد کو تنگ کرنے کا میں نے سن لیا تھا۔آیت مسکرا کر بولی۔وہ اردو سیکھ گئی تھی۔ کیا موم مذاق بھی کرنے نہیں دیتی ۔وہ آیت کو مصنوعی غصے سے دیکھنے لگا۔

حجاب عبدالقادر کی خبر لینے آگے بڑھی مگر وہ آیت کے پیچھے چھپ گیا۔ چھوڑو اسے بچہ ہے مذاق کر رہا تھا۔ آیت نے حجاب کو سمجھایا۔یہ کیسا مذاق تھا میرے بچے کو پٹوانا تھا کیا۔ ہبہ غصے سے بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور یہ پلان کسکا تھازینب اسمعیل کو گھورتے بولی تواس نے دوڑ لگادی۔موم جو بھاگا ہے اسکا ہی ہے ابرا ھیم غصے سے بولا۔یار یہ اسمعیل کب سدھیرے گا۔ہبہ افسوس سے بولی۔آپ نے ہی بگاڑا ہے زینب ہبہ کو غصے سے دیکھتے بولی۔

موم یہ تو دونوں بھائیوں کی لڑائی تھی مگر میرا آپ کو مشورہ ہے اپنے دونوں بچوں کو قابو رکھیں ورنہ لڑکیاں انکو لے اڑیں گی۔آج کل محلے میں لڑکیاں آئی ہیں بڑی بولڈ اور کیوٹ ہیں اور انکے ساتھ ایک تیرہ سال کی لڑکی ہے گڑیا ہے گڑیا۔ابرا ھیم چہکتے بولا۔موم ہم تو خود کو سنبھال لینگے مگر آپ اسکی ٹانگیں کھینچے یہ اس تیرہ سال کی لڑکی کا جس دلکش انداز میں نقشہ کھینچ رہا ہے صاف پتا چل رہا ہے اسکے دل میں کیا ہے۔احمد عبدالقادر غصے سے بولے۔پورا لوفر ہے یہ۔اسمعیل بھی آگیا۔ابرا ھیم یہ کیا ہے۔ہبہ غصے سے بولی۔موم سوری۔

ابرا ھیم نگاہ جھکا کر بولا۔آئندہ اگر ایسا کوئی مسئلہ ہوا تو میں تم سکی ٹانگیں توڑ دو نگی سمجھے تم سب۔

حجاب نے سب کو وارن کیا۔اور پھر پاپا کو بتادو نگی وہ تمہاری کمر چھیل دیگا بیلٹ سے۔ہبہ نے شہری کا نام لیا تو سب کانپ اٹھے۔موم میں نے کچھ نہیں کیا وہ لڑکی مجھ سے نام پوچھ رہی تھی میرا۔ابرا ھیم نے وضاحت دی۔اچھا اوکے۔ہبہ نے سر ہلایا۔ابرا ھیم نے اچانک چیخ ماری کیا ہوا۔زینب پریشانی سے بولی۔پیچھے دیکھا تو یعقوب نے اسکی ٹانگ پر کاٹ لیا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

واہ یار کیا کام سرانجام دیا ہے۔اسمعیل نے یعقوب کو گود میں اٹھالیا۔یار بہت تنگ کرتا ہے احمد بولا۔او بھائی یوسف نے مجھے کاٹ لیا تھا حساب برابر۔اسمعیل نے جواب دیا۔کیا چل رہا ہے یہاں پر شہری نے انٹری ماردی۔

پاپاپاپا یعقوب یوسف بھاگتے شہری سے جالگی اور شہری نے بھی انھیں اٹھالیا۔میری جان پاپا کو پاری کرو شہری دونوں سے بولا۔دونوں نے شہری کو کس کردیا۔

پاپاایت تاتی بھی تلوں۔پاپاایک کاٹی بھی کروں یوسف نے اپنی زبان میں ادا کیا۔ہمم شہری نے سر ہلادیا۔

بس پھر یوسف صاحب نے۔دانت گاڑھ دئے۔کیا کر رہے ہیں آپ بچے کو بگاڑ رہے ہیں۔آیت نے آگے بڑھ کر یوسف کو ہٹالیا۔دندی ماما۔گندھی ماما۔یوسف مکے برسانے لگا جب آیت نے نا چھوڑا تو کندھے پر کاٹ لیا۔

پاپا اس نے مجھے بھی کاٹ لیا۔اسمعیل نے دھائی دی۔

اچھا جی تمہاری بوٹی نہیں نکالی اسنے۔شہری نے زخم پے نمک چھڑک دیا۔تو سب کا قہقہ بلند ہوا۔پاپا یہ اسنے میرے پیر پر کاٹ لیا۔ابراھیم نے یعقوب کی شکایت لگائی۔تمہاری تو ہڈی نکال لینی چاہیئے۔شہری نے اسے بھی نہیں چھوڑا پھر سب ہنس پڑے۔اور شہری اپنی فیملی کو دیکھ کر خوش ہو رہا تھا اور انکی سلامتی کی دعا مانگ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رات کا وقت تھا۔ حجاب اپنے روم میں جا رہی تھی اچانک کسی نے اسے اپنی طرف کھینچا۔ وہ جانتی تھی یہ گستاخی ایک ہستی کر سکتی ہے۔ آپ تو آیت کے پاس جانے والے تھے۔ اس سے پہلے وہ بولتی شہری اسے گود میں اٹھا کر روم میں لے آیا۔ خاموش مجھے بہت زہر لگتے ہیں وہ لوگ جو میرا معاملہ خراب کرتے ہیں۔

جان من جان جگر شہری نے اسکے ماتھے پر مہر لگا دی۔ شہری ایک بات پوچھوں ہاں پوچھو۔ سب سے زیادہ پیار کس سے کرتے ہو۔ حجاب نے پوچھا۔ نہیں بتا نہیں سکتا۔

زیادتی ہو جائیگی۔ پلیز شہری میں کسی کو نہیں بتاؤنگی۔ اچھا شہری نے اسے اپنے قریب کیا اور اسکے چہرے کو بغور دیکھنے لگا اور پھر اسکے چہرے پر پیار کی برسات کر دی اور آخر میں اپنی پسندیدہ جگہ پر

آ کر رک گیا اور تل پر مہر لگا دی اور حجاب آنکھیں بند کر چکی تھی۔ اس تل والی سے مجھے سب سے زیادہ محبت ہے اور عبدالقادر سے۔ کیونکہ تم دونوں نے بہت تکلیف اٹھائی ہے حجاب سب سے زیادہ میں تمسے محبت کرتا ہوں مگر یہ بات باہر نہیں جانی چاہیئے۔

تم چاروں کا ایک الگ مقام ہے جو دوسرا نہیں لے سکتا۔

میں آیت کی عزت سب سے زیادہ کرتا ہوں اور ہبہ زینب سے میرا سب سے اچھا ٹائم گزرتا ہے۔ پھر شہری نے اسے ہگ کر لیا تمہیں بہت تکلیف دی میں نے معاف کر دینا۔

جی وہ پرانی بات ہے۔ شہری نے چھوڑا اور جانے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہاں جا رہے ہیں حجاب حیرانی سے بولی۔ آیت کی طرف۔ شہری کہتے ہی نکل گیا۔

آیت کے روم کو نوک کیا مگر دروازہ نہیں کھلا۔ آیت دروازہ کھولو۔ شہری بولا مگر جواب ندارد۔ شہری پریشان ہوا فوراً جیب سے چابی نکالی اور روم کھولا۔

اندر آیا تو وہ تیکھی نگاہوں سے دیکھ رہی تھی۔ یار تم یہاں بیٹھی میں روم نوک کر کے تھک گیا۔ شہری بولا۔

کیوں آئے ہیں یہاں جس سے پیار کر رہے تھے اسی کے پاس جائیں۔ آیت نے انگلی سے اشارہ کیا۔ میں کچھ سمجھا نہیں ہوں اور تمہارے پاس ہی آیا ہوں۔ شہری نے حیرانی سے کہا۔ ابھی آپ حجاب کے پاس سے نہیں آرہے۔ آیت نے نظریں پھیر کر کہا۔ ایم سوری۔ شہری شرمندہ ہو کر بولا۔ پہلے تو تم بھاگتی تھی اتنا خوار کیا تھا مجھے اب اتنا غصہ شہری بیڈ پر آگیا۔ شہریار یک بات یاد رکھو اس وقت کی بات اور تھی مگر جب میں بیوی بن گئی تو پورا حق ہے میرا لڑکی کوئی بھی اپنے شوہر کا حق نہیں دیتی جب میرا ٹائم تھا تو سیدھا میرے پاس آنا تھا نا کہ بیچ میں کسی اور کے ساتھ۔ میں یہ برداشت نہیں کرونگی۔ آیت اکھڑ انداز میں بول رہی تھی اردو زبان عربی لہجے میں اس پر خوب جچ رہی تھی۔ سوری آئندہ نہیں ہوگا وعدہ ہے۔ ویسے بیوی ہوتی ظالم ہی ہے لڑکی مجھ سے سولہ سال چھوٹی ہے مگر روب تو ایسے جما رہی ہے سولہ سال بڑی ہو۔ شہری دکھ بھرے لہجے میں بولا اور پھر اسے خود میں سمو لیا اور آیت بھی اپنا آپ اسکے سپرد کر چکی تھی۔۔

ختم شد

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel